علمی وتحقیقی مجلہ

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣعَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ (القرآن)

البصیرۃ
ششماہی

ایچ ای سی سے منظور شدہ

جلد ۵ شمارہ ۱ (جون ۲۰۱۶ء)

شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

بسم الله الرحمن الرحيم

علمی و تحقیقی مجلّہ

البصیرۃ

ششماہی

ISSN: 2222-4548

جلد:۵ شمارہ:۱

جون ۲۰۱۶ء

سرپرست اعلیٰ:

میجر جنرل (ر) ضیاء الدین نجم

ہلال امتیاز (ملٹری) ریکٹر، نمل

سرپرست:

بریگیڈئر ریاض احمد گوندل

ڈائریکٹر جنرل، نمل

مدیر:

ڈاکٹر سید عبدالغفار بخاری

شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد، پاکستان

ناشر: شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

طباعت: نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

جلد:۵ **شمارہ:۱**

جون ۲۰۱۶ء

تعداد: ۲۰۰

قیمت: اندرون ملک:=/ ۳۰۰ روپے بیرون ملک:=/ ۱۰ ڈالر

معاونین:

- **ڈاکٹر نور حیات**
- **ڈاکٹر حافظ راؤ فرحان علی**
- **ڈاکٹر ارم سلطانہ**

خط و کتابت کے لئے ... البصیرۃ

ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری

مدیر، مجلہ

شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

Ph: 0092 051-9265100EXT (2210)

E-mail: al-basirah@numl.edu.pk

Web-site: www.numl.edu.pk

فہرست موضوعات

ادارتی پالیسی	V
مقالہ کی اشاعت کیلئے قواعد وضوابط	Vi
مجلسِ ادارت (قومی و بین الاقوامی)	viii
مجلسِ مشاورت	ix
شرکاء مقالہ نگار	X
اداریہ	Xi

اردو مضامین

فتویٰ کا اسلامی منہج : مجموع فتاویٰ ابن تیمیہ کے تناظر میں ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن	1
رسالہ اور مدیر: مکاتیب شبلی کا مطالعہ (معاصر مدیران کے لئے رہنما اصول) ڈاکٹر محمد عبد اللہ	23
اسلامی مملکت کے بین الاقوامی تعلقات (عصر حاضر کے تناظر میں) فرید الدین طارق	41
تمسکات میں سرمایہ کاری اور اس کی شرعی حیثیت (تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ) ڈاکٹر محمد الیاس / ڈاکٹر حافظ راؤ فرحان علی	63
نبی کریم ﷺ کا منہج اصلاح (مکی دور کے تناظر میں) سید محمد شاہد ترمذی	89
استنباطِ احکام میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا منہج (قرآن کریم کی روشنی میں) عائشہ صنوبر	109

عربی مضامین

❁ علاقة التربية بالتعليم والأسوة الحسنة 125

د.عبد الحميد خرّوب

❁ النورسي ومعالجته النقدية الايجابية البناءة للقضايا 149

د.أشرف عبد الرافع الدرفيلي

❁ اعتناء المستشرقين بالواقدي وكتابه "المغازي"دراسة تحليلية 171

د.عبد الصمد شيخ/أ.د.فتح الرحمن قرشي

❁ عناية أئمّة النّقد الحديثي بفقه الحديث 185

د.نورة محمّد زواي

❁ منهجية الاشتقاق في اللغة العربية 205

د.نصيحت بی بی/ حافظ محمد ابرارالله

❁ الروايات التاريخية الأندلسية بين الفن والواقع 221

غزاله شاهين

انگریزی مضامین

❁ Sulaym□n bin M□sá Al-Kal□‘□ as S□rah writer (An introduction and research analysis) 1

Hafiz Muhammad Arshad Iqbal

❁ Importance of the Evidence of DNA (In perspective of Islamic Jurisprudence) 19

Dr. Altaf Hussain Langrial
Muhammad Muslim

❁ Social Welfare in the Religions of the Subcontinent: A Critical Study 39

Dr. Atiq ur Rahman

البصیرۃ: ادارتی پالیسی

- البصیرۃ خالصۃً اسلامی علوم وفنون سے وابستہ تحقیقی مجلہ ہے۔جو علمی و تحقیقی دنیا کے لئے نمایاں نوعیت کا حامل ہے۔ اس میں شائع ہونے والے مقالات کے متعلق ادارتی پالیسی حسب ذیل ہے:
- البصیرۃ میں شائع ہونے والے مقالات کے موضوعات علوم القرآن،علوم الحدیث، علم فقہ واصول فقہ، تقابل ادیان، علم کلام وتصوف، فلسفہ، سائنس، ادب، معاشیات، عمرانیات، سیاسیات، ثقافت وتمدن ،عربی زبان وادب اور اسی طرح مسلم شخصیات اور اسلامی موضوعات پر لکھی جانے والی کتب (تبصرہ وتعارف) وغیرہ سے متعلق ہونے چاہیئں۔
- البصیرۃ ایک ششماہی رسالہ ہے یعنی سال میں دو مرتبہ (جون اور دسمبر میں) شائع ہو گا۔
- البصیرۃ میں اشاعت کی غرض سے بھیجے گئے مقالات کا تجزیہ دو منظور شدہ ماہرین سے کروایا جائے گا۔ جس میں ایک تبصرہ نگار ملکی اور دو غیر ملکی ہوں گے۔
- البصیرۃ کی اشاعت کے سلسلہ میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے جملہ قوانین وضوابط لاگو ہوں گے۔
- البصیرۃ میں مقالہ کی اشاعت کے حوالے سے ادارتی بورڈ کا فیصلہ حتمی ہو گا۔
- البصیرۃ کی ادارتی مجلس کو ارسال کیے گئے مقالات میں ضروری ترامیم، تنسیخ وتلخیص کا حق حاصل ہو گا۔ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ کاروں کی رائے، نیز مقالہ میں مطلوب کسی تبدیلی سے متعلق آگاہ کرے گا۔
- البصیرۃ ادارہ کا مقالہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں، مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مجلس ادارت یا نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد پر نہیں، بلکہ مقالہ نگار پر ہو گی۔
- البصیرۃ کو موصول مقالات (شائع ہونے یا نہ ہونے) کسی صورت میں واپس نہیں کئے جائیں گے۔
- البصیرۃ کی دو عدد کاپیاں شرکاءِ مقالہ نگاروں کو فراہم کی جائیں گی۔

البصیرۃ میں مقالہ کیلئے قواعد و ضوابط

عمومی قواعد:

۱۔ مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز اور طوالت ۲۵ صفحات سے زائد نہیں ہونی چاہیے۔

۲۔ کمپوزنگ کے سلسلے میں درج ذیل فانٹس کا خیال رکھا جائے:

(i) فصل یا مبحث کے لئے فانٹ سائز: ۱۸

(ii) ذیلی فصول کے لئے فانٹ سائز: ۱۶

(iii) مقالے کے متن کے لئے فانٹ سائز: (اُردو اور عربی: ۱۴، انگلش: ۱۲)

(iv) حواشی فانٹ سائز: (اُردو اور عربی: ۱۲، انگلش: ۱۰)

۳۔ مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ نہ ہو اور نہ ہی کسی اور جگہ اشاعت کے لئے دیا گیا ہو۔

۴۔ مقالہ تحقیق کے اصولوں کے عین مطابق ہونا چاہیے۔ نئی تحقیق پر مبنی اور علمی سرقہ سے خالی ہو۔ نیز مقالہ بنیادی مصادر کے حوالوں سے مزین ہونا چاہیئے۔

۵۔ املاء و انشاء کے رموز و قواعد کا التزام ضروری ہے۔

۶۔ مقالہ کی تین مطبوعہ کاپیاں (Hard copies) اور ایک سافٹ کاپی مطلوب ہو گی۔

۷۔ مقالہ نگار دو سو پچاس (۲۵۰) الفاظ پر مشتمل اپنے مقالہ کا ملخص بحث (Abstract) انگریزی زبان میں مقالہ کے ساتھ فراہم کرے گا۔

۸۔ مقالہ اردو، عربی اور انگریزی زبان میں لکھا جا سکتا ہے۔

۹۔ اغلاط سے حتیٰ الامکان اجتناب کیا جانا چاہیئے۔

ترتیب و تدوین کے قواعد:

تحقیقی مقالہ درج ذیل امور پر مشتمل ہونا چاہیے:

۱۔ **خلاصہ (Abstract)**

اس میں بالاختصار مضمون کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ اور یہ انگریزی زبان میں لکھنا ہو گا۔

۲۔ **تعارف (Introduction)**

تحقیق کا مقصد، طریقہ کار، امتیازی خصائص اور مقالے کا تعارف مختصراً پیش کیا جانا چاہیے۔

۳۔ **کلیدی الفاظ(Keywords)**

مقالے سے متعلق موضوع کی مناسبت سے پانچ کلیدی الفاظ شامل کیجیے۔

۴۔ **نتائج(Conclusion)**

مقالہ میں نتائج بحث منطقی ترتیب و تسلسل کے ساتھ پیش کرنے چاہییں۔

۵۔ **بحث(Discussion)**

مقالہ کے اس حصے میں مقالہ نگار اپنے تحقیق سے متعلقہ مواد تفصیلاً پیش کرے گا۔

۶۔ **حوالہ جات(References)**

حوالہ جات دینے کے لئے درج ذیل ہدایات ملحوظ رکھنی چاہییں:

i) حوالہ جات بحث کے ہر صفحہ پر دیئے جائیں۔

ii) مقالہ کے حواشی اور حوالہ جات کی ترتیب میں شکاگو مینوئل سٹائل(Chicago Manual Style) کو بروئے کار لایا جائے۔

iii) کتاب کا حوالہ دیتے وقت مصنف کا معروف نام، کتاب کا مختصر نام، ناشر اور مقام اشاعت، سن اشاعت وغیرہ اور اس کے بعد / کے دائیں طرف جلد اور بائیں طرف صفحہ نمبر درج کریں۔ مثلاً

ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، دار صادر، بیروت، ۱۳۵۴ھ، ۲/ ۳۱۲

iv) ایک ہی حوالہ متعدد جگہوں پر دینا مقصود ہو تو اختصار کے اسلوب تحقیق میں معروف رموز واشارات کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

v) مقالہ میں موجود تمام قرآنی آیات عربی رسم الخط میں تحریر ہونی چاہییں۔ آیات کا حوالہ دینے کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا جائے۔ مثلاً **سورۃ النساء: ۴/ ۱۸۴**

vi) تمام احادیث کی تشریح کریں اور اُس کے لئے درج ذیل مثال کو مد نظر رکھیں:

البخاری، الجامع الصحیح، کتاب العلم، باب إفشاء السلام من الإسلام، دار السلام، ریاض، ۱۴۱۲ھ، حدیث نمبر: ۲۹، ۱/ ۸

vii) مقالہ میں مذکور تمام غیر معروف شخصیات کا مختصر تعارف کروائیں اور اس ضمن میں علم الرجال اور الطبقات کی کتب سے حوالہ جات دیں۔

مجلس ادارت:

(قومی)

- پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم چوہدری، سابق وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا
- پروفیسر ڈاکٹر سہیل حسن، ڈائریکٹر دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی، ڈین کلیہ عربی و علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر معراج الاِسلام ضیاء، ڈین کلیہ اورینٹیل اسٹڈیز، پشاور یونیورسٹی، پشاور
- پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق، ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر عبد الرؤف ظفر، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، سرگودھا یونیورسٹی، لاہور کیمپس
- پروفیسر ڈاکٹر حماد لکھوی، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- پروفیسر ڈاکٹر دوست محمد، ڈائریکٹر شیخ زاید اسلامک سنٹر، پشاور یونیورسٹی، پشاور

(بین الاقوامی)

- پروفیسر ڈاکٹر احمد یوسف درویش، صدر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر صہیب حسن، سیکرٹری شریعہ کونسل، لندن، برطانیہ
- پروفیسر ڈاکٹر محمد حفیظ ارشد، ڈائریکٹر ہائر لرننگ سنٹر، لندن، برطانیہ
- پروفیسر ڈاکٹر خادم حسین الٰہی بخش، طائف یونیورسٹی، سعودی عرب
- پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبد الوحید، ڈائریکٹر عبد الحلیم قرآنک انسٹیوٹ، امریکہ
- پروفیسر ڈاکٹر احمد بن مشعل الغامدی، ام القری یونیورسٹی، سعودی عرب
- پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد، ڈائریکٹر التذکیر سوسائٹی، آسٹریلیا
- پروفیسر ڈاکٹر برکات دیب، ازہر یونیورسٹی، قاہرہ، مصر

مجلس مشاورت:

- پروفیسر ڈاکٹر فتح الرحمن القرشی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر تاج الدین ازہری، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، ہائی ٹیک یونیورسٹی، ٹیکسلا
- پروفیسر ڈاکٹر فضل ربی، چیف ایسوسی ایٹس اکیڈیمکس، فاونڈیشن یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر عبد الحمید عباسی، صدر شعبہ قرآن وتفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر مستفیض علوی، شعبہ علوم اسلامیہ، لاہور لیڈز یونیورسٹی، لاہور
- پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی، چیئرمین شعبہ فکر اسلامی وثقافت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر محمد سجاد، صدر شعبہ اسلامی فکر وتاریخ وثقافت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر محمد عبد اللہ، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- پروفیسر ڈاکٹر عبد العلی اچکزئی، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ
- پروفیسر ڈاکٹر طاہر محمود، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر از کیا ہاشمی، ڈین کلیہ آرٹس وصدر علوم اسلامیہ ومطالعۂ مذاہب، ہزارہ یونیورسٹی
- ڈاکٹر محمد الیاس، شعبہ حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر حافظ عبد القیوم، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- ڈاکٹر مرسل فرمان، شعبہ علوم اسلامیہ ومطالعہ مذاہب، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
- ڈاکٹر محمد ریاض وردگ، سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ ومطالعۂ مذاہب، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
- ڈاکٹر خلیق الرحمان، شعبہ اسلامی فکر وتہذیب، یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور
- ڈاکٹر حضرت عمر، شعبہ انگلش، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویج اسلام آباد

شرکاء مقالہ نگار

- ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، انجینئرنگ یونیورسٹی، لاہور
- ڈاکٹر محمد عبد اللہ، چیئرمین شعبہ اسلامیات، پشاور یونیورسٹی، پشاور
- فرید الدین طارق، پی ایچ۔ڈی سکالر فیکلٹی آف سوشل سائنسز یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو ئجز، اسلام آباد
- ڈاکٹر محمد الیاس، اسسٹنٹ پروفیسر فیکلٹی آف اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر حافظ راؤ فرحان علی، لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو ئجز، اسلام آباد
- سید محمد شاہد ترمذی، لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو ئجز، اسلام آباد
- عائشہ صنوبر، لیکچرر، شعبۂ اسلامک لاء، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر عبد الحمید خروب، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر اشرف عبد الرافع الدر فیلی، اسسٹنٹ پروفیسر، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر عبد الصمد شیخ، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر فتح الرحمن القرشی، صدر شعبہ علوم حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر نورہ محمد زاوی، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر نصیحت بی بی، پی ایچ، ڈی، عربی، یونیورسٹی آف پشاور
- حافظ محمد ابرار اللہ، پی ایچ۔ڈی سکالر، شیخ زاید اسلامک، سنٹر یونیورسٹی آف، پشاور
- غزالہ شاہین، لیکچرار، شعبہ عربی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- حافظ محمد ارشد اقبال، لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، مظفر آباد
- ڈاکٹر الطاف حسین لنگریال، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاء الدین ذکریا، یونیورسٹی، ملتان
- محمد مسلم، ایم فل سکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
- ڈاکٹر عتیق الرحمن، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، انجینیئرنگ یونیورسٹی، لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اداریہ

دین اسلام کو ابدی طور پر یہ انفرادیت احاصل ہے کہ علم و تحقیق اس کا نقطہ آغاز ہے۔ قرآن حکیم نے جابجا علم و تحقیق، تفکر و تدبر کا حکم دیا ہے اور یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ عالم اور جاہل برابر نہیں ہو سکتے۔ معلم اول جناب نبی کریم ﷺ نے جب اس کی تشریح فضائل کے جلو میں اپنے صحابہ کو سنائی اور سمجھائی تو عمر بن خطابؓ، علی المرتضیٰؓ، زید بن ثابتؓ، ابی ابن کعبؓ، عبد اللہ بن عباسؓ، عبداللہ بن مسعودؓ جیسی جلیل القدر شخصیات منصہ شہود پر آئیں۔ مدارس قائم ہوئے تو امام ابو حنیفہ و امام مالک، امام شافعی و امام حنبل، ابن مسیب و نخعی، عطاو عکرمہ، مجاہد و قتادہ رحمۃ اللہ علیہم جیسے شاگردوں کی فصلیں لہلہائیں جس سے نہ صرف عالم عرب بلکہ عجم تک معطر و معنبر ہوا۔

علم و تحقیق چونکہ وہ کسوٹی اور معیار ہے جو امور جہانبانی کی تفویض میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ وہ اقوام عالم جو اس سے اپنا تعلق جوڑتی ہیں، قیادت و سیادت بھی ان کا مقدر بن جاتی ہے لہٰذا اصحابہ کرام اور ان کے بعد کے مسلمانوں نے جب علم و تحقیق کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنایا تو دیکھتے ہی دیکھتے وہ ملتان سے لیکر جنوبی فرانس تک سوا کروڑ میل پر چھا گئے اور ایک ہزار برس تک علم و تحقیق کے میدان میں ان کا طوطی بولتا رہا۔ اس زمانے میں انہوں نے جاہل اور وحشیوں کو عالم و فاضل بنایا، خداوندِ عالم سے بیگانہ کرنے والے علوم کی تطہیر کی اور نئے علوم کی بنیاد رکھ کر انہین اوجِ کمال تک پہنچایا انہی کی محنتوں برکتوں سے دنیائے اسلام میں غزالی و رازی، ابن سیناو فارابی، ابن الہیثم و جابر جیسے جلیل القدر علماء کرام کے گراں قدر کارنامے معرض وجود میں آئے۔ جنہوں نے منطق و فلسفہ، نجوم و فلکیات، ادبیات و لسانیات، کیمیا و ریاضیات، حیاتیات و طبعیات پر معرکۃ الآراء کتب وراثت میں چھوڑیں۔ آج کے یورپ کی چکاچوند ترقی جس نے مسلمانوں کی دیدوں کو خیرہ کر کے انہیں احساس کمتری میں مبتلا کر دیا ہے، انہی بزرگوں کی مرہون منت ہے جنہوں نے اپنے خونِ جگر سے باغِ علم کو شب و روز سینچا ہے۔ یورپ انہی بزرگوں کی علمی خدمات سے صدیوں

استفادہ کرتا رہا ہے اور اس مقام تک پہنچا کہ اب باگ ڈور اسی کے ہاتھ میں ہے جبکہ مسلمان اس وقت انحطاط کے پست ترین دور سے گزر رہے ہیں اس لئے کہ انہوں اس میراث نبوی سے اعراض کیا ہے جس پر عروج کی لازوال عمارت استوار ہے مسلمان اگر آج پھر سے شان وشوکت چاہتے ہیں تو انہیں اس میراث سے پھر تعلق جوڑنا پڑے گا اسی میں انکی فلاح اور اسی میں ان کی بقاء کا راز مضمر ہے۔ جامعہ نمل کا شعبہ علوم اسلامیہ اس ضرورت کا احساس رکھتا ہے جو دامے، درمے، سخنے اپنی حیثیت بشری کے مطابق علم و تحقیق کی ترویج میں کردار ادا کر رہا ہے۔ علمی و تحقیق مجلہ البصیرہ اسی سلسلے کی درخشندہ کڑی ہے جس میں رنگ و نسل، مسلک ومشرب کے تعصبات سے بالاتر ہو کر قرآن وحدیث تاریخ و تہذیب مذہب وادیان فقہ و قوانین پر اہل علم کے تحقیقی مقالات شائع کئے جاتے ہیں۔

البصیرۃ علوم اسلامیہ میں تحقیق کے معیار کی از حد بہتری کا خواہش مند رہتا ہے جس کا بنیادی مقصد تحقیق میں بین الاقوامی معیار کا حصول ہے۔ اسی مقصد کے پیش نظر دو بیرونی ممالک سے پیئر ریویو (Peer Review) کروایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں مجلے کے فونٹ اور سائز میں بہتری کی کوشش کی گئی ہے نیز سرِ ورق کو بھی دیدہ زیب بنایا گیا ہے۔ شمارہ ہذا منتخب کردہ پندرہ تحقیقی مقالات کو شامل کیا گیا ہے، جن میں چھ اردو، چھ عربی اور تین انگریزی مقالات ہیں جو کہ درحقیقت مختلف شعبہ جات سے وابستہ بہترین اسکالرز کی تحقیقی کاوشوں کا ثمر ہیں۔

ادارہ البصیرۃ ان مقالہ نگار کا شکر گزار ہے جنہوں نے شبانہ روز کی محنتوں سے علم وتحقیق کے سہ پاروں کو تشکیل دیا ہے آخر میں ادارہ کی جانب سے شرکاءِ مقالہ ،اساتذہ، محققین، معاونین، کاتبہ دل سے شکریہ اور امید کے وہ میراث نبوی کی اس تقسیم میں پر خلوص تعاون کے سلسلے کو جاری و ساری رکھیں گے۔ رب العالمین سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کی کوششوں کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطاء فرمائے اور ہم سب کے لئے ذریعہ نجات بنائے۔ آمین

ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری

مدیر البصیرۃ

فتویٰ کا اسلامی منہج: مجموع فتاویٰ ابن تیمیہ کے تناظر میں

Islamic Methodology of Fat□w□

(In the perspective of Majm□‘ Fat□w□ Ibn Taymiyyah)

ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن*

ABSTRACT

Im□m Ibn Taymiyyah is a well-known scholar of Muslims. He was an ocean of knowledge and wisdom. His books prove his excellence He was born in 661 Hijrah in *Harr□n* (Syria). He learned every kind of knowledge especially religious knowledge i.e knowledge of Qur’□n, Tafs□r, Had□th, Fiqh, Jurisprudence, philosophy, inheritance law, mathematics, grammar, literature, and poetry etc. He wrote hundreds of books about the above mentioned fields. He was permitted to give *Fatw□* (verdict) in his early age. He was successful in achieving the position of *Ijtih□d* (authoritative interpretation of Islamic Law).

Ibn Taymiyyah Studied the Profound Books of religions and sects. Then he analyzed the works in the light of senior Imams and Qur□n and Sunnah. He is an extra ordinary person in his knowledge and writings. In brief we can say the fatw□s of Imam *Ibn Taymiyyah* have printed in thirty seven volumes. His first ratiocination in Fatwa is from the Holy Qur□n.

He presents the arguments from the Hadith and Sunnah of the Holy Prophet (S.A.W).He considered *Ijm□‘* (consensus of Muslim opinion) as a proof of *Shar□‘ah*. He presents the point of view of various schools of thought, He trusted in the books of ancient scholars. He also answers the anticipating ambiguity and complication. A few of his fatwas begin with all praise to Allah. His fatw□s are concordant with the life of the Muslims.

In this article a deep study of fatwa of *Ibn Taymiyyah* has been taken as a guideline for fatwa in Islamic methodology.

Keywords: *Ibn Taymiyyah, Majm□‘ Fat□w□, Methodology, Ratiocination, Ijm□‘, anticipating ambiguity.*

---

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، انجینئرنگ یونیورسٹی، لاہور

امام ابن تیمیہ ۱۰ ربیع الاول ۶۶۱ھ حران (شام کا ایک مقام) میں پیدا ہوئے۔ ان کا نام احمد رکھا گیا، ابو العباس ان کی کنیت اور تقی الدین لقب تھا۔(۱) ان کے خاندان کی ایک بزرگ عورت جو بڑی صالحہ اور واعظہ تھی، اس کا نام تیمیہ تھا۔ اسی نسبت سے خاندان کا نام ابن تیمیہ مشہور ہو گیا۔(۲)

۱- امام ابن تیمیہ نے عربی ادب، صرف و نحو، معانی و بیان و بدیع، تفسیر، حدیث، فقہ، اصول، فرائض، حساب، جبر و مقابلہ، اقلیدس، فلسفہ، کلام اور منطق وغیرہ کی کتابیں مختلف اساتذہ وقت سے پڑھیں مگر ان فنون کی زیادہ تر کتابیں ذاتی مطالعہ اور غور وخوض کے ذریعے حل کیں۔(۳) ان سے دریافت کیا جاتا تو دیکھنے والا یہ خیال کرتا کہ کوئی بھی ان جیسا علم نہیں رکھتا۔(۴) آپ نے عقائد حدیث، تفسیر، فقہ، تصوف اور دیگر بہت سے علوم کے بارے میں کثیر کتب تالیف کی ہیں۔ عقائد میں آپ نے بتیس کتب تالیف کیں، فقہ میں بائیس کتب، تصوف پر نو کتب، جدل اور دیگر فنون میں چار کتب، حدیث میں دو کتب اور تفسیر میں پانچ شامل ہیں۔(۵) مزید بر آں امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے کئی کتب و رسائل تصنیف کیے۔(۶) آپ کی وفات حران میں عید الفطر کے دن ہوئی۔(۷)

آپ کے شاگرد حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "آپ ۷۲۸ھ میں دمشق کے قید خانے میں فوت ہوئے"۔(۸)

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے کتب مذاہب کا گہرا مطالعہ کیا اور متاخرین کی تصنیفات کے بجائے متقدمین کی تصنیفات کی طرف رجوع کیا اور پھر تمام ائمہ کبار کے اقوال و آراء کو کتاب و سنت کی روشنی میں جانچا اور پرکھا۔(۹) ان کا نقطہ نظر یہ تھا کہ اگر کوئی مفتی اپنے اجتہاد اور اپنی بصیرت کی بنا پر کسی ایسے قول کی تائید کر رہا ہے جو اپنے امام کے مشہور مسلک کے خلاف ہے تو وہ گویا اپنے ہی امام کے حکم کی پیروی کر رہا ہے۔ کیونکہ ہر ایک امام کا یہی قول تھا کہ جب

---

(۱) محمد یوسف کوکن عمری، امام ابن تیمیہ، عبد السلام،، علامہ، نعمان پبلیکیشنز، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور، ط:۲۰۱۴ء، ص:۵۳۳

(۲) مولانا محمد داؤد راغب رحمانی، ابن تیمیۃ، عبد السلام، ابو البرکات، منتقی الاخبار، (مترجم)، دار الدعوۃ، شیش محل روڈ، لاہور، ط:۱، ۱۹۸۲ء، ۱/۳۳

(۳) ایضاً، ۸۷

(۴) امام ابن تیمیہ، تقی الدین، التفسیر الکبیر، دار الکتب العربیۃ، بیروت، لبنان، ط:۱، ۱۹۸۸م، ۱/۴۲

(۵) التفسیر الکبیر، ۱/۵۶، ۵۹

(۶) دائرہ معارف اسلامیہ، رجسٹرار، دانش گاہ پنجاب، ط:۱۹۸۶ء، ۱/۴۵۵-۴۵۸

(۷) الذھبی، شمس الدین محمد بن احمد، سیر اعلام النبلاء،، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، لبنان، ط:۲، ۱۴۰۲ھ، ۱۹۸۲ء، ۳/۲۹۳

(۸) ابن کثیر، عماد الدین، البدایۃ والنہایۃ، نفیس اکیڈمی، اردو بازار، کراچی، ط:۱، ۱۹۸۹ء، ۱۴/۱۵۸
جبکہ امام ذہبی نے آپ کا سن ولادت ۵۹۰ھ اور سن وفات ۶۵۲ھ لکھا ہے۔ (سیر اعلام النبلاء: ۲۳/۲۹۱، ۲۹۳)

(۹) امام ابن تیمیہ، ۵۳۳

صحیح حدیث مل جائے تو پھر ہمارے قول کو ترک کر دو۔ (۱)

فتویٰ کا مفہوم

فتوی کا لغوی معنی: چیز کے بارے میں حکم کو واضح کرنا ہے، چنانچہ المعجم الوسیط میں ہے:

"(أفتى) فى المسألة: ابان الحكم فيه" (۲)

ترجمہ: اس نے مسئلے کے بارے میں فتویٰ دیا یعنی اس کے بارے میں حکم کو واضح کیا۔

فیروز آبادی لکھتے ہیں:

"افتاه فى الأمر ابان له والفُتيا والفتوى و تُفتح ما افتى به الفقيه" (۳)

ترجمہ: اس نے اسے کسی حکم کے بارے میں فتویٰ دیا یعنی اس کے لیے واضح کیا۔

اسی طرح فتیا اور فتویٰ کے الفاظ ہیں، اور فقیہ جس چیز کا فتویٰ دیتا ہے وہ چیز کھل جاتی ہے۔ "افتاه فى الامر" کا معنی ہے: "ابان له" یعنی اس نے اس کے لیے (حکم کو) واضح کر دیا۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ "افتى الرجل فى المسئلة، و استفتيته فيها فافتانى افتاء" یعنی آدمی نے مسئلے کے بارے میں فتویٰ دیا، اور میں نے اس سے اس مسئلے کے بارے میں فتویٰ دریافت کیا تو اس نے مجھے بھرپور فتویٰ دیا۔

راغب اصفہانی فتویٰ کے اصطلاحی معنیٰ بیان کرتے ہیں:

"الفُتيا والفتوى: الجواب عما يُشكل من الاحكام ويقال: استفتيته فأفتاني" (۴)

ترجمہ: فتیا اور فتویٰ مشکل احکام کے بارے میں دیے جانے والے جواب کو کہتے ہیں چنانچہ کہا جاتا ہے کہ میں نے اس سے فتویٰ دریافت کیا تو اس نے مجھے فتویٰ دیا

ابن منظور فتویٰ کے اصطلاحی معنیٰ کے بارے میں لکھتے ہیں:

"الفُتيا تبيين المشكل من الاحكام" (۵)

ترجمہ: فتویٰ سے مراد مشکل احکام کی وضاحت کرنا ہے۔

قرآن مجید میں "فتی" کے بہت سے مشتقات استعمال ہوئے ہیں۔

---

(۱) امام ابن تیمیہ، ۵٦٦

(۲) ابراهیم مصطفی، المعجم الوسیط، دار الدعوۃ، ۲/ ٦٧٣

(۳) ابن منظور الافریقی، لسان العرب، دار المعارف مصر، ۵/ ۳۳۴۸

(۴) الاصفہانی، حسین بن محمد الراغب، المفردات، المکتبۃ المرضویۃ، ایران، ۳۷۳

(۵) لسان العرب، ۱/ ٦٢۵

ارشاد باری تعالی ہے۔

﴿وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ﴾ (۱)

ترجمہ:اور وہ آپ سے عورتوں کے بارے میں فتویٰ پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے! اللہ تمھیں ان کے بارے میں فتویٰ دیتاہے:

نیز ارشاد ہے۔

﴿يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ ﴾ (۲)

ترجمہ:اور وہ آپ سے فتویٰ پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے! اللہ تمھیں کلالہ کے بارے میں فتویٰ دیتاہے۔

﴿ أَفْتُونِي فِي رُؤْيَايَ ﴾ (۳)

ترجمہ:میرے خواب کے بارے میں مجھے فتویٰ دو۔

﴿ فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمْ مَنْ خَلَقْنَا﴾ (۴)

ترجمہ:تو ان سے پوچھیے کیا ان کا بنانا مشکل ہے یا جتنی مخلوق ہم نے بنائی ہے اس کا؟

بہت سی احادیث مبارکہ میں بھی یہ لفظ استعمال ہوا ہے۔ مثلاً:

((وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي صَدْرِكَ، وَإِنْ أَفْتَاكَ عَنْهُ النَّاسُ)) (۵)

ترجمہ: گناہ وہ ہے جو آپ کے سینے میں کھٹکے، اگرچہ لوگ آپ کو اس کے حق میں فتویٰ ہی کیوں نہ دے دیں۔

فقہاء کے نزدیک "فتویٰ" سے مراد شرعی دلائل کے تقاضے کے مطابق اللہ تعالیٰ کے حکم کو بیان کرنا ہے۔

علامہ شاطبی لکھتے ہیں کہ "مفتی امت میں نبی ﷺ کے قائم مقام ہے کیونکہ علماء انبیاء کے وارث ہیں اور انبیاء نے درہم و دینار کا وارث نہیں بنایا بلکہ علم کا وارث بنایا ہے"۔ (۶)

---

(۱) سورۃ النساء:۴/۱۲۷

(۲) ایضاً:۴/۱۷۶

(۳) سورۃ یوسف:۱۲/۴۳

(۴) سورۃ الصّٰفّٰت:۳۷/۱۱

(۵) احمد بن محمد، مسند احمد بن حنبل، المکتب الاسلامی، بیروت، ط:۲، ۱۹۷۸ء، ۴/۲۲۷

(۶) شاطبی، ابراہیم، ابو اسحاق، الموافقات فی اصول الشریعۃ، المطبعۃ الرحمانیۃ، مصر، ۴/۲۴۴

فتاویٰ کا آغاز اور اسلامی منہج

"فتاویٰ" کا آغاز عہد رسالت سے ہوتا ہے اور تاحال یہ سلسلہ جاری ہے۔ مگر فتاویٰ کے انداز اور طریقے بدلتے رہے ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو کوئی مسئلہ درپیش ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رجوع کرتے تھے۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ذَلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴾ (۱)

ترجمہ: پھر اگر تم کسی چیز میں جھگڑ پڑو تو اسے اللہ اور رسول کی طرف لوٹاؤ، اگر تم اللہ اور یوم آخر پر ایمان رکھتے ہو، یہ بہتر ہے اور انجام کے لحاظ سے زیادہ اچھا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فتاویٰ جامع احکام پر مشتمل ہوتے تھے۔ جن سے روگردانی کی کوئی گنجائش نہ اُس وقت تھی، نہ اب ہے جیسا کہ مذکورہ بالا آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس منصب پر فائز رہے۔ صحابہ کے بعد تابعین اور تبع تابعین منصب افتاء پر فائز رہے۔

فتاویٰ کا اسلامی منہج یہ ہے کہ سب سے پہلے قرآن وسنت کے مطابق فتویٰ دیا جائے، اگر کسی حکم کے بارے میں قرآن کریم سے راہنمائی ملتی ہو تو قرآن کریم سے فتویٰ دیا جائے یا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث وسنت سے فتویٰ دیا جائے۔ اگر کسی حکم کے بارے میں کتاب وسنت سے فتویٰ نہ مل سکے تو اجماعِ صحابہ کے مطابق فتویٰ دیا جائے۔ اگر اجماع امت سے مسئلے کا حل نہ ملے تو اجہاد واستنباط کے ذریعے مسئلے کا حل تلاش کیا جائے۔

ہر دور میں بہت سے علماء ایسے بھی رہے ہیں جنہوں نے فتاویٰ کی بنیاد کتاب اللہ، سنت رسول اللہ اور صحابہ کے فتاویٰ نیز ان کے اجماع پر رکھی۔ ان مفتیان کرام میں ایک نمایاں مقام شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ کا ہے جنہوں نے اپنے فتاویٰ کے ذریعے الحاد و دہریت اور شرک و بدعات کا قلع قمع کرنے کی بھرپور جدوجہد کی۔ اس مقالے میں امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کے اسلوبِ فتاویٰ پر بحث کی گئی ہے۔

مجموع فتاویٰ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا مختصر تعارف

فتاویٰ ابن تیمیہ کو "مجموع فتاویٰ شیخ الاسلام احمد بن تیمیۃ" کے نام سے عبد الرحمن بن محمد بن قاسم نے اپنے بیٹے محمد کی معاونت سے ترتیب دیا ہے۔ یہ فتاویٰ ۳۷ ضخیم جلدوں میں مطبوع ہے۔ "مجموع فتاویٰ" میں مختلف موضوعات پر مفصل بحث کی گئی ہے۔

---

(۱) سورۃ النساء: ۴/ ۵۹

جلد۱: توحید الألوھیۃ،۲: توحید الربوبیۃ،۳: مجمل الاعتقاد،۴: مفصل الاعتقاد،۵۔۶: توحید الأسماء و الصفات،۷: الایمان ،۸: القدر،۹: المنطق،۱۰: علوم السلوک،۱۱: التصوت،۱۲: القرآن کلام اللہ،۱۳: أصول التفسیر،۱۴۔۱۷: التفسیر،۱۸: الحدیث،۱۹۔۲۰: أصول الفقہ ۲۱۔۳۰:الفقہ (الطھارۃ، الصلاۃ، سجود السھو،صلاۃ التطوع، صلاۃ الجماعۃ،الامامۃ،صلاۃ أھل الأعذار، صلاۃ الجمعۃ،صلاۃ العیدین،صلاۃ الکسوف،کتاب الجنائز، زیارۃ القبور، کتاب الزکوۃ، کتاب الصیام، الحج، الزیارۃ، الجھاد، السیاسۃ الشرعیۃ، الصلح، البیع، الحجر، الوکالۃ، الشرکۃ، المساقاۃ، الاجارۃ، وضع الجوائح، العاریۃ، الغصب، المظالم المشترکۃ، الشفعۃ، الودیعۃ، احیاء الموات، اللقطۃ) ۳۱: کتاب الوقف،کتاب الوصایا،کتاب الفرائض،العتق،۳۲: النکاح،۳۳: الطلاق، ۳۴: الظھار، الرضاع،النفقات، الحضانۃ، الجنایات، الحدود،التعزیر ؛ ۳۵:الخلافۃ و الملک، قتال أھل البغی، حکم المرتد، کتاب الأطعمۃ،الذکاۃ،الأیمان و النذور، القضاء، الشھادات،القسمۃ۳۶۔۳۷:الفھارس العامۃ والتقریب.

قاضی شرف الدین المقدسی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (م: ۶۹۴ھ) نے امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کو ان کی غیر معمولی لیاقت اور قابلیت کی بنا پر ان کی کم سنی (۱۷یا۱۹سال کی عمر) میں ہی فتویٰ دینے کی اجازت دی تھی۔ ان کو اس بات پر بہت فخر تھا کہ انہوں نے سب سے پہلے امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ جیسے لائق و قابل عالم کو فتویٰ دینے کی اجازت دی تھی۔ [1]

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ سب سے پہلے قرآن مجید سے استدلال کرتے۔ مضمون سے متعلق تمام آیات کو یکجا کرتے اور ان کے الفاظ سے معانی کی تعیین کرتے، پھر سنت اور حدیث سے استنباط کرتے۔ حدیث کے راویوں پر جرح کرتے اور روایت کے لحاظ سے پرکھتے، پھر صحابہ کے طریق اور ائمہ اربعہ اور دیگر معروف ائمہ اماموں کے اقوال زیر بحث لاتے۔ آپ نے فتویٰ دیتے ہوئے درج ذیل امور اور اسالیب کو مد نظر رکھا ہے:

۱۔ قرآن مجید سے استدلال،۲۔ حدیث و سنت سے استدلال،۳۔ اجماعِ امت سے استدلال،۴۔ فقہی مسالک کا تذکرہ،۵۔ متقدمین کی تصانیف پر اعتماد،۶۔ متوقع اشکال کا جواب،۷۔ الحمد للہ سے آغاز،۸۔ مفصل اور مختصر جواب،۹۔ اہل اسلام کی زندگی سے مربوط فتاویٰ ان نکات کی تفصیل ملاحظہ کیجیے:

قرآن مجید سے استدلال

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فتویٰ دیتے وقت سب سے پہلے قرآن مجید سے استشہاد کرتے۔ البتہ اگر کسی مسئلہ کے بارے میں قرآن سے کوئی دلیل نہ ملتی تو حدیث و سنت سے آغاز کرتے۔

(۱) البدایۃ والنہایۃ،۳/۳۹۶

مثال نمبر۱: بارہ اماموں کے عدم معصوم ہونے کے بارے میں قرآن کی اس آیت سے استدلال کرتے ہیں:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ذَلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا﴾ (۱)

ترجمہ: ایمان والو! اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور ان کا بھی جو تم میں سے حکم دینے والے ہیں، پھر اگر تم کسی چیز میں جھگڑ پڑو تو اسے اللہ اور رسول کی طرف لوٹاؤ، اگر تم اللہ اور یوم آخر پر ایمان رکھتے ہو، یہ بہتر ہے اور انجام کے لحاظ سے زیادہ اچھا ہے۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"اختلاف کے وقت اللہ اور اس کے رسول کی طرف رجوع کا حکم دیا جب کہ معصوم تو صرف حق بات ہی کہتا ہے۔"(۲)

نیز فرماتے ہیں: کہنے والے کی ہر بات بلا دلیل ماننا ضروری نہیں، یہ مقام رسول کے ہی لائق ہے اور انہی کے لیے درست ہے۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا﴾ (۳)

ترجمہ: پس نہیں! آپ کے رب کی قسم ہے! وہ مومن نہیں ہوں گے، یہاں تک کہ آپ کو اس میں فیصلہ کرنے والا مان لیں جو ان کے درمیان جھگڑا پڑ جائے، پھر اپنے دلوں میں اس سے کوئی تنگی محسوس نہ کریں جو آپ فیصلہ کریں اور تسلیم کرلیں، پوری طرح تسلیم کرنا۔

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿رُسُلًا مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى اللَّهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا﴾ (۴)

---

(۱) سورۃ النساء:۴/ ۵۹

(۲) شیخ الاسلام ابن تیمیہ، عبد الرحمن بن محمد العاصمی، مجموع فتاویٰ، ادارات البحوث العلمیۃ والافتاء، الریاض، ط:۱، ۱۳۹۸ھ، ۳/ ۱۲۱

(۳) سورۃ النساء:۴/ ۶۴

(۴) سورۃ النساء:۴/ ۶۵

ترجمہ: ایسے رسول جو خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے تھے، تاکہ لوگوں کے پاس رسولوں کے بعد اللہ کے مقابلے میں کوئی حجت نہ رہ جائے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّى نَبْعَثَ رَسُولًا﴾[۱]

ترجمہ: اور ہم کبھی عذاب دینے والے نہیں، یہاں تک کہ کوئی پیغام پہنچانے والا بھیجیں۔

اگر غیر نبی بھی امر و نہی میں معصوم ہو تو وہ پھر رسول کے مقام و مرتبہ پر فائز ہوا اور اس کی اطاعت کرنے والے پر جنت واجب ہو گی اور نافرمانی کرنے والے پر جہنم واجب... بلکہ جو اس کی اطاعت کرے وہ مؤمن جب کہ نافرمانی کرنے والا کافر ہو گا۔ اس طرح یہ (جن کو معصوم کہا جاتا ہے) بنی اسرائیل کے انبیاء کی طرح ہوں گے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان "لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ"[۲] ترجمہ: میرے بعد کوئی نبی نہیں کے منافی ہے۔

مثال نمبر ۲: اگر مسلمان آپس میں لڑ پڑیں تو وہ اس بنیاد پر دائرہ اسلام سے خارج نہیں ہوتے۔

چنانچہ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ فرماتے ہیں:

قرآن نے اس بات کی شہادت دی ہے کہ مؤمنوں کا آپس میں لڑ پڑنا انہیں ایمان سے خارج نہیں کرتا، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا﴾[۳]

ترجمہ: اور اگر ایمان والوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو دونوں کے درمیان صلح کرا دو۔

"آپس کی لڑائی اور سرکشی کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ان کو مومن اور بھائی ہی قرار دیا ہے"۔[۴]

مثال نمبر ۳: امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ سے سوال کیا گیا کہ نیک لوگوں سے جو فتنہ وفساد اٹھ کھڑا ہوتا ہے کہ وہ ایک دوسرے کو قتل کرتے ہیں اور ایک دوسرے کی حرمت پامال کرتے ہیں ان کے بارے میں کیا حکم ہے؟ تو انہوں نے قرآن سے استدلال کرتے ہوئے جواب دیا:

"یہ اور اس طرح کے دیگر فتنے شدید حرام ہیں اور بڑی بڑی منکرات میں سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

---

(۱) سورۃ الاسراء:۱۷/۲۵

(۲) السجستانی، سلیمان بن اشعث، سنن ابو داود، کتاب الفتن، والملاحم، باب ذکر الفتن ودلائلها، دار السلام، لاہور، حدیث: ۴۲۵۲، ط: ۱۴۲۷ھ، ۴/۲۶۶

(۳) سورۃ الحجرات:۴۹/۹۔۱۰

(۴) مجموع فتاویٰ:۵/۱۷، ۴۷

﴿يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلَى شَفَا حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ مِنْهَا كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ o وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَأُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ﴾[۱]

ترجمہ: ایمان والو! اللہ سے ڈرو، جیسا اس سے ڈرنے کا حق ہے اور تم ہر گز نہ مرو، مگر اس حال میں کہ تم مسلم ہو۔ اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لو اور جدا جدا نہ ہو جاؤ اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، جب تم دشمن تھے تو اس نے تمھارے دلوں کے درمیان الفت ڈال دی تو تم اس کی نعمت سے بھائی بھائی بن گئے اور تم آگ کے ایک گڑھے کے کنارے پر تھے تو اس نے تمھیں اس سے بچا لیا۔ اس طرح اللہ تمھارے لیے اپنی آیات کھول کر بیان کرتا ہے، تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ اور لازم ہے کہ تم میں ایک ایسی جماعت ہو جو نیکی کی طرف دعوت دیں اور اچھے کام کا حکم دیں اور برائی سے منع کریں اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو الگ الگ ہو گئے اور ایک دوسرے کے خلاف ہو گئے، اس کے بعد کہ ان کے پاس واضح احکام آ چکے اور یہی لوگ ہیں جن کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔ جس دن کچھ چہرے سفید ہوں گے اور کچھ چہرے سیاہ ہوں گے، تو جن لوگوں کے چہرے سیاہ ہوں گے، کیا تم نے اپنے ایمان کے بعد کفر کیا؟ تو عذاب چکھو، اس وجہ سے کہ تم کفر کیا کرتے تھے۔

جو لوگ فرقوں میں بٹ گئے اور انہوں نے اختلاف کیا حتیٰ کہ ان سے کفریہ کام بھی سرزد ہوئے۔
نبی ﷺ نے فرمایا:

((لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ))[۲]

ترجمہ: میرے بعد کافر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو۔

(۱) سورۃ آل عمران: ۳/ ۱۰۲۔۱۰۶

(۲) البخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب العلم، باب الانصات للعلماء مکتبہ اسلامیہ، لاہور، حدیث: ۱۲۱، ط: ۲۰۰۹، ۱/ ۲۰۶

لہٰذا مسلمانوں کو قتل کرنا کفر ہے اگرچہ مسلمان کو کسی گناہ کی وجہ سے کافر نہیں کہا جاتا۔ تو یہ مسلمانوں کی آپس میں لڑنے والی دو جماعتوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ مؤمن ہیں، جب وہ آپس میں لڑیں تو ان کی صلح کروانے کا حکم دیا اور اصلاح قبول نہ کرے تو اللہ تعالیٰ نے ان میں عدل کے ساتھ صلح کروانے کا حکم دیا۔ اگر وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف لوٹ آئے تو ان میں عدل کے ساتھ صلح کروانا واجب ہے"۔[1]

مثال نمبر ۴: ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ماضی و مستقبل کے سورج اور چاند گرہن کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کیونکہ یہ ایک حساب کے مطابق چلتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ فَالِقُ الْإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ﴾[2]

ترجمہ: اور اس نے رات کو آرام اور سورج اور چاند کو حساب کا ذریعہ بنایا۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴾[3]

ترجمہ: سورج اور چاند ایک حساب سے (چل رہے) ہیں۔

اور فرمایا:

﴿يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ قُلْ هِيَ مَوَاقِيتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ﴾[4]

ترجمہ: وہ آپ سے نئے چاندوں کے متعلق پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے وہ لوگوں کے لیے اور حج کے لیے وقت معلوم کرنے کے ذریعے ہیں۔

مثال نمبر ۵: کسی آدمی نے امام موصوف سے پوچھا کہ اگر میں ہر طرح کے بُرے کام کروں جب کہ لا الہ الا اللہ کا اقرار بھی کروں تو کیا یہ درست ہے کہ میں جنت میں داخل ہوں گا اور جہنم میں داخل نہیں ہوں گا؟ تو آپ نے جواب دیا: جس نے یہ عقیدہ رکھا کہ انسان صرف کلمہ پڑھنے سے جنت میں داخل ہو جائے گا اور کسی صورت میں بھی جہنم میں داخل نہیں ہو گا، یہ (ایسا کہنے والا) گمراہ ہے، کتاب و سنت اور مسلمانوں کے اجماع کا مخالف ہے۔ یہ کلمہ تو ان منافقین

---

(۱) مجموع فتاویٰ، ۳۵/۷۹۔۸۰

(۲) سورۃ الانعام: ۶/۹۶

(۳) سورۃ الرحمٰن: ۵۵/۵

(۴) سورۃ البقرۃ: ۲/۱۸۹

نے بھی کہا تھا جو جہنم کے نچلے طبقے میں ہوں گے اور وہ بہت زیادہ تعداد میں ہیں۔ حالانکہ منافقین روزہ رکھتے ہیں، نماز پڑھتے ہیں اور صدقہ و خیرات کرتے ہیں۔ لیکن یہ اعمال ان سے قبول نہیں کیے جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلَاةِ قَامُوا كُسَالَى يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا﴾[۱]

ترجمہ: بے شک منافق لوگ اللہ سے دھوکا بازی کر رہے ہیں، حالانکہ وہ انھیں دھوکا دینے والا ہے اور جب وہ نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو سست ہو کر کھڑے ہوتے ہیں، لوگوں کو دکھاوا کرتے ہیں اور اللہ کو یاد نہیں کرتے مگر بہت کم۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿إِنَّ اللَّهَ جَامِعُ الْمُنَافِقِينَ وَالْكَافِرِينَ فِي جَهَنَّمَ جَمِيعًا﴾[۲]

ترجمہ: بے شک اللہ منافقوں اور کافروں، سب کو جہنم میں جمع کرنے والا ہے۔

ارشاد الٰہی ہے:

﴿يَوْمَ لَا يُخْزِي اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ نُورُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا﴾[۳]

ترجمہ: جس دن اللہ نبی کو اور ان لوگوں کو جو آپ کے ساتھ ایمان لائے، رسوا نہیں کرے گا، ان کا نور ان کے آگے اور ان کی دائیں طرفوں میں دوڑ رہا ہو گا، وہ کہہ رہے ہوں گے: ہمارے رب! ہمارے لیے ہمارا نور پورا کر دیجیے۔

حدیث و سنت سے استدلال

قرآن سے استدلال کے ساتھ ساتھ وہ حدیث و سنت سے بہت زیادہ استدلال کرتے تھے۔ ایک ایک مسئلے کے حل کے لیے دسیوں بیسیوں احادیث نقل کر دیتے ہیں۔

۱۔ کاہنوں اور نجومیوں کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا:

---

(۱) سورۃ النساء: ۴/ ۱۴۲

(۲) أیضا، ۴/ ۱۴۰

(۳) سورۃ التحریم: ۶۶/ ۸

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ اپنی مسند میں اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ اپنی صحیح میں روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ أَتَى عَرَّافًا يَسْأَلُهُ لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ صَلَاةٌ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً))(۱)

ترجمہ: جو شخص کسی عراف کے پاس آکر کسی چیز کے بارے میں پوچھے اس کی چالیس رات تک نماز قبول نہیں ہوتی۔

(ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) جب اُس سے صرف پوچھنے پر اس قدر وعید ہے تو جس سے پوچھا جاتا ہے وہ کتنا بڑا مجرم ہو گا؟ امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے ہی اپنی صحیح میں معاویہ بن حکم سلمی سے روایت ذکر کی ہے، وہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: اللہ کے رسول! کئی کام ہیں جو ہم جاہلیت میں کرتے تھے، ہم کاہنوں کے پاس جاتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ((فَلَا تَأْتُوا))(۲) ان کے پاس نہ جاؤ۔

صحیح بخاری میں ہے:

((أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صلی اللہ علیہ وسلم نَهَى عَنْ ثَمَنِ الكَلْبِ، وَمَهْرِ البَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الكَاهِنِ))(۳)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت، زانیہ کی اجرت اور کاہن کی اجرت سے منع کیا ہے۔

صحیحین میں زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حدیبیہ میں خطبہ دیا جبکہ رات کو بارش ہو چکی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((أَتَدْرُونَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟. قُلْنَا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، فَقَالَ: " قَالَ اللَّهُ: أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ بِي،فَأَمَّا مَنْ قَالَ:مُطِرْنَا بِرَحْمَةِ اللَّهِ وَبِرِزْقِ اللَّهِ وَبِفَضْلِ اللَّهِ،فَهُوَ مُؤْمِنٌ بِي، كَافِرٌ بِالكَوْكَبِ))(۴)

ترجمہ: جانتے ہو کہ آج رات تمہارے رب نے کیا فرمایا ہے؟ ہم نے کہا: اللہ اور اس کے رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: (اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:) میرے بندوں میں سے کچھ مجھ پر ایمان لائے ہیں اور کچھ کافر ہو گئے ہیں۔ جس نے کہا کہ ہمیں اللہ کے فضل اور رحمت سے بارش ملی ہے تو وہ مجھ پر ایمان لائے اور ستاروں کے کافر ہوئے ہیں۔

---

(۱) صحیح مسلم، کتاب الجنائز، باب التشدید فی النیاحۃ، حدیث: ۲۱۶۰، ۱/ ۳۰۳

(۲) ایضا، کتاب السلام، باب تحریم الکھانۃ واتیان الکھان، ۲/ ۲۳۲

(۳) صحیح بخاری، کتاب الاذان، مایستقبل الامام الناس اذا سلم، حدیث: ۸۴۶، ۱/ ۶۶۱-۶۶۲

(۴) ایضا، کتاب الاذان، مایستقبل الامام الناس اذا سلم، حدیث: ۸۴۶، ۱/ ۶۶۱-۶۶۲

صحیح مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((مَا أَنْزَلَ اللهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ بَرَكَةٍ إِلَّا أَصْبَحَ فَرِيقٌ مِنَ النَّاسِ بِهَا كَافِرِينَ، يُنْزِلُ اللهُ الْغَيْثَ فَيَقُولُونَ: الْكَوْكَبُ كَذَا وَكَذَا))(۱)

ترجمہ: جب بھی اللہ آسمان سے برکت نازل کرتا ہے تو کچھ لوگ کافر بن جاتے ہیں۔ اللہ بارش نازل کرتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ فلاں فلاں ستارے کی وجہ سے بارش ہوئی ہے۔

۲۔ امام صاحب سے اس مہمان کے بارے میں سوال کیا گیا جو کسی قوم کے پاس جاتا ہے، اس کے اپنے کھانے اور سواری کے چارے کے لیے کچھ نہیں ہے۔ لوگوں نے اسے کھانا اور چارا بیچنے سے انکار کر دیا اور مہمان نوازی کرنے سے بھی انکار کر دیا تو اسے اور اس کی سواری کو ضرر (نقصان) کا سامنا کرنا پڑا تو کیا اس کے لیے اتنا کچھ لینا جائز ہے جو اس کا گزارا کرے؟

تو انہوں نے جواب دیا: جب وہ مجبور ہے اور ان کے پاس مال ہو لیکن وہ اسے نہ کھلائیں تو وہ اپنی ضرورت کے لیے ان کی اجازت کے بغیر لے سکتا ہے اور انہیں ثمن مثل ادا کر دے۔ اگر وہ مسافر ہو تو ان کے لے لازم ہے کہ اس کی مہمان نوازی کریں۔ اگر وہ اس کی ضیافت کی استطاعت رکھتے ہوں مگر اس کی ضیافت نہ کریں تو ان کی اجازت کے بغیر بقدرِ ضرورت ضیافت لے سکتا ہے اور اس پر کوئی قدغن نہیں۔ اس کے بعد امام صاحب نے احادیث کی روشنی میں مہمان نوازی کو واجب قرار دیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((أَيُّمَا رَجُلٍ أَضَافَ ضَيْفًا، فَأَصْبَحَ الضَّيْفُ مَحْرُومًا، فَإِنَّ حَقًّا عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ نُصْرَتُهُ حَتَّى تَأْخُذُوا لَهُ بِقِرَى اللَّيْلَةِ مِنْ زَرْعِهِ وَمَالِهِ))(۲)

ترجمہ: جو شخص کسی قوم کے پاس (بہ بطور مہمان) جائے تو ان کے ذمے ہے کہ وہ اس کی مہمانی کریں، اگر وہ اس کی مہمانی نہ کریں تو اس کے لیے جائز ہے کہ وہ ان کی کھیتی اور مال میں سے اپنی مہمانی کے برابر کچھ لے لے۔

۳۔ مسلمانوں کے جو گروہ آپس میں لڑ پڑتے ہیں، ان کے بارے میں آپ سے سوال کیا گیا کہ ایک جماعت دوسری کو قتل کر دیتی ہے، کیا قتل ہونے والے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان "اَلقَاتِلُ وَالمَقتُولُ فِی النَّارِ" (قاتل اور مقتول دونوں جہنمی ہیں) کے مطابق جہنمی ہوں گے یا نہیں؟ کیا شکست خوردہ مقتولین کے بارے میں معرکے میں قتل

(۱) صحیح مسلم، کتاب الجنائز، باب التشدید فی النیاحۃ، حدیث: ۲۱۶۰، ۱/ ۳۰۳

(۲) صحیح بخاری، کتاب الایمان، باب المعاصی من امر الجاہلیۃ، حدیث: ۳۰، ۱/ ۳۸

ہونے کا حکم لگایا جائے گا یا نہیں؟

تو شیخ الاسلام رحمۃ اللہ نے جواب دیا: اگر شکست خوردہ گروہ توبہ کی نیت سے حرام لڑائی سے پیچھے ہٹ جائے تو اس پر جہنمی ہونے کا حکم نہیں لگایا جائے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور گناہ معاف کر دیتا ہے۔ لیکن اگر وہ صرف کمزوری کی وجہ سے ہزیمت اختیار کرے اور جب اپنے مد مقابل کو قتل کرنے کی طاقت رکھے تو قتل کر دے تو وہ جہنمی ہے۔ جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

((إِذَا تَوَاجَهَ الْمُسْلِمَانِ بِسَيْفَيْهِمَا، فَالْقَاتِلُ وَالْمَقْتُولُ فِي النَّارِ قَالَ فَقُلْتُ: أَوْ قِيلَ: يَارَسُولَ اللهِ هَذَا الْقَاتِلُ، فَمَا بَالُ الْمَقْتُولِ؟ قَالَ: إِنَّهُ قَدْ أَرَادَ قَتْلَ صَاحِبِهِ))(۱)

ترجمہ: جب دو مسلمان اپنی اپنی تلواریں لے کر بھڑ جائیں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنمی ہیں، عرض کیا گیا: اللہ کے رسول! یہ قاتل تو (جہنمی) ہوا مقتول کیوں؟ آپ نے فرمایا: (اس لیے کہ) وہ بھی اپنے ساتھی کو قتل کرنا چاہتا تھا۔

تو جب مقتول جہنمی ہے تو شکست خوردہ (قاتل) تو بدرجہ اولیٰ جہنمی ہے۔ مقتول کو جو ضرر پہنچا ہے وہ مہزوم (شکست خوردہ) کو نہیں پہنچا نیز مقتول کا برا عمل اس کی موت کے ساتھ ہی منقطع ہو گیا جب کہ دوسرا (قاتل) بہت بڑی خباثت پر ہی ہوا ہے۔(۲)

۴۔ سورج اور چاند گرہن کے بارے میں غلط تصور کا رد کرتے ہوئے امام صاحب نے حدیث مبارک سے استدلال کر کے فرمایا کہ احادیث صحیحہ جن پر علماء متفق ہیں، سے ثابت ہے کہ نبی ﷺ نے سورج اور چاند گرہن کے وقت نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ نیز آپ نے دعا واستغفار، صدقہ اور غلام آزاد کرنے کا حکم دیا ہے۔ نیز فرمایا:

((إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آيَتَانِ مِنَ آيَاتِ اللهِ. لاَ يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ،وَلاَ لِحَيَاتِهِ))(۳)

ترجمہ: سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں، ان کو گرہن کسی کی موت وحیات کی وجہ سے نہیں لگتا۔

آپ نے یہ ان جہلاء کی تردید میں فرمایا ہے جنہوں نے کہا تھا کہ سورج گرہن ابراہیم بن محمد ﷺ کی وفات کی وجہ سے لگا ہے، کیونکہ اس کو گرہن ابراہیم کی وفات کے دن لگا ہے۔ جس طرح بڑے لوگوں کی وفات پر لوگوں پر

(۱) سنن ابوداؤد، کتاب الکھانۃ والتطیر، باب فی النجوم، حدیث: ۳۹۰۵، ۴/ ۶۲

(۲) مجموع فتاویٰ، ص: ۳/ ۵۲

(۳) صحیح مسلم، کتاب الجنائز، باب التشدید فی النیاحۃ، حدیث: ۲۱۶۰، ۱/ ۳۰۳

مصائب آجاتے ہیں تو آپ ﷺ نے واضح کیا کہ اہل زمین میں سے کسی کی موت پر بھی سورج کو گرہن نہیں لگتا اور نہ کسی کے پیدا ہونے کی وجہ سے لگتا ہے۔(۱)

آپ ﷺ نے اس بات کی نفی کی کہ موت و حیات کا سورج اور چاند گرہن میں کوئی اثر ہے اور بتایا کہ سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں اور وہ اپنے بندوں کو خوف دلاتا ہے۔

۵۔ صدق دل سے لا الہ الا اللہ کہنے والا اور اس پر وفات پانے والا دائمی جہنمی نہیں خواہ اس نے کتنے ہی برے اعمال کیے ہوں۔ اس سلسلے میں شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہو گا وہ دائمی جہنمی نہیں ہو گا، جیسا کہ صحیح احادیث نبویہ سے ثابت ہے۔ مگر جو اہل قبلہ فاسق یعنی چوری، بدکاری، شراب نوشی کرنے والے سود اور یتیم کا مال کھانے والے جو جہنم میں داخل ہوں گے، جب ان کو اپنے گناہوں کے بقدر سزا مل جائے گی تو ان کو جہنم سے نکال لیا جائے گا صحیح احادیث میں بیان ہوا ہے:

((مِنهُم مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ اِلٰی کَعْبَیْهِ، وَ مِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ اِلٰی رُکْبَتَیْهِ، وَ مِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ اِلٰی حَقْوَیْهِ۔وَمَکَثُوْا فِیْهَا مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ یَمْکُثُوْا،أُخْرِجُوْا بَعْدَ ذٰلِکَ کَالْحُمَمِ فَیُلْقَوْنَ فِیْ نَهرٍ یُقَالُ لَهُ: اَلْحَیَاةُ، فَیَنْبُتُوْنَ فِیْهِ کَمَا تَنْبُتُ الْحَبَّةُ فِیْ حَمِیْلِ السَّیْلِ وَیَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ مَکْتُوْبٌ عَلٰی رِقَابِهِمْ: هٰؤُلَاءِ الْجَهَنَّمِیُّوْنَ عُتَقَاءُ اللّٰهِ مِنَ النَّارِ))(۲)

ترجمہ: آگ نے بعض لوگوں کو ان کے ٹخنوں تک لپیٹ میں لے رکھا ہو گا، بعض کو گھٹنوں تک اور بعض وہ ہوں گے جو تہبند باندھنے کی جگہ تک آگ میں گرفتار ہوں گے، جب اللہ چاہے وہ اس میں رہیں گے، بعد ازاں جب انہیں نکالا جائے گا تو کوئلہ ہو چکے ہوں گے، پھر انہیں ایک نہر میں ڈالا جائے گا جسے نہر الحیاۃ (زندگی کی نہر) کہا جاتا ہے، تو وہ یوں اگ پڑیں گے جیسے پانی کے بہاؤ کے کنارے دانہ اگ پڑتا ہے، وہ اس حالت میں جنت میں داخل ہوں گے کہ ان کی گردنوں پر یہ لکھا ہو گا: یہ جہنمی ہیں جنہیں اللہ نے آگ سے رہائی دے دی ہے۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فتویٰ میں جو احادیث استدلال کے لیے نقل کرتے ہیں وہ زیادہ تر صحیحین کی ہوتی ہیں۔ صحیحین کے علاوہ جو احادیث بیان کرتے ہیں ان کی اسنادی حیثیت بھی عام طور پر واضح کرتے ہیں امام ابو داؤد رحمہ اللہ نے اپنی سنن میں حسن سند کے ساتھ قبیصہ بن مخارق (ہلالی) سے روایت کیا ہے وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں، آپ

(۱) مجموع فتاویٰ، ۵/ ۱۶۸، ۱۶۹

(۲) البیہقی، احمد بن حسین بن علی، ابو بکر، السنن الکبریٰ، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان، ۱۰/ ۲۵۲

نے فرمایا:

((إِنَّ الْعِيَافَةَ، وَالطِّيَرَةَ، وَالطَّرْقَ مِنَ الْجِبْتِ))(۱)

ترجمہ: عیافہ (زمین پر لکیریں کھینچنا، بدشگونی اور طرق (فال کے لیے پرندے اڑانا) کہانت ہے۔

ایک اور جگہ پر لکھتے ہیں کہ امام احمد رحمۃ اللہ علیہ، ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ، ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر (محدثین) نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((مَا اقْتَبَسَ رَجُلٌ عِلْمًا مِنَ النُّجُومِ،إلا اقْتَبَسَ بِهَا شُعْبَةً مِنَ السِّحْرِ، مَا زَادَ زَادَ))(۲)

ترجمہ: جس نے علم نجوم تھوڑا سا بھی سیکھا اس نے جادو کا ایک حصہ سیکھ لیا، جتنا زیادہ (ستاروں کا علم) سیکھے گا اتنا زیادہ (جادو سیکھنے والا شمار) ہو گا۔

ایک اور مسئلے کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

جہاں تک اس حدیث کا تعلق ہے جو فقہاء کی زبانوں پر مشہور ہے کہ ((اَلْبَيِّنَةُ عَلٰى مَنِ ادَّعٰى وَالْيَمِيْنُ عَلٰى مَنْ اَنْكَرَ)) (۳)

ترجمہ: مدعی ثبوت پیش کرے اور مدعا علیہ اگر انکاری ہو تو قسم اٹھائے۔

مگر اس کی سند صحت و شہرت دیگر روایات کے پائے کی نہیں اور نہ مشہور سنن کے ائمہ میں سے اسے کسی نے روایت کیا ہے۔"(۴)

ایک حدیث پر موضوع ہونے کا حکم لگاتے ہوئے لکھتے ہیں:

((اِذَا اُقْتُتِلَ خَلِيفَتَانِ فَاَحَدُهُمَا مَلعُون))

ترجمہ: جب دو خلفاء آپس میں لڑ پڑیں، تو ان میں سے ایک ملعون ہوتا ہے۔

جھوٹ اور من گھڑت ہے، محدثین میں سے کسی نے بھی اسے روایت نہیں کیا، اسلام کے قابل اعتبار مجموعوں میں اس کی کوئی حیثیت نہیں۔" (۵)

---

(۱) سنن ابو داؤد، کتاب الکھانۃ والتطیر، باب فی النجوم، حدیث:۳۹۰۵، ۴/ ۶۲

(۲) ایضا، ۳۵/ ۱۹۲

(۳) مجموع فتاویٰ، ۳۵/ ۷۲

(۴) ایضا، ۳۵/ ۳۹۱

(۵) ایضاً: ۳۵/ ۷۲

اجماعِ امت سے استدلال

کتاب و سنت سے استدلال کے ساتھ ساتھ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ اجماع سے بھی استدلال کرتے ہیں۔ اہل کتاب کے ذبیحہ اور ان کی عورتوں سے نکاح کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ بات معلوم ہے کہ ان کے ذبائح اور عورتوں کا حلال ہونا کتاب و سنت اور اجماع سے ثابت ہے، اور جب اس قول سے کتاب و سنت اور اجماع سے ثابت ہونے والے امر کا رفع ہونا لازم آتا ہو تو اس کا باطل ہونا مسلم ہو گا، مسلمان ہر زمانے اور ہر شہر میں ان (اہل کتاب) کے ذبائح کھاتے رہے ہیں، جو اس کا انکار کرے اس نے مسلمانوں کے اجماع کی مخالفت کی۔ (۱)

جادو کے بارے میں فرماتے ہیں کہ جادو کتاب و سنت اور اجماع سے حرام قرار دیا گیا ہے۔ (۲)

فقہی مسالک کا تذکرہ

دوران فتویٰ بسا اوقات آپ مختلف مکاتب فکر کے عقائد و نظریات بھی پیش کرتے ہیں اور ان میں کتاب و سنت کی بنیاد پر محاکمہ بھی کرتے ہیں۔ آپ سے سوال کیا گیا کہ کیا البغاۃ اور الخوارج مترادف الفاظ ہیں یا ان میں کوئی فرق ہے؟ ان پر جاری ہونے والے احکام میں شریعت کی روشنی میں کوئی فرق ہے یا نہیں؟ اگر کوئی دعویٰ کرنے والا یہ دعویٰ کرے کہ ائمہ اس بات پر متفق ہیں کہ ان میں صرف نام کا ہی فرق ہے اور اس کے مخالف نے اس کی مخالفت کی اور کہا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اہل شام اور اہل نہروان میں فرق کیا تھا، کیا حق مدعی کے ساتھ ہے یا اس کے مخالف کے ساتھ؟ آپ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ کہنے والے کا یہ کہنا کہ ائمہ اس بات پر متفق ہیں کہ ان دونوں میں صرف نام کا ہی فرق ہے یہ دعویٰ باطل ہے۔ کیوں کہ فرق کی نفی کرنے والے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ، شافعی رحمۃ اللہ اور احمد رحمۃ اللہ و دیگر ائمہ کے ساتھیوں میں سے چند اہل علم ہیں۔ اکثر مصنّفین جو ''قتال اھل البغی'' کے بارے میں لکھنے والے ہیں وہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی مانعین زکوۃ سے لڑائی، خارجیوں سے لڑائی اور اہل جمل و صفین اور دیگر اسلام کی طرف منسوب لوگوں کی لڑائیوں کو ''قتال اھل البغی'' میں ہی شمار کرتے ہیں۔ پھر وہ اس بات پر بھی متفق ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جیسے طلحہ رضی اللہ عنہ، زبیر رضی اللہ عنہ دیگر کی طرف کفر اور فسق کو منسوب کرنا جائز نہیں۔ بلکہ وہ مجتہد ہیں ان سے درست عمل سرزد ہو یا غلط، ان کے گناہ بخشے جا چکے ہیں۔ اہل سنت عدالت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر متفق ہیں۔ جمہور اہل علم سرکش خارجیوں، جمل و صفین میں شریک ہونے والوں اور جمل و صفین کے علاوہ لوگوں میں فرق کرتے ہیں جن کو تاویل کرنے والے باغیوں میں شمار کیا جائے گا۔ یہی بات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مشہور چلی آ رہی ہے۔ اسی پر اکثر محدثین، فقہاء اور متکلمین

---

(۱) ایضاً: ۲۳۲/۳۵

(۲) ایضاً: ۱۷۱/۵

ہیں۔ اسی پر اکثر ائمہ اور ان کے پیروکاروں کے دلائل ہیں یعنی امام مالک رحمۃ اللہ علیہ، امام احمد رحمۃ اللہ علیہ، امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر ائمہ اصحاب کے۔"(۱)

اس کے بعد امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے خارجیوں کے بارے میں احادیث میں بیان ہونے والی پیش گوئیوں اور اقوال صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روشنی میں صحیح موقف بیان کرتے ہوئے اور ان میں اور دیگر باغیوں میں واضح فرق بیان کیا ہے۔(۲)

متقدمین کی تصانیف پر اعتماد

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے متقدمین کی تصنیفات پر اعتماد کیا ہے۔ ان کے فتاویٰ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے زمانے تک جتنی فقہی کتب لکھی جاچکی تھیں ان میں سے بیشتر اہم کتب ان کی نظر سے گزر چکی تھیں، متاخرین نے بعض ائمہ کی طرف جو باتیں منسوب کی تھیں ان کی نشاندہی آپ نے متقدمین کی تصانیف کی روشنی میں کی ہے۔ اسی طرح آپ نے ناقابل اعتماد کتب کی نشاندہی بھی کی ہے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم اُن کے احوال جانتے ہیں کہ ان کی طرف بہت سی غلط باتیں منسوب کی گئی ہیں جیسے حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی طرف بہت سی جھوٹی باتیں منسوب کی گئی ہیں حتیٰ کہ بعض گھٹیا حرکات بھی ان کی طرف منسوب کی گئی ہیں۔ اسی طرح "**الجدول**" کو ان کی طرف منسوب کیا گیا ہے جس پر روافض کی ایک جماعت نے گمراہی کی بنیاد رکھی ہے۔ اسی کتاب "**الجفر والطبطاقة والهفت**" بھی ان کی طرف منسوب کی گئی ہے۔ علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ سب حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی طرف جھوٹ منسوب کیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ "رسائل اخوان الصفا" کو ان کی طرف منسوب کیا گیا یہ حد درجے کی جہالت ہے۔(۳)

امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ان میں ایسے مسائل بھی بیان ہوئے ہیں جو مسلمانوں، یہودیوں اور عیسائیوں سب کے ادیان کے خلاف ہیں۔ اس میں انبیاء کی شریعتوں کو تبدیل کیا گیا۔ نیز یہ ان کا جھوٹ ہے کہ یہ "رسائل" حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کا کلام ہیں۔ علماء جانتے ہیں کہ یہ تیسری صدی کے بعد قاہرہ کی تعمیر کے زمانے میں وضع کیے گئے اور اس کے وضع کرنے والے اسلام پر آنے والے حادثے یعنی نصاریٰ کے غلبے کا ذکر کیا جو شام کے ساحلوں پر ہوا اسی طرح کے کئی اور بڑے بڑے واقعات جو تیسری صدی کے بعد رونما ہوئے، بیان کیے گئے ہیں اور

---

(۱) مجموع فتاویٰ، ۳۵/ ۵۳، ۵۴

(۲) ایضاً، ۳۵/ ۵۴، ۵۷

(۳) ایضاً، ۳۵/ ۱۸۳

جعفر بن محمد قاہرہ کی بنیاد رکھنے سے دو صدیاں پہلے ۱۴۸ھ کو فوت ہوئے۔ جب کہ قاہرہ کی بنیاد ۳۶۰ھ کے لگ بھگ رکھی گئی جیسا کہ "تاریخ الجامع الازھر" میں ہے۔[۱]

متوقع اشکال کا جواب

سوال کا جواب دیتے ہوئے امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ متوقع اشکال کا حل بھی پیش کر دیتے ہیں۔ اہل کتاب کے ذبیحہ کی حلت کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اگر کہا جائے اللہ تعالیٰ کا ارشاد

﴿وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ حِلٌّ لَكُمْ﴾[۲]

ترجمہ: جو لوگ کتاب دیے گئے ہیں ان کا طعام (ذبیحہ) تمھارے لیے حلال ہے۔

پھلوں اور اناج کے بارے میں ہے تو کہا جائے گا یہ کئی وجوہات کی بنیاد پر غلط ہے:

اولاً: اہل کتاب، مشرکین اور مجوس سب کا پھل اور اناج مسلمانوں کے لیے جائز ہے تو اہل کتاب کے "طعام" کی تخصیص کا کوئی فائدہ نہیں۔

ثانیاً: "طعام" کی نسبت جو اہل کتاب کی طرف کی گئی ہے وہ تقاضا کرتی ہے کہ یہ "طعام" ان کے فعل سے بنا ہوا ہو اور یہ ذبیحہ میں ہی ہوتا ہے کہ جانور ذبح کرنے سے گوشت میں تبدیل ہوتا ہے۔ لیکن پھل تو اللہ تعالیٰ نے "طعام" کی شکل میں ہی پیدا کیے ہیں جو کسی آدمی کے فعل سے "طعام" نہیں بنتے۔

ثالثاً: اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب کی عورتوں کی حلت کے ساتھ "طعام" (ذبیحہ) کی حلت کا ذکر کیا ہے۔ ہمارا ذبیحہ ان کے لیے اور ان کا ذبیحہ ہمارے لیے جائز قرار دیا۔ یہ بات معلوم ہے کہ عورتوں کا حکم اہل کتاب کے ساتھ خاص ہے نہ کہ مشرکین کے بارے میں، یہی حکم طعام (ذبیحہ) کا ہے۔ جب کہ پھل اور گلہ اہل کتاب کے ساتھ خاص نہیں (کہ ان کا ہی حلال ہو)۔

نیز ایک صحابی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اہل کتاب کے ذبیحہ میں سے کھایا مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع نہ کیا، اسی طرح کے کئی اور دلائل ذکر کیے گئے ہیں۔[۳]

ایک اور جگہ پر فرماتے ہیں:

---

(۱) ایضا، ۳۵/۳۴

(۲) سورۃ المائدۃ: ۵/۵

(۳) مجموع فتاویٰ، ص: ۲۱۸

اگر کہا جائے کہ یہ آیت ﴿وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ ﴾(۱) ترجمہ:ان لوگوں کی پاک دامن عورتیں جو تم سے پہلے کتاب دیے گئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے اس فرمان

﴿وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّى يُؤْمِنَّ ﴾(۲)

ترجمہ: مشرکات سے نکاح نہ کرو جب تک کہ ایمان نہ لے آئیں۔

اور فرمایا:

﴿ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ ﴾(۳)

ترجمہ: کافرہ عورتوں کو اپنے نکاح میں نہ روکو۔ کے خلاف ہے تو اس کا جواب تین طرح ہے۔ پھر انہوں نے مفصل جواب دیا۔(۴)

الحمدللہ سے آغاز

امام موصوف عام طور پر جواب کا آغاز الحمدللہ سے کرتے ہیں۔ گھوڑے کا گوشت کھانے کے بارے میں آپ سے سوال کیا گیا تو آپ نے جواب دیا:

"الحمدللہ! یہ جمہور علماء کے نزدیک حلال ہے، جیسے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ، امام احمد رحمۃ اللہ علیہ، صاحبین اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور اکثر فقہاء حدیث کا موقف ہے۔" صحیحین میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے خیبر کے سال گدھوں کا گوشت حرام قرار دیا اور گھوڑوں کا گوشت مباح قرار دیا اور یہ بھی ثابت ہے کہ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں گھوڑا ذبح کیا اور آپ نے اس کا گوشت کھایا۔"(۵)

مختصر وجامع جواب

آپ عام طور پر ہر سوال کا تفصیلی جواب دیتے ہیں اور کوئی بھی گوشہ تشنہ نہیں رہنے دیتے۔ مثلاً آپ سے

---

(۱) سورۃ المائدۃ:۵/۵

(۲) سورۃ البقرۃ:۲/۲۲۱

(۳) سورۃ الممتحنۃ:۶۰/۱۰

(۴) مجموع فتاویٰ،۳۵/۲۱۳۔۲۱۶

(۵) ایضاً،۳۵/۲۰۸، نیز دیکھیے،۳۵/۲۰۲،۲۰۵،۲۰۹،۲۱۰

اہل کتاب کے ذبیحہ اور ان کی عورتوں سے نکاح کرنے کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے اکیس صفحات پر مشتمل مدلل جواب دیا۔ (۱)

بعض دفعہ آپ بالکل مختصر جواب دیتے ہیں۔ آپ سے سوال کیا گیا کہ ایک آدمی کی اونٹنی نے مادہ بچہ جنا اور اونٹنی مر گئی، اونٹنی کے بچے کو اس آدمی کی بیوی نے دودھ پلا دیا تو کیا اس (اونٹنی کے مادہ بچے کا جواَب جو ان اونٹنی ہے) کا دودھ پینا اور گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں؟ تو آپ نے جواب دیا: "الحمد للہ! ہاں، یہ اس کے لیے جائز ہے۔" (۲)

اہل اسلام کی زندگی سے مربوط فتاویٰ

آپ کے فتاویٰ میں تمام شرعی احکام مسلمانوں کی زندگی سے مربوط ہیں۔ آپ نے سوال کا جواب اہل اسلام کی زندگی پر منطق کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس طرح سائل اس جواب کو اپنے غلط مقاصد کے لیے استعمال نہ کر سکتا۔

ابن تیمیہ ؒ کے اس اسلوب فتاویٰ کو ان کے شاگرد حافظ ابن قیم ؒ نے بہت سراہا ہے اور کئی ایک مثالیں بھی دی ہیں جو اِس اسلوب کو واضح کرتی ہیں۔ (۳)

خلاصہ بحث

فتویٰ سے مراد کسی شرعی کلیہ اور مشکل احکام کی وضاحت کرنا ہے۔ یا یوں کہا جا سکتا ہے کہ فتیا اور فتویٰ مشکل احکام کے بارے میں دیے جانے والے جواب کو کہتے ہیں۔

امام ابن تیمیہ ؒ نے بہت سے فتاوی تالیف کیے، ان کے یہ فتاوی سینتیس جلدوں میں مطبوع ہیں۔ ان فتاویٰ سے ان کی علمی قابلیت و لیاقت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ آپ بحر العلوم تھے، آپ نے مختلف فنون میں متعدد کتب تالیف کیں۔ ان کتب سے آپ کی فقاہت اور اجتہادی بصیرت کا اندازہ بھی لگایا جا سکتا ہے۔ آپ نے فتاویٰ میں سلف صالحین کا منہج اختیار کیا، آپ فتویٰ دیتے ہوئے سب سے پہلے قرآن مجید اور حدیث و سنت سے استدلال کرتے۔ اجماع کو حجت شرعی مانتے ہوئے اُسے بھی بہ طور دلیل پیش کرتے۔ فتویٰ میں مختلف فقہی مکاتب فکر کا بھی تذکرہ کرتے۔ ان کا نقطہ نظر یہ تھا کہ اگر کوئی مفتی اپنے اجتہاد اور اپنی بصیرت کی بنا پر کسی ایسے قول کی تائید کر رہا ہے جو اپنے

---

(۱) ایضاً، ص: ۲۱۲۔۲۳۳

(۲) ایضاً، ص: ۲۰ نیز دیکھیے ص: ۷، ۳۴، ۴۱۲ وغیرہ

(۳) امام ابن تیمیہ، ص: ۵۳۳

امام کے مشہور مسلک کے خلاف ہے تو وہ گویا اپنے ہی امام کے حکم کی پیروی کر رہا ہے۔ کیونکہ ہر ایک امام کا یہی قول تھا کہ جب صحیح حدیث مل جائے تو پھر ہمارے قول کو ترک کردو۔ آپ نے کتب متقدمین پر بھی اعتماد کیا۔ کبھی کبھار جواب دیتے ہوئے متوقع اشکال کا حل بھی پیش کر دیتے۔

آپ سوالات کے جوابات عموماً تفصیل سے لکھتے تاہم بعض اوقات مختصر جواب پر ہی اکتفا کرلیتے۔ ابن تیمیہ ﷫ نے اپنے فتاویٰ کے ذریعے الحاد و دہریت اور شرک وبدعات کا قلع قمع کرنے کی بھرپور جدوجہد کی۔ آپ کے فتاویٰ اہل اسلام کی زندگی سے مربوط تھے، اسی وجہ سے اہل علم کے ہاں بالخصوص عالم عرب میں آپ کے فتاویٰ کو بہت پذیرائی ملی ہے۔

❁ ❁ ❁

رسالہ اور مدیر: مکاتیب شبلی کا مطالعہ

(معاصر مدیران کے لئے رہنما اصول)

Journal and Editor: A Study of Shibl□'s Letters

(A Guiding Principles for Contemporary Editors)

ڈاکٹر محمد عبداللہ*

ABSTRACT

In the contemporary academia, importance of journals is an established fact. Not only does the traditional academia discourse, but also modern discipline appears due to such endeavor of such traditions of journal. An editor is the key person who lightens the quality of writing.

All□mah Shibl□ Nu'm□n□ (1857-1914) was not only an historian, writer, scholar and a great expert in the field of journals. He was the very first editor of various journals in the sub-continent. He had great vision in arrangement multiple discourses in the journals, at the same time his expertise in editorship can be explored.

In his opinion a good editor needs to observe these characteristics. He should establish good relationship with scholars to achieve good targets of excellent writings. He should appoint co-editors for training and take keen interest in the additional responsibilities. He should select important as well as relevant articles and ensure material for the Journal in advance. He should also have a curious look on the contemporary journals to organize, review on latest books and to exploit various available sources to propagate journals.

Shibl□ can be called a modern vehicle of expression. He made substantial contribution in enhancing the quality of the journals and promoting journals material for a wide readership .He trained novice graduates for professional editorship for the journals. Here is an effort to highlight Shibl□'s letters as golden principle of writing.

Keywords: *Shibl□ Nu'm□n□, Journals, Editorship, Standard, characteristics.*

---

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

علمی دنیامیں رسائل وجرائد کی اہمیت مسلّمہ ہے۔رسائل کی نوعیت تاریخی، تجارتی، سائنسی، سیاسی و تفریحی بھی ہوسکتی ہے اور علمی ودینی بھی۔ علمی رسائل کے ذریعے قدیم وجدید علوم وفنون منظرِعام پر آتے ہیں بلکہ نئے لکھنے والوں کی بھی تربیت ہوتی ہے۔ نامور مصنفین اور ان کی کتب کا ابتدائی تعارف بھی بالعموم رسائل وجرائد ہی کے ذریعے سامنے آتا ہے۔ رسائل وجرائد کی اہمیت بعض اوقات کتاب سے بھی بڑھ جاتی ہے۔کتاب میں ایک خاص موضوع پر ایک معین وقت تک ہی اشاعت ہوتی ہے نیز کتاب کی اشاعت ایک آدھ بار ہی ہوپاتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ بعض کتب نایاب ہوجاتی ہیں، جب کہ رسائل وجرائد میں علمی مضامین، مقالات، ان پر تبصرہ وتنقید اور استدرکات کا سلسلہ جاری وساری رہتاہے۔

علمی رسالہ کی اہمیت کے ساتھ ساتھ، اس کے مدیر (Editor) کی اہمیت کو بھی کسی طرح نظر انداز نہیں کیاجاسکتا۔ ایک مدیر ہی رسالے میں جان ڈالتاہے۔اس کا فکری تخیل، فنّی مہارت اور قلمی وعلمی کاوشیں پورے رسالہ میں جلوہ گر ہوتی ہیں۔ اداریہ وشذرات سے لے کر عنوانات کے انتخاب تک اسی کی بصیرت کے آئینہ دار ہوتے ہیں۔ مقالات ومضامین، علمی خبریں، کتابوں پر تبصرے، مکتوبات، اہلِ فن کے کمالات غرض مجلے کی ترتیب وتدوین میں اس کا پوراہاتھ ہوتاہے۔ اس کی ذراسی بھی لاپرواہی رسالے کے معیار کو گرادیتی ہے۔ لہٰذا ایک مدیر کو نہایت باریک بینی اور کمال ہوشیاری سے رسالے کے ایک ایک پہلو پر توجہ دیناپڑتی ہے۔ ایسے ہی رسائل کا اہل علم کو بے چینی اور شدت سے انتظار رہتاہے بالفاظ دیگر ایسے ہی رسائل رجحان ساز کی حیثیت رکھتے ہیں جو اپنے دور میں تصنیف تالیف کے معیار واسلوب کا تعین کرتے ہیں۔

علامہ شبلی نعمانی (۱۸۵۷ء- ۱۹۱۴ء) ایک عالم، مورّخ، شاعر وادیب اور سوانح نگار ہی نہیں، بلکہ ایک کامیاب مصنف ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہترین مدیر ومنتظم بھی تھے۔ وہ رسائل وجرائد کو علمی تحرک کے لیے ناگزیر قرار دیتے تھے۔ صرف یہی نہیں کہ وہ اچھے اور عالمی معیار کے رسائل وجرائد اپنے اور اپنے اداروں کے لیے منگواتے، بلکہ ہندوستان کے اہم رسائل وجرائد کے اجراء اور ان کی اشاعت کا سہرا بھی انہی کے سر جاتاہے اور ان کے اثرات ابھی تک جاری وساری ہیں۔

اگرچہ علامہ شبلی نعمانی کی علمی زندگی کے متعدد گوشے ہیں، اور ان میں سے بیسیوں پہلوؤں پر اہل علم خامہ فرسائی کرچکے ہیں مگر زیر نظر سطور میں ہمارے پیش نظر ان کے ایک علمی گوشے 'رسالہ اور اس کا مدیر' کے حوالہ سے چند معروضات پیش کرنا مقصود ہے بالخصوص اس تناظر میں بھی کہ پاک وہند سے درجنوں دینی، علمی اور تحقیقی رسائل وجرائد شائع ہورہے ہیں اور یہ سبھی جرائد اپنی جگہ پر اہم خدمت بھی سرانجام دے رہے ہیں۔ لیکن ان سطور میں

ہمارے پیش نظر علامہ شبلی نعمانی کے افکار اور کاوشوں کو اس تناظر میں دیکھنا کہ ایک علمی رسالہ کو کیسا ہونا چاہیے ؟ اس میں کس قسم کا لوازمہ درکار ہے ؟ پھر اس کا مدیر کن صلاحیتوں کا حامل ہو اور اسے کن امور پر توجہ دینی چاہیے ؟

علامہ شبلی نعمانی کی متفرق تحریرات اور مکتوبات میں ان پہلوؤں پر دلچسپ روشنی پڑتی ہے۔ زیر نظر مضمون دو حصوں پر مشتمل ہے پہلے حصے میں ان رسائل کا تذکرہ ہو گا جن کے علامہ شبلی نعمانی خود مدیر یا مدیر معاون رہے یا ان کے ذہن میں ایک معیاری رسالہ کا کیا خاکہ تھا؟ جب کہ مضمون کے دوسرے حصے میں ان کے مکتوبات کی روشنی میں ان پہلوؤں کو اجاگر کیا جائے گا جو ایک اچھے رسالہ اور مدیر کے لئے ضروری ہیں نیز معاصر مدیران کے لیے ان میں کون سے رہنما اصول ملتے ہیں۔

۱۔ محمڈن اینگلو اورینٹل کالج میگزین

سرسید احمد خان (م:۱۸۹۸ء) کے جاری کردہ انسٹی ٹیوٹ گزٹ علی گڑھ، کے ضمیمہ محمڈن انیگلو اونیٹل کالج میگزین، کو جب خالص علم و تحقیق سے مزین کرنا چاہا تو ان کی نظرِ انتخاب علامہ شبلی نعمانی پر پڑی اور انہیں اردو حصے کا ایڈیٹر مقرر کیا گیا۔

خود علامہ شبلی نعمانی رقمطراز ہیں:

> ”قریباً چار برس ہوئے کہ اس نام کا ایک رسالہ اردو ملا ہوا علی گڑھ کالج سے نکلنا شروع ہوا۔ اوّل اوّل وہ علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ کا ضمیمہ بن کر نکلتا رہا، لیکن ۱۸۹۴ء میں اس نے ایک مستقل رسالہ کی صورت اختیار کرلی۔ اس خیال سے اس کے منتظموں نے اس کو زیادہ وسعت دینی چاہی تاکہ وہ بالکل ایک علمی میگزین بن جائے، جس میں کالج کی خبروں کی علاوہ مسلمانوں کے علوم وفنون، تاریخ اور لٹریچر کے متعلق مفید اور پرزور مضامین لکھے جائیں۔ اس صیغہ کا اہتمام خاص میری سپردگی میں دے دیا گیا میں اس رسالہ کو ترقی دینے میں حتی الامکان کوشش کروں گا“۔[1]

چنانچہ علامہ شبلی نعمانی نے بحثیت مدیر مذکورہ رسالہ کو باقاعدہ علمی بنانے کے لیے نہ صرف اپنی ذاتی محنت وصلاحیت سے کام لیا بلکہ اپنے حلقہ احباب اور معاصرین کو بھی آمادہ کیا کہ وہ بھی رسالہ میں اپنا حصہ ڈالیں اس ضمن میں علامہ شبلی نے درج ذیل اقدامات کئے:

---

(۱) محمڈن اورینٹل کالج میگزین، علی گڑھ، جنوری ۱۸۹۶ء، ٹائٹل ص:۲۲

۱۔ سب سے پہلے اردو نامور اہل قلم، مصنفین اور انشاء پردازوں سے اس میں مضامین لکھنے کی فرمائش کی، چنانچہ نواب محسن الملک (م:۱۹۰۷ء)، منشی ذکاء اللہ (۱۹۱۰ء) ڈپٹی نذیر احمد (۱۹۱۲ء) اور مولانا الطاف حسین حالی (۱۹۱۴ء) نے مضامین لکھنے کا وعدہ کیا اور بعض اہل قلم کے مضامین پرچے کی زینت بنے۔ (۱)

۲۔ یہ بھی منصوبہ بنایا کہ اس میں اسلامی سلطنتوں کے تمدن اور انتظامی کارناموں پر علمی و تحقیقی مضامین قلم بند کئے جائیں اور پھر انہیں کتابی صورت میں شائع کیا جائے۔ (۲)

۳۔ اپنی تحریروں کے علاوہ سر سید احمد خان، منشی ذکاءللہ، بہادر علی، مولانا حالی اور ڈاکٹر ضیاء الدین کے علمی، ادبی، تاریخی اور تعلیمی مضامین کے ذریعے علامہ شبلی نے اس میں علمی شان پیدا کرنے کی کوشش کی۔

۴۔ رسالہ کے مضامین میں تنوع پیدا کیا گیا چنانچہ ادب، تاریخ، تہذیب وتمدن، سوانح کے علاوہ کالج کی سرگرمیوں اور اس کی تنظیموں کی روداد بھی شائع کی گئیں، بعض انگریزی مضامین کے ترجمے بھی شائع ہوئے جس میں پروفیسر آرنلڈ کے مضمون کا ترجمہ بھی شائع ہوا۔

۵۔ قدیم اسلامی کتابوں کی اشاعت کی تجویز بھی علامہ شبلی نے اس میگزین میں پیش کی۔ ان کے خیال میں یہ کام یورپ میں متعدد انجمن سر انجام دے رہی ہیں، کیوں نہ یہ کام خود مسلمان سر انجام دیں تاکہ دنیا کو بتائیں کہ مسلمانوں نے علوم وفنون کا کس قدر گراں مایہ چھوڑا ہے۔ (۳)

۲۔ ماہ نامہ الندوۃ کی ادارت

محمڈن اینگلو اور نیٹل کالج میگزین کی ادارت ۱۸۹۴ء کے دس سال بعد ۱۹۰۴ء میں علامہ شبلی نے ماہ نامہ الندوۃ کی ادارت سنبھالی۔ (۴) علامہ شبلی نے مذکورہ بالا رسالہ سے نسبتاً زیادہ آزادی کے ساتھ الندوۃ میں اپنے افکار وخیالات پیش کئے۔ ماہ نامہ الندوۃ کی اشاعت کے مقاصد درج ذیل تھے :

۱۔ علوم وفنون اسلامیہ پر ریویو

۲۔ علوم قدیمہ وجدیدہ کا موازنہ

۳۔ اثبات عقائد اسلامیہ از عقل

---

(۱) محمڈن اورینٹل کالج میگزین، علی گڑھ، جنوری ۱۸۹۶ء، ٹائٹل ص:۲۲

(۲) ندوی، سید سلیمان، حیات شبلی، دار المصنفین، شبلی اکیڈمی، اعظم گڑھ، یوپی (ہند)، ۲۰۰۸ء، ص:۱۶۲

(۳) محمڈن اور نیٹل کالج میگزین، علی گڑھ، جنوری ۱۸۹۶ء، ٹائٹل، ص:۲۲۵۵

(۴) ایضا: مئی ۱۸۹۶۶ء، ص:۲۱۶

۴۔ تحقیقات جدیدۃ

۵۔ کتب نادرہ قدیم پر ریویو

۶۔ رپورٹ ماہوار ندوۃ[۱]

مذکورہ بالا مقاصد کے ساتھ ساتھ مزید ان نکات کا بھی اضافہ کیا گیا۔

۷۔ اکابر سلف کی سوانح عمریاں جس میں زیادہ تر ان کے اجتہادات سے بحث ہوگی۔

۸۔ نصاب تعلیم پر مروجہ بحث

۹۔ علمی خبریں[۲]

چنانچہ مذکورہ اہداف ومقاصد کے ساتھ الندوۃ اگست ۱۹۰۴ء میں آب وتاب کے ساتھ نکلا اور جلد ہی علمی دنیا میں اپنا مقام بنالیا اس دور میں شاید ہی کسی اور رسالہ کو اس قدر مقبولیت ملی ہو۔

علامہ شبلی نعمانی نے اس رسالہ کے ذریعے جو مقاصد حاصل کئے وہ درج تھے:

۱۔ علامہ شبلی نے اپنے افکار وخیالات اسی مجلہ کے ذریعے پیش کئے جن کے ذریعے قدیم وجدید کی خلیج پاٹنے کی کوشش کی۔

۲۔ تصنیف وتالیف کے ذریعے طلبائے ندوۃ اور دیگر اہل قلم کی ذہنی ودماغی تربیت کی۔

۳۔ اسی رسالہ میں علامہ شبلی نعمانی نے سید سیلمان ندوی کو الندوۃ کا سب ایڈیٹر مقرر کیا اور انہیں رسالہ کی ادارت کے گر سکھائے۔[۳]

۴۔ مولانا ابو الکلام آزاد بھی الندوۃ میں مولانا شبلی کے زیر تربیت رہے، یہیں سے وہ علمی دنیا میں متعارف ہوئے۔ ابو الکلام آزاد کے الہلال کی شروعات بھی یہیں سے ہوئی۔[۱]

---

(۱) علامہ شبلی نعمانی کو الندوۃ، کی اشاعت کا خیال ۱۹۰۲ء میں آیا مگر ارکان نے اس کا ایڈیٹر مولانا حبیب الرحمن شروانی کو بنا دیا جب کہ مولانا شروانی کی خواہش تھی کہ وہ شبلی نعمانی کو بھی شریک کریں چنانچہ ۱۹۰۴ء میں اس کے دو ایڈیٹر مقرر ہوئے۔ اگست ۱۹۰۴ء میں پہلا شمارہ منظر عام پر آیا۔ دیکھیے: حیات شبلی، ص:۳۴۹،۳۴۸

(۲) مولانا حبیب الرحمن شروانی کے نام مولانا شبلی کا خط در مکتوبات شبلی، مرتبہ الیاس اعظمی، ادبی دائرہ اعظم گڑھ، ۲۰۱۲ء، ص:۱۵۔۱۶

(۳) ماہنامہ الندوۃ لکھنو، اکتوبر ۱۹۰۴ء، آخری صفحہ

۵۔ رسالہ کی ادارت اور مضامین پر تبصرے وغیرہ سے متعلقہ مواد کا اظہار انہوں نے اپنے مکتوبات میں کیا ہے جس سے رسالہ کی بابت ان کے افکار پر روشنی پڑتی ہے۔

ماہ نامہ الندوۃ نے علامہ شبلی نعمانی کی ادارت میں جو علمی فضابنائی اور جو اثرات ڈالے سید سلیمان ندوی نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

۱۔ اردو زبان میں علمی مباحث کا ایک بڑا ذخیرہ پیدا کر دیا۔

۲۔ جدید تعلیم یافتہ کو اسلام کے مذہبی اور علمی کارناموں سے آشنا کیا۔

۳۔ علماء کو جدید مسائل سے روشناس کیا۔

۴۔ عربی خواں طلباء میں اپنے پرانے ذخیروں سے کام لینے کا سلیقہ پیدا کیا۔

۵۔ اسلام اور تاریخ اسلام پر بہت سے اعتراضات کو رفع کیا۔

۶۔ قوم میں ندوۃ، ندوۃ العلما، کے مقاصد کی تبلیغ کی، اصلاح نصاب کی ضرورت سمجھائی اور عربی تعلیم کی اہمیت ذہن نشین کی۔(۲)

۳۔ ماہ نامہ معارف اعظم گڑھ کا منصوبہ

اس وقت ماہ نامہ معارف دارالمصنفین اعظم گڑھ کا مشہور رسالہ ہے جو اپنی عمر کے سو سال (۱۹۱۶ء۔۲۰۱۶ء) مکمل کر رہا ہے۔ علامہ شبلی نعمانی نے ۱۸۹۳ء میں ایک اشتہار دیا۔ جس میں ایک ماہوار رسالہ المعارف کا منصوبہ پیش کیا۔(۳) لیکن اس وقت شبلی مذکورہ رسالہ شائع نہ کر سکے بعد ازاں اپنی عمر عزیز کے آخری حصے میں جب انہوں نے دارالمصنفین کا ادارہ قائم کیا تو ایک بار پھر انہیں علمی رسالے کے اجرا کا خیال آیا، چنانچہ خود اس کا ایک ایک خاکہ تیار کیا اور اس کے اغراض ومقاصد کی تفصیل مہیا کی۔ جو کہ درج ذیل ہے:

۱۔ نام (رسالہ): معارف

۲۔ چیف ایڈیٹر: شبلی

۳۔ اسٹاف: مولوی سلیمان ندوی، مولوی عبد الماجد، مسٹر حفیظ، مولوی عبد السلام

---

(۱) شبلی نعمانی کے شاگرد رشید، سید سلیمان ندوی، ۱۹۰۶ء سے مارچ ۱۹۰۸ء تک پھر اگست ۱۹۰۸ء سے فروری ۱۹۱۰ء تک اسکے مدیر رہے۔ حیات شبلی، ص:۳۵۳

(۲) اکتوبر ۱۹۰۵ء سے مارچ ۱۹۰۶ء تک مولانا ابوالکلام آزاد، الندوۃ کے سب ایڈیٹر رہے، حیات شبلی ص:۲۵۲

(۳) ایضا: ص:۳۵۴

۴۔ تعداد صفحات و تقطیع کاغذ: ۲۰ x۲۹

۵۔ تنوعات مضامین فلسفہ تاریخ وقدیم وجدید، سائنس

ادبیات: شعر، اردو شاعری کی تاریخ اور اسالیب

اقتباسات: مجلات علمیہ یورپ اور مصر و بیروت

فن تعلیم: کتب نادرہ کا ذکر اور ان کے اقتباسات یا ان پر اظہار رائے

تنقید: کتب یا علوم جدیدہ پر۔

مصر سے المتقطف، الہلال، المنار اور بیروت سے المقتبس منگوائے جائیں۔ بہ قیمت یورپ کے علمی پرچے منگوائے جائیں۔ (۱)

علامہ شبلی نعمانی کی مذکورہ بالا رسائل سے وابستگی کے نتیجے میں اور ان کی تحریرات سے مدیر اور رسالہ سے متعلق جو نکات سامنے آتے ہیں وہ درج ذیل ہیں:

ا۔ مدیر کا بلند پایہ تخیل

کسی بھی رسالہ کے معیار کے لئے سب سے اہم بات تو یہ ہے کہ مدیر، مجلہ کو کسی سطح پر دیکھنا چاہتا ہے ؟اور رسالہ کے ذریعے کس قسم کی دریافتوں کو پیش کرنا چاہتا ہے ؟اس امر کا تعلق مدیر کی غیر معمولی بصیرت (Vision) پر مبنی ہے۔ اس کا تخیل جس قدر بلند ہو گا رسالہ کا معیار بھی اسی قدر بلند ہو گا۔

چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ علامہ شبلی نعمانی نے محمڈن اورینٹل کالج میگزین اور الندوۃ کی ادارت کے دوران کن بلند پایہ مقاصد کو پیش نظر رکھا اور ان رسائل کے ذریعے کس قسم کا علمی مزاج پیدا کیا۔ ڈاکٹر محمد الیاس اعظمی کے بقول ندوۃ سے متعلق ان (علامہ شبلی) کا بڑا کارنامہ ماہنامہ الندوۃ کا اجراء بھی ہے جس نے علمی دنیا میں ایک انقلاب برپا کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے ندوۃ کو جس معیار پر پہنچا دیا تھا ان کے بعد وہ کبھی اس بلند معیار تک نہ پہنچ سکا۔ (۲)

---

(۱) علامہ شبلی نعمانی ایک ماہوار رسالہ، المعارف، کا اشتہار سرمور گزٹ، نائن میں شائع کیا۔ مولانا نے دو صفحات پر مشتمل اس کا مکمل خاکہ شائع کیا اور مدیر معاون کے طور پر مسٹر آرنلڈ اور میر ولایت حسین جو علی گڑھ کالج میں پروفیسر تھے، کے نام تجویز کیے۔ مارچ ۱۸۹۳ء میں پہلا پرچہ نکالنے کا اعلان کیا مگر المعارف جاری نہ ہو سکا۔ دیکھیے: الاعظمی، محمد الیاس، آثار شبلی، دار المصنفین، شبلی اکیڈمی، اعظم گڑھ، ۲۰۱۳ء، ص: ۵۶۷۔۵۶۹

(۲) قلمی یاداشتیں محفوظہ، دار المصنفین، اعظم گڑھ، حوالہ مذکور، ص: ۵۷۰

الندوۃ کے نصب العین اوراثرات کا جائزہ لیتے ہوئے ڈاکٹر سید عبد اللہ (۱۹۵۸ء) نے لکھا:

"الندوۃ شبلی کے نیم جذباتی، دینی، تاریخی نقطہ نظر کا شارح اور مبلغ تھا، عالمانہ اور فاضلانہ مقالات کے باوجود اس کا نصب العین یہ تھا کہ ملک میں ایک علمی اور ذہنی انقلاب پیدا ہو۔ اس کی ادبی حیثیت بلند تر تھی اور اس کے مقالات کی روح اثباتی اور ایجابی تھی۔۔۔الندوہ کی اساس دینی اور قومی تاریخ پر تھی جس کو بعد میں الہلال (ابو الکلام آزاد) نے جاری رکھا۔ دارالمصنفین کا رسالہ معارف بھی اس نخل ادب کی ایک شاخ ہے"۔ (۱)

علامہ شبلی نعمانی نے اپنی آخری عمر میں "معارف" جیسے رسالہ کا بلند تخیل منصوبہ پیش کیا۔ جو اپنی اشاعت کے صد سال مکمل کر رہا ہے۔ آپ کے تلمیذ رشید سید سلیمان ندوی (۱۹۵۴ء) نے آپ کے تخیل کے مطابق جس معیار تک پہنچایا، برصغیر پاک وہند کی تاریخ میں کم ہی ایسے رسائل ہوں گے، جو اس بلندی پر پہنچے ہوں، اساطین علم نے ان کا برملا اعتراف کیا ہے۔ علامہ محمد اقبال (۱۹۳۹ء) اپنے ایک خط میں معارف کے مدیر سید سلیمان ندوی کو لکھتے ہیں:

"یہی ایک رسالہ ہے جس کے پڑھنے سے حررت ایمانی میں ترقی ہوتی ہے"۔ (۲)

مولانا ابولکلام آزاد (۱۹۵۸ء) نے بھی ایک خط میں سید سلیمان ندوی کو لکھا:

"معارف کے متعلق آپ کیا کہتے ہیں صرف یہی ایک پرچہ ہے اور ہر طرف سناٹا ہے بحمد اللہ مولانا شبلی نعمانی مرحوم تمنائیں رائیگاں نہیں گئیں اور صرف آپ کی بدولت ایک ایسی جگہ دار لمصنفین بن گئی، جو خدمت علم وتصنیف کے لئے وقف ہے"۔ (۳)

ڈاکٹر محمد حمید اللہ (۲۰۰۲ء) اپنے دور طالب علمی سے ہی ماہ نامہ معارف، کے قاری تھے بعد ازاں اس کے قلمی معاونین میں شامل ہوگئے، قیام حیدرآباد (دکن) میں تو رسالہ آسانی سے دستیاب ہو جاتا تھا مگر جب پیرس (فرانس) میں مستقل سکونت اختیار کرلی تو وہاں بھی باقاعدگی سے معارف منگواتے رہے۔ اگر معارف نہ ملتا تو بے تاب ہو جاتے۔ چنانچہ ایک مکتوب میں مدیر معارف شاہ معین الدین احمد ندوی کو مضمون کی فرمائش پر تفصیلی خط لکھا۔

"میں معارف میں کم لکھتا ہوں تو اس کی وجہ یہ نہیں کہ میری نظر میں اس کی عزت کم ہے۔ واقعہ تو یہ ہے کہ آج کل ساری دنیائے اسلام میں عرب ہو کہ عجم، کوئی اسلامی رسالہ اسلامیات پر اعظم

---

(۱) آثار شبلی، حوالہ مذکور، ص:۵۵۸

(۲) سید عبد اللہ، سرسید اور ان کے نامور رفقاء، ص:۲۱۲

(۳) شیخ عطاء اللہ، اقبال نامہ، حصہ اول، (مکتوب نمبر ۴) ص:۸

گڑھ والے معارف، کے معیار کا نہیں اوروں کا کاغذ اور طباعت بہتر ہو سکتی ہے لیکن مضامین کے مندرجات میں علمی معیار بد قسمتی سے کچھ بھی نہیں، خدا معارف کو سلامت با کرامت رکھے، میں خود معارف میں جگہ پاؤں تو اپنے لئے باعث عزت سمجھتا ہوں"۔ (۱)

۲۔ اہل علم و قلم سے رابطہ

مجلّہ کے معیار کے لئے ضروری ہے کہ جہاں مضامین میں تنوّع ہو وہیں اہلِ قلم سے رابطہ کیا جائے اور نامور اہل علم سے بہ اصرار مضامین لکھوائے جائیں کیونکہ اکیلا مدیر پرچے کی ضروریات پوری نہیں کر سکتا۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ مدیر خود رسالہ کی ترتیب کا ایک خاکہ بنائے اور پھر علمی و ملی ضروریات کے تحت ہر فن کے ماہرین سے رابطہ کرے اور ان کو مختلف موضوعات دے کر ان پر نگارشات حاصل کرے پھر رسالہ کے تقاضوں کے مطابق بہ اجازت مصنف ان کی تدوین کرے۔

سید سلیمان ندوی "حیاتِ شبلی" میں رقمطراز ہیں:

"مولانا نے دارالعلوم، ندوۃ العلماء میں قدم رکھنے کے ساتھ چند ہونہار طالب علموں کو اپنے گرد جمع کر لیا ان میں سب سے پہلا نام ہمارے مخلص دوست مولانا ضیاء الحسن صاحب کاکوروی کا ہے۔ مولانا کے پاس مصر و شام کے عربی رسائل اور جدید تالیفات آتی رہتی تھیں۔ وہ انہوں نے ہم لوگوں کے حوالہ کیں اور ان میں سے بعض مضامین کی تلخیص اور ترجمہ کی ہدایت کی۔ چنانچہ مولوی ضیاء الحسن کو مصر کا فلسفیانہ رسالہ المقتطف جس میں انہوں نے عمر اور صحت کی تدابیر کے مضمون کا ترجمہ کیا جو دسمبر ۱۹۴۰ء کے پرچہ، الندوہ، میں چھپا مجھے جرجی زیدان کی کتاب 'اللغۃ العربیۃ' حوالہ کی اور اس کی تلخیص کی ہدایت فرمائی۔ جس کی تعمیل ہوئی یہ مضمون جنوری ۱۹۰۵ء میں نکلا اور پسند ہو خاطر ہوا،۔۔۔ ۱۹۰۶ء میں اس جماعت میں ایک اور رکن کا اضافہ ہوا۔ یہ مولوی عبد السلام صاحب ندوی تھے جن کو تحریر و انشاء کا فطری مذاق تھا۔ ان کے پہلے ہی مضمون کو مولانا نے بے حد پسند کیا اور پانچ روپے انعام دیا اور اصلاح کے بغیر مختصر تمہید کے ساتھ ۱۹۰۶ء میں شائع کیا"۔ (۲)

---

(۱) محمد سرور، مرتبہ خطوط محمد علی، مکتبہ جامعہ دھلی، ۱۹۰۴ء ص:۶۶

(۲) ماہنامہ معارف، اعظم گڑھ، ج ۱۱، شمارہ ۱، جنوری ۱۹۷۳ء، مکتوب حمید اللہ، ص:۷۳

۳۔ مدیر معاونین کا تقرر و تربیت

کسی بھی رسالہ کے بہتر معیار کے لئے ضروری ہے کہ مدیر تقسیم کار سے کام لے۔ بالخصوص ذھنی و قلمی تربیت کے لئے ایسے افراد بطور معاون مدیر اور رفیق کے تیار کئے جائیں جو مدیر کی عدم موجودگی یا اسکے بعد ادارتی ذمہ داریاں سنبھال سکیں۔ علامہ شبلی نے بھی ایسے متعدد افراد تیار کئے اور ان کے خطوط میں ایسے امور کا تذکرہ ملتا ہے۔

چنانچہ خود علامہ شبلی نعمانی نے اپنے لئے جن معاون مدیران کی تجویز پیش کی ان میں سید سلیمان ندوی، عبد الماجد دریابادی، مسٹر حفیظ اور عبد السلام ندوی جیسے اہل علم شامل ہیں۔ ان کی صلاحیتوں پر اگر نظر ڈالی جائے تو عربی، فارسی اور انگریزی زبان کے علاوہ جدید و قدیم علوم و فلسفہ پر گہری نظر رکھنے والے شمار کئے جاتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد الیاس اعظمی کے خیال میں:

> "چنانچہ سید سلیمان ندوی عبد السلام ندوی، ابو الکلام آزاد، مولانا ضیاء الحسن ندوی، خواجہ الوحید اور عبد اللہ عمادی وغیرہ نے اسی رسالے ،الندوۃ، سے ناموری حاصل کی اور نامور مصنف ہوئے ۔ تصنیف و تالیف کے لئے علامہ شبلی نے یہیں مولانا سید سلیمان ندوی کی تربیت کی اور اس کے تمام گر سکھائے، انہیں ،الندوۃ، کا سب ایڈیٹر مقرر کیا۔ شذرات لکھنے کا آغاز انہوں نے یہیں سے کیا۔ سید صاحب کی ماہنامہ ادارت اور اس کی خدمات کا اگر بہ نظر غائر مطالعہ کیا جائے تو یہ حقیقت پوشیدہ نہ رہ سکے گی کہ یہ سب شبلی کی اسی تربیت کا نتیجہ ہے"۔ (۱)

اسی طرح مولانا ابو الکلام آزاد بھی الندوۃ ہی میں شبلی کے زیر تربیت رہے۔ یہیں سے وہ علمی دنیا میں متعارف ہوئے۔ ارباب نظر جانتے ہیں کہ الہلال میں جو کچھ جلوہ گر ہو، اصلاً اس کا تخم ماہ نامہ الندوۃ ہی میں پڑا تھا۔ مولانا آزاد کے علاوہ مولانا عبد السلام ندوی بھی الہلال سے اس کے دور عروج میں وابستہ رہے، جن کی تربیت شبلی نعمانی نے الندوۃ میں کی تھی۔ (۲)

علاوہ ازیں علامہ شبلی نعمانی معاون مدیر کو ہدایات دیتے تھے۔ اور رسالہ کے ہر پہلو پر ان کی نظر تھی۔

---

(۱) حیات شبلی، حوالہ مذکور، ص:۳۳۸-۳۳۹

(۲) آثار شبلی، ص:۳۹۵

سید سلیمان ندوی کو لکھتے ہیں :

"ابن رشد کا بقیہ بھیج دیا ہے اور مضامین کی ترتیب پیشانی پر بتادی ہے، کمی پڑے تو کوئی اور مضمون لکھ لینا"۔ (۱)

۴۔ ادارتی باریکیوں پر نظر

ایک اچھا مدیر محض علمی لوازمہ کا اہتمام ہی نہیں کرتا بلکہ مضامین کے انتخاب وترتیب سے لے کر ادارت وطباعت تک کے تمام مراحل پر کڑی نگاہ رکھتا ہے کیونکہ کسی بھی لحاظ سے غفلت لاپرواہی محلہ کے معیار کو گرا سکتی ہے۔ علامہ شبلی کے خطوط میں جابجا ایسی ہدایات نظر آتی ہیں۔

مولوی عبد السلام ندوی کو لکھا:

"رسالہ ادیب کی نسبت تم نے جو ریمارک لکھا ہے وہ ایڈیٹوریل میں لکھا جس سے قیاس ہوتا ہے کہ میرا لکھا ہوا ہے، مجھ کو اس سے نہایت افسوس ہوا' وہ میرا طرز عبارت نہیں ہے اور جو مصرع تم نے نقل کیا ہے، اس کو تم اپنے حق میں ازالہ ءحیثیت عرفی سمجھتا ہوں، آئندہ احتیاط رکھو کہ ایسے مبتذل اور عامیانہ فقرے درج نہ ہونے پائیں"۔ (۲)

سید سلمان ندوی کو لکھتے ہیں:

"الندوۃ کے پرچے دیکھے، بدخطی اور ناموزوں ایک طرف' الفاظ کا مسخ ہونا کیونکر گوارا کرتے ہو ؟ لکھنوء میں بھی غلطیاں ہوتی تھیں لیکن یہ تو محض نسخ اور تحریف ہے یا تو کاپیاں خود مقابلہ کر کے عبد الصمد سے صحیح کرالو، ورنہ پرچے کے غارت کرنے سے کیا فائدہ ایک سطر بھی تو صحیح نہیں ہوتی ،افسوس میں پہلے کہتا تھا کہ وہاں کے کاتب سخت جاہل ہیں"۔ (۳)

ایک اور جگہ لکھتے ہیں:

"تم سب ایڈیٹر، معاون مدیر، تھے دفعتاً لکھنوء سے چل دیئے۔ کسی کو خبر تک نہ کی، اس کی کچھ فکر نہیں کہ پرچہ آئندہ کے لئے مضامین تیار ہیں یا نہیں کاپیوں کی تصحیح کون کرے گا، میں نے ایک

---

(۱) حیات شبلی، ص:۳۲۸، ۳۳۹

(۲) ندوی، سید سلیمان، مکاتیب شبلی، حصہ دوم، دار المصنفین، شبلی اکیڈمی، اعظم گڑھ، ص:۶۲

(۳) مولانا عبد السلام ندوی نے رسالہ ادیب (الہ آباد) پر مبالغہ آمیز تبصرہ کیا تھا، اس کے جواب میں مولانا نے تنبیہ کی۔ دیکھئے: مکاتیب شبلی، حصہ دوم، حوالہ مذکور، ص:۱۴۹

خط لکھا اس کا جواب ندارد"[۱]

مزید ایک مکتوب میں آپ مخاطب ہیں:

"تمہاری ضرورت اس لئے ہے کہ مبیضہ پر نظر ثانی کرو، کوئی غلط بات درج ہوگئی ہو یا فروگزاشت ہوگئی ہو، ان کو نوٹ کرتے جاؤ، بعض امور میں مشورہ کی بھی حاجت ہے، چند مہینہ کے بعد تم بالکل آزاد ہو جو تمہاری اسکیم ہو اس کے موافق کام کرو میں ہر کام میں مدد دینے کے لیے تیار ہوں۔ اگر رسالہ نکالتے ہو تو ٹائپ میں کیوں نکالو ہو نہ نکالو، الہلال پریس اچھا ہے"۔ [۲]

مولانا حبیب الرحمن شیروانی کو لکھتے ہیں:

"ہاں یہ بتایئے کہ تقطیع کیا ہو، کیا اردوئے معلی کے برابر؟ لیکن خط اس سے جلی ہونا چاہیے۔ ایڈیٹر کا ترجمہ عربی میں کیا ہو گا۔ دبیر، مدیر، سے اچھا کوئی لفظ نہیں ملتا۔ لوح پر ایڈیٹروں کا نام لکھا ہو گا، میں اس کو بھی اڑا دیتا لیکن اول تو سرکاری حکام سے اس کی ضرورت ہے دوسرے یہ کہ نئے لوگوں میں ندوۃ کی ہوا اس قدر اکھڑ چلی ہے کہ محض ندوۃ کے نام سے اس حلقہ میں کچھ دقت نہ ہو گی۔ یہاں کے رسالہ کے صفحات کس قدر ہوں 'میں دو جزء کافی سمجھتا ہوں"۔ [۳]

معاصر مجلات ورسائل پر اگر نظر ڈالی جائے تو اس طرح کی بے احتیاطیاں عام نظر آئیں گی مثلاً املاو زبان کی اغلاط کی بھرمار ہو گی۔ درمیان میں خالی صفحات رہ جانا ایک صفحہ کا دوبار چھپ جانا، حوالہ جات اور حواشی ایک ہی رسالہ میں مختلف انداز سے ہونا، مضمون کے آغاز میں مناسب، تمہید کا نہ ہونا، آخر میں خلاصۂ بحث کے بغیر مضمون اچانک ختم ہو جانا، نئے مضمون کا آغاز نئے صفحہ سے نہ ہونا وغیرہ۔ یہ سبھی امور مدیر کی توجہ کے محتاج ہیں۔

۵۔ معیاری مضامین کا انتخاب

کسی بھی رسالہ میں اشاعت کی غرض سے متعدد مضامین آتے ہیں۔ ایک اچھے مدیر کا کام یہ ہے کہ رسالہ کے لئے عمدہ مضامین کا انتخاب کرے۔ اس غرض کے لیے ضروری ہے کہ سب سے پہلے مدیر خود مضمون کو دیکھے اگر ممکن ہو تو اس فن کے ماہر (Export) سے اس پر رائے بھی لے لی جائے۔ مضامین کی بہتری کے لیے اگر ممکن ہو تو یہ

---

(۱) ایضاً، حصہ دوم، حوالہ مذکور، ص:۶۴

(۲) محمد الیاس، مکتوبات شبلی، الاعظمی، ادبی دائرہ اعظم گڑھ، ۲۰۱۲ء، ص: ۱۲۰

(۳) محمد الیاس، مکتوبات شبلی، الاعظمی، ادبی دائرہ اعظم گڑھ، ۲۰۱۲ء، ص:۶۵

اجازت مصنف ترمیم و تدوین کا حق بھی استعمال کرے تا کہ مجلہ میں معیاری تحریرات ہی جگہ پا سکیں۔ شبلی نعمانی کے خطوط میں متعدد اشارے اس حوالہ سے بھی ملتے ہیں۔

علامہ شبلی حبیب الرحمن شیروانی کے نام لکھتے ہیں:

”مضمون نگاروں کا یا کسی اور کا مضمون اس وقت نہ چھپنے پائے جب تک میں یا آپ اس کو دیکھ نہ لیں“۔ (۱)

ایک خط میں حمید الدین فراہی کو لکھتے ہیں:

”الندوہ کے لئے لکھ دوں گا۔ تمہارا حسن ظن صحیح نہیں ہے، جس دن سے الندوۃ نکلا میں بیمار ہوا اور اب تک اطمینان نہیں، اس کے مضامین دل خواہ نہیں لکھے گئے“۔ (۲)

ایک اور خط میں لکھتے ہیں:

”نواب علی کا مضمون مجبوراً بھیجا گیا ہے اگر اور مضمون مل سکے تو شائع نہ کرو“۔ (۳)

ایک اور خط میں سید سلیمان ندوی کو لکھتے ہیں:

”عزیزی! چند روز تک میرے مضمون سے اب پرچہ بالکل خالی رہے گا دیکھو ایسا نہ کہ اپنی حیثیت سے گر جائے، ایک غزل بھیجتا ہوں اس کو اخیر میں چھاپ دینا“۔ (۴)

یہاں ایک سوال یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ آیا خود مدیر کی نگارشات اس مجلہ کی زینت بنی چاہیں جس کا وہ خود مدیر ہے، شبلی نعمانی کے افکار سے تو اس پر یہی روشنی پڑتی ہے کہ خود اسے بھی اپنی تحریرات و مضامین مجلہ میں شائع کرنا چاہیے اکثر و بیشتر ہندوستان کے مجلات کی تاریخ یہی بتاتی ہے۔ تاہم دور جدید کا ایک رجحان یہ بھی سامنے آیا ہے کہ مدیر کی نگارشات کسی بھی طور سے اس مجلہ میں شامل نہیں ہونا چاہیں کہ جس کا وہ خود مدیر ہے اس وجہ سے کہ شاید تحریر کا وہ معیار نہ رہے مگر راقم کے خیال میں مدیر کی نگارشات بھی مجلہ کی زینت بنی چاہیں مگر اس کا طریقہ کار بھی وہی مد نظر رکھے جو دیگر مضامین کا اختیار کیا گیا ہے اور قارئین کرام اس کے معیار کا بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں۔

---

(۱) مکاتیب شبلی، حصہ دوم، حوالہ مذکور، ص: ۱۰۲

(۲) مکتوبات شبلی، ص:۱۱۹

(۳) مکتوبات شبلی، ص:۱۹۹

(۴) ندوی، سید سلیمان، مکاتیب شبلی، حصہ دوم، ص:۶۲

٦۔ رسالہ کے لئے پیشگی لوازمہ کا اہتمام

ایک اچھے رسالہ کی باقاعدہ اشاعت کے لئے مضامین ومقالات اور دیگر لوازمہ کا اہتمام بروقت ہی نہیں قبل ازوقت کرلیا جائے وگرنہ عین موقع پر ممکن ہے کہ معیاری مواد ہاتھ نہ آئے اور پرچہ لیٹ ہوجائے یا غیر معیاری مضامین شائع ہوجائیں۔ اس غرض کے لیے اہل علم سے پیشگی رابطہ اور مقالات حاصل کرنا ازحد ضروری ہے، علامہ شبلی نعمانی نے اپنے مکتوبات میں اس پہلو پر بھی توجہ مبذول کروائی ہے۔

ایک خط میں حبیب الرحمن شروانی کو لکھتے ہیں:

"مکرمی! یورپ میں قاعدہ ہے کہ جب کوئی علمی رسالہ نکالنا چاہتے ہیں تو قریباً سال بھر کے مضامین تیار کرلیتے ہیں' تب نکالتے ہیں۔ الندوہ کے لئے بھی یہ ہونا چاہیے اور چونکہ بڑی دقت چھپنے کی ہے اس لئے میری تو یہ رائے ہے کہ دو تین مہینے کا ذخیرہ اس طرح چھپوالیا جائے کہ صرف ٹائٹل پیج اور علمی خبروں کا اضافہ کردینے کے بعد رسالہ بن جائے"۔[(۱)]

ایک خط میں سید سلیمان کو ندوی لکھتے ہیں:

"میرا مضمون تم کہاں رکھ گئے؟ صفر کے لئے تم نے کچھ لکھا تھا یا نہیں، اگر لکھا تھا تو کہاں رکھ گئے ہو، اس بے پروائی سے تم جایا کرتے ہو کہ میں سخت پریشان ہوں، محرم ہوچکا، صفر کا کچھ سامان نہیں"[(۲)]

مزید لکھتے ہیں:

"کم از کم دو مہینے پہلے ہر پرچے کے مضامین تیار رہنے چاہئیں، تاکہ پرچہ وقت پر تیار رہے۔ تمام میگزین یہی کرتے ہیں، اس کے ساتھ تمام اہل قلم سے خط وکتابت رکھنی چاہیے"[(۳)]۔

اس پہلو سے اگر معاصر مجلات پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ پرچہ محض سال چھ ماہ کے لئے تاخیر کا شکار نہیں رہتا، بلکہ دو دو سال کے لئے بھی دیر سے شائع ہوتا ہے۔ اگرچہ ہائر ایجوکیشن پاکستان (HEC) نے اپنے احاطہ کار میں شامل مجلات کے لئے اس امر کا خصوصی اہتمام کیا ہے۔

---

(۱) ایضا، ص:۶۲

(۲) مکاتیب شبلی، حوالہ مذکور، ص:۱۱۹

(۳) ایضا، ص:۱

۷۔ معاصر مجلات پر نظر

ایک باخبر مدیر معاصر مجلات پر بھی گہری نظر رکھتا ہے قومی و بین الاقوامی سطح پر کس فن (Discipline) میں کون سے مجلات شائع ہو رہے ہیں۔ معیاری مجلات اور ادارت کے لحاظ سے ان میں کیا خوبیاں ہیں، علاوہ ازیں معاصر مجلات سے ترجمہ واختصار کی صورت میں استفادہ بھی ممکن ہے۔ ایک اچھا مدیر' ان تمام پہلوؤں پر گہری نظر رکھتا ہے اور اپنے مجلہ کے معیار کر مزید بہتر بنا سکتا ہے۔ علامہ شبلی نعمانی خود بھی معاصر مجلات کا مطالعہ کرتے رہتے تھے اور اپنے معاون مدیران کو بھی اس طرف توجہ دلاتے رہتے تھے۔

سید سلیمان ندوی کے نام ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

> ”رسالہ المنار مصر کا مشہور رسالہ جو علامہ رشید رضا مصری کی ادارت میں شائع ہوتا تھا، میں اب کے مسلمانان روس کی تعلیمی و تجارتی حالت مفصل چھپی ہے۔ اس کو الندوہ میں لو پرچہ اگر وہاں نہ ہو تو، عبد اللہ عمادی کے ہاں سے منگوا لینا،[۱] مزید لکھتے ہیں، مصر میں جامعہ مصریہ کا خاص پرچہ نکلا ہے، یہی نام ہے، اس کے لئے ایڈیٹر سے خط وکتابت کرو، اپنا پرچہ بھیجو اور مبادلہ (Exchange) کی درخواست کرو“۔[۲]

ماہنامہ معارف کا جب خاکہ تیار کیا تو اس میں یہ تحریر کیا مصر سے المنقطف، الہلال، المنار اور بیروت سے المقتبس، منگوائے جائیں۔ بہ قیمت یورپ کے علمی پرچے منگوائے جائیں[۳] چنانچہ شبلی نعمانی مصر، شام، بیروت اور یورپ سے متعدد وسائل منگواتے اور ان سے استفادہ کرتے اور ملکی ومقامی رسائل جن میں ادیب، اردوئے معلی، الہلال، مخزن وغیرہ بھی منگواتے۔

۸۔ کتب جدیدہ پر تبصرے اور خبروں کا اہتمام

ایک اچھا مدیر محض مقالات کی اشاعت پر ہی اکتفاء نہیں کرتا بلکہ اپنے رسالہ میں تازہ مطبوعات اور رسائل وجرائد پر تبصرے بھی شائع کرتا ہے۔ علاوہ ازیں علمی دنیا اور اپنے اداروں کی پیش رفت سے بھی آگاہ کرتا ہے، تاکہ

---

(۱) أیضا، ص:۶۹، ۷۰

(۲) أیضا، حصہ دوم، ص:۶۳۶

(۳) ایضا، ص:۷۳

ایک قاری قلم وکتاب کی دنیا سے پوری طرح باخبر رہے۔ علامہ شبلی نعمانی نے الندوۃ کا خاکہ بنایا تو اس میں تحقیقات جدیدہ اور رپورٹ ماہوار الندوہ کا اہتمام کیا اسی طرح معارف کے منصوبہ میں بھی اسے نہایت اہتمام سے شامل کیا۔

سید سلمان ندوی کو لکھتے ہیں:

"عزیزی تم نے غلطی کی اور ہمیشہ ہی غلطی ہوتی ہے کہ الندوۃ میں علمی خبریں نہیں دیتے ہو جس کی وجہ سے اب کے ۲۲۰ روپے کا نقصان اٹھانا پڑا"[۱]

کتب پر نقد و تبصرے سے قارئین نہ صرف نئی کتب سے باخبر رہتے ہیں بلکہ اس کے مضامین سے بھی آگاہ ہوتے ہیں۔

۹۔ رسالہ کی نشرواشاعت کا اہتمام

مدیر کا محض کام یہ نہیں ہے کہ ایک اچھا رسالہ ترتیب دے بلکہ اسے اہل علم اور کتب خانوں تک پہنچانا اور اس غرض کے لیے تگ ودو کرنا بھی اس کے فرائض میں شامل ہے۔ بالعموم سرکاری ادارے اور ان سے شائع ہونے والے سرکاری مجلات ورسائل ان امور پر خاطر خواہ توجہ نہیں دیتے اور دفتری وکاغذی کاروائی پر ہی اکتفاء کرتے ہیں۔ نہ جانے کتنی مفید کتب اور قیمتی رسائل وجرائد ان اداروں سے شائع ہوتے ہیں اور سٹورز میں دبے رہ جاتے ہیں اور اہل علم اور کتب خانوں تک ان کی رسائی نہیں ہوتی۔ ان کی اشاعت کا دائرہ بھی محدود ہے گا۔

شبلی نعمانی نے سید سلیمان ندوی کو لکھتے ہیں:

"(مطبع) آگرہ کو میں ہرگز گوارا نہیں کرسکتا۔ ندوہ کا رسالہ کم ازکم اردوئے معلی اور مخزن سے زیادہ خوش خط اور نفیس الطبع ہو۔ اس کے لئے ندوہ خود ایک پریس کیوں نہ کھولے ندوہ کے پاس چھاپنے کے لئے خود اتنا کام رہتا ہے کہ ایک پریس بخوبی چلا سکتا ہے"۔[۲]

شبلی نعمانی نے حبیب الرحمن شروانی کو ایک اور خط میں لکھا :

"ندوہ کا رسالہ ندوہ کی علمی عزت کو تھام لے گا..... قیمت صرف (۲روپے) اور غایت کثرت سے تمام ہندوستان میں پھیلایا جائے گا یہاں تک کہ کم از دس ہزار پرچے شائع ہونے لگیں۔ وکلائے ندوۃ کو اس کی اشاعت میں بہت کامیابی کی امید ہے یقین کیجئے کہ اگر عمدگی سے اسی پرچہ کو چلایا

---

(۱) آثار شبلی، حوالہ مذکور، ص:۵۷۰

(۲) مکتوبات شبلی، حوالہ مذکور، ص:۱۱۶

جائے تو ندوہ کی مستقل آمدنی ہو جائے گی اور خود وہ ایک بڑی قوت ثابت ہو گا۔ فوراً ناظم سے دریافت کر کے جواب لکھئے"۔ (۱)

مدیر کو چاہیے کہ رسالہ کا پتہ، اپنا اور دفتر کا فون نمبر اور ای میل وغیرہ واضح طور پر لکھے اگر انٹرنیٹ پر بھی مجلہ دستیاب ہو جائے تو اس کی رسائی زیادہ سے زیادہ افراد تک ہو سکتی ہے۔ اس غرض کے لیے اپنا یو آر یل بھی واضح کرے۔ نیز قومی و بین الاقوامی سطح کے اشاراتی اداروں (Indexing Agencies) کے ذریعے مجلہ کے عنوانات اور ملخص کی رسائی زیادہ سے زیادہ افراد تک کی جائے۔

خلاصہ بحث:

وطن عزیز پاکستان میں بیسیوں علمی و تحقیقی اور دینی رسائل و جرائد ماہنامہ، سہ ماہی، ششماہی اور سالانہ بنیادوں پر شائع ہوتے ہیں۔ ۲۰۰۶ھ سے ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان (HEC) نے جامعاتی رسائل و جرائد کے لئے ایک پالیسی وضع کی ہے تاکہ رسائل و جرائد کا معیار بلند ہو۔ اگرچہ معیاری رسائل و جرائد کی اشاعت ایچ ای سی کے قیام سے پہلے بھی ہو رہی تھی مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے ایچ ای سی کے ضابطہ کے بعد ان کے معیار میں مزید کس قدر بہتری پیدا ہوئی ہے۔ ایچ ای سی یا اس نوعیت کا کوئی بھی ادارہ جب کوئی بھی ضابطہ کار وضع کرے گا اس پر عمل درآمد کروانا مدیر اعلیٰ، مدیر اور مجلس ادارت ومشاورت ہی کی ذمہ داری ہے۔ بظاہر ایچ ای سی کے منظور شدہ (Recognized) رسائل کی ایک طویل فہرست موجود ہے اور ہر رسالہ میں مجلس ادارت اور مشاورت میں ملکی وغیر ملکی اہل علم کے نام بھی موجود ہوتے ہیں مگر ان سے استفادہ اور مشاورت کس حد تک ہوتی ہے؟ آمدہ تحریرات پر ماہرین سے آراء اور اس کے نتیجے میں ترمیم و تنسیخ کس حد تک ہوتی ہے؟ اگر حقیقی معنوں میں ایچ ای سی کے ضابطوں پر عمل ہوتا ہے اور مدیر و مجلس مشاورت اپنے فرائض ذمہ دارانہ طور پر سرانجام دیتے ہیں تو اس امر کا جائزہ لینا بھی ناگزیر ہو گا کہ وطن عزیز کے کتنے رسائل بین الاقوامی معیار پر پورا اترتے ہیں۔

یہ ایک لمحہ فکریہ ہے اگر ایسا نہیں ہے تو مجلہ معارف جس کا منصوبہ علامہ شبلی نعمانی نے بنایا اور ان کے شاگرد رشید سید سلیمان ندوی نے اس میں رنگ بھرا کے بارے میں ابوالکلام کا یہ تبصرہ کس قدر صادق آتا ہے۔ معارف کے متعلق آپ کیا کہتے ہیں صرف یہی ایک پرچہ ہے اور ہر طرف سناٹا ہے۔

❁ ❁ ❁

(۱) مکاتیب شبلی، حصہ دوم، ص: ۷۲

اسلامی مملکت کے بین الاقوامی تعلقات

(عصر حاضر کے تناظر میں)

International Relations of Islamic State

(In Contemporary Perspective)

ڈاکٹر فرید الدین طارق*

ABSTRACT

Islam where considers the superiority of law, provision of justice and equity, building and purification of civilization and emphasis on the welfare of society, there ensures the first priority to humanity, peace and prosperity in the external relations .

Islamic state keeps relations on the basis of equality with the world and non-Muslim citizens living within the state. On this belief and ideology Islam invites the world to set together. Islam on these principles of Islamic ideology and belief sets the foundation of collectiveness. On this principle the whole philosophy of life and living system are embraced, and the same Islamic law is the foundation of nations, on this behalf the Islamic state organized the relation with other states. In this way Islamic state on these principles keep relations with other states and within the state relations between Muslim and non-Muslim citizens on the basis of brotherhoods, equality, mercy and the principles of dignity of human being .

Along with peace Islam set the principles of war which comprise ethical and prison limitations, duties and ethics amongst warrior, difference between the rights of fighters and non-fighters, treatment with pact holders and prisoners, and specified the way of better treatment with the defeated nations. He thought the manners of war to bloody man who consider everything right during the war.

Islam lays great stress on equality, social justice, brotherhood and peace not only in state but across the boarders too. In this article a deep study is done to explain the relations of an Islamic state with other states. Islamic foreign policy emphasizes on the principles of equality among all the human beings and all the races and nations. Islam builds international relation on humanitarian basis.

Keywords: *International relations, State Islamic, Brotherhood Muslims, Contemporary.*

---

* لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی، مظفر آباد

بین الاقوامی قانون' اقوام اور ممالک کے مابین تعلقات کی نوعیت وضوابط طے کرنے کا نام ہے۔ قانون کے اس شعبہ کے لیے عموماً 'بین الاقوامی قانون' جبکہ انگریزی میں 'International Law' کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے۔ فقہاء اسلام نے قانون کے اس شعبہ کے لیے مذکورہ بالا اصطلاح کے بجائے ایک منفرد اصطلاح اختیار کی ہے جو بالواسطہ قرآن مجید اور احادیث رسول ﷺ سے ماخوذ ہے فقہاء نے فقہ اسلامی کے اس شعبہ کے لیے "سِیَر" کی اصطلاح اختیار کی جو سیرت کی جمع ہے "سِیرت" کے لفظی معنی ہیں طرز عمل، "رویہ" یا زندگی کا اسلوب [۱]

اصطلاح میں "سِیَر" سے مراد مسلمانوں کا وہ طرز عمل اور رویہ ہے جو ان کو غیر مسلموں سے تعلقات، صلح وجنگ، دوسری ریاستوں سے تعلقات اور دیگر بین الاقوامی اور بین الممالک اداروں اور افراد سے لین دین و دیگر امور میں اپنانا چاہیے۔ [۲]

بین الاقوامی تعلقات کا اسلامی تصور

یہ بات انسانی مزاج میں شامل ہے کہ وہ باہمی تعلقات میں اپنے اور پرائے کا فرق کرتا ہے اور اس بنیاد پر تعلقات کی نوعیت اور ترجیحات طے کرتا ہے لیکن کس کو اپنا اور کس کو پرایا سمجھا جائے؟ اس کا دارومدار قوموں کے اپنے تصور زندگی اور نظریہ حیات، قومی مزاج، تہذیبی پس منظر اور اصول وتمدن پر ہوتا ہے بعض اقوام نسلی یکجہتی کو اس کی بنیاد قرار دیتی ہیں دور حاضر میں بھی بالادست اقوام ایک خاص نسل، رنگ کی بنیاد پر ہی اپنے بین الاقوامی تعلقات استوار کرتی ہیں، لیکن اسلام کے نظام کی بنیاد لسانی جغرافیائی وحدت، علاقائی یا نسلی عصبیت نہیں بلکہ صرف ایک عقیدہ اور نظریہ پر ہے یہی کائنات کی بڑی اولین حقیقت ہے جس کی بنیاد پر بین الاقوامی نظام مرتب کیا جاسکتا ہے۔ اسلام نے بلا تفریق رنگ و نسل کی بنیاد پہ انسانیت کو اکٹھا کیا ہے اس لیے اسلام میں رنگ و نسل کی بنیاد پر کوئی کسی سے بالاتر نہیں ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن ذَكَرٍ وَأُنثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوباً وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ﴾[۳]

ترجمہ: لوگو ہم نے تم کو ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا اور پھر تمھاری قومیں اور برادریاں بنادیں تاکہ تم ایک

---

(۱) وھبۃ الزحیلی، الدکتور، الفقہ الاسلامی وادلۃ، ط، دار الفکر، دمشق شام، ۱۹۸۹ء، ۴/ ۳۶۲

(۲) أیضاً: ۳۶۲

(۳) سورۃ الحجرات: ۴۹/ ۱۳

دوسرے کو پہچانو در حقیقت اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ پرہیز گار ہے، یقیناً اللہ سب کچھ جاننے والا اور باخبر ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر ارشاد فرمایا:

((يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَلَا إِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ وَإِنَّ أَبَاكُمْ وَاحِدٌ أَلَا لَا فَضْلَ لِعَرَبِيٍّ عَلَى أَعْجَمِيٍّ وَلَا لِعَجَمِيٍّ عَلَى عَرَبِيٍّ وَلَا لِأَحْمَرَ عَلَى أَسْوَدَ وَلَا أَسْوَدَ عَلَى أَحْمَرَ إِلَّا بِالتَّقْوَى))(۱)

ترجمہ: اے لوگو! خبردار ہو جاؤ کہ تمہارا رب ایک ہے اور بیشک تمہارا باپ آدم علیہ السلام ایک ہے، کسی عرب کو غیر عرب پر اور کسی غیر عرب کو عرب پر کوئی فضیلت نہیں اور نہ کسی سفید فام کو سیاہ فام پر اور نہ سیاہ فام کو سفید فام پر فضیلت حاصل ہے سوائے تقویٰ کے۔

اسلامی ریاست اسی اصول مساوات کی بنیاد پر ہی دنیا سے تعلقات استوار کرتی ہے، اسلام اسی نظریہ وعقیدہ کی بنیاد پر دنیا کو مل بیٹھنے کی دعوت دیتا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا﴾(۲)

ترجمہ: کہو اے اہل کتاب! آؤ ایک ایسی بات کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں ہے یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کریں، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھیرائیں۔

اسلام نے نظریے اور عقیدے کو ہی اجتماعیت کی بنیاد کے طور پہ اختیار کیا ہے اسی بنیاد پہ اسلام کا سارا فلسفہ زندگی اور نظام حیات استوار ہوتا ہے اور یہی وہ بنیاد ہے جس پر اسلام کے بین الاقوامی قانون کی اساس ہے جس سے اسلامی ریاست کے دوسری ریاستوں سے تعلقات منظم ہوتے ہیں۔

عہد نبوی میں امور خارجہ

اسلامی ریاست وحکومت دنیا میں عالمگیر امن کی داعی اور ذمہ دار ہے۔ صیغہ خارجہ یا وزارت خارجہ اس کام پہ مامور ہے، اسلامی ریاست میں تو اس کا تصور آغاز ہی سے بہت ہی واضح رہا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے مدینہ میں اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی جس کا قیام تمام انسانوں کی فلاح ونجات کے لیے عمل میں آیا تھا۔ آپ ﷺ کی بعثت سارے عالم کے لئے تھی آپ تو تمام دنیا کو امن وسلامتی سے ہمکنار کرنے آئے تھے انہی مقاصد کے حصول کے لیے رسول ﷺ نے اندرون وبیرون عرب کی چھوٹی بڑی حکومتوں، معاصر بادشاہوں امراء ورؤساء سے مناسب روابط کا سلسلہ شروع کیا اور خط وکتابت کے ذریعے باقاعدہ دین حق کی دعوت دی اور امن سلامتی کا پیغام دیا۔ چنانچہ ہجرت کے

---

(۱) احمد بن حنبل، ابو عبداللہ بن محمد، مسند احمد، ط، المکتب الاسلامی، بیروت ۱۹۸۷ء، رقم: ۲۳۵۳۲، ۵/ ۴

(۲) سورۃ آل عمران: ۳/ ۶۴

کچھ عرصے بعد ہی بنو حمزہ اور جہینہ سے معاہدے، نجاشی سے خطوط کا تبادلہ، ہرقل اور کسریٰ کے نام خطوط اسی بین الاقوامی رابطوں کے سلسلے کی کڑی تھی۔

ریاست نبوی کی ان سرگرمیوں کا اجراء "صیغہ خارجہ" سے ہوتا ہے اور اس کے تحت بیرونی ملکوں سے خط و کتابت، سفارتی تبادلہ اور معاہدات کا انعقاد جیسے اہم امور انجام دیئے جاتے تھے۔ اس شعبہ میں ایسے لوگ خاص طور پر مقرر کیے گئے تھے جن کا کام غیر ملکی دستاویزات و خطوط کا مطالعہ و ترجمہ، گفتگو کی صورت میں ترجمانی اور امراء کے نام پیغامات کا جواب دینا تھا۔ اس سلسلے میں دو اشخاص قابل ذکر ہیں، ایک حضرت عبد اللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ جو ملوک و امراء کو خطوط لکھنے پر مامور تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان پہ اس درجہ اعتماد تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو صرف مضمون بتا دیتے تھے اور پھر ابن ارقم خط لکھ کر بغیر سنائے اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر ثبت کر دیتے تھے دوسرے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ تھے جو وحی الٰہی کی کتابت کے علاوہ اوّل الذکر کی طرح ملوک و رؤسا کو خطوط بھی لکھتے تھے۔

جب یہ دونوں حضرات موجود نہ ہوتے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ خدمت کسی اور تربیت یافتہ شخص کے سپرد کر دیتے تھے۔ جہاں تک غیر ملکی زبانوں کو جاننے اور سیکھنے کا تعلق ہے، تو سیرت طیّبہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ترغیب دی بلکہ بعض اوقات حکم بھی دیا جس کے نتیجے میں مختلف صحابہ نے پوری تندہی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کو عملی جامہ پہنایا۔ چنانچہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بعض غیر ملکی زبانوں کو صرف سترہ دنوں میں سیکھ لیا تھا اور کتاب یہود کی تعلیم پندرہ دنوں سے کم مدت میں مکمل کر لی تھی۔ ان کے علاوہ دوسرے متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ملکی و سفارتی ضرورتوں کے تحت مختلف زبانوں کو بڑی مستعدی کے ساتھ سیکھا تھا۔ چنانچہ صلح حدیبیہ کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیرون عرب ملوک و سلاطین کو دعوت اسلام دینے کے لیے جو سفارتیں روانہ فرمائی تھیں۔(۱) ان کے تمام سفراء ان زبانوں میں گفتگو کر سکتے تھے جن علاقوں میں انھیں بھیجا گیا تھا۔(۲)

مزید بر آں چونکہ سفارت صیغہ تعلقات خارجہ کا اہم ترین عنصر ہے اس لیے منصب سفارت پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف ان ہی لوگوں کو تقرر فرمایا جو اس کا حق ادا کر سکتے تھے اور جیسا کہ بعد میں پیدا ہونے والے تاریخی نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ تمام سفارتیں انتہائی کامیاب ثابت ہوئیں اور ان کی وجہ سے جہاں وقت کے جبر و ظلم کے مقابلہ میں امن عالم کو فروغ ملا، وہاں اس کے ساتھ ساتھ داخلی امن کو بھی بہت تقویت پہنچی اور جس کے نتیجہ میں جلد ہی عرب کے گوشہ گوشہ سے سفارتیں دار الحکومت مدینہ آنے لگیں۔

---

(۱) ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، مکتبہ الخانجی، القاہرہ، ۱۴۲۱ھ، ۱/ ۲۵۸، ۳۵۷

(۲) ابن ہشام، ابو محمد عبد الملک الحمیری، السیرۃ النبویہ، ط/ بیروت لبنان، دار الجیل، ۱۴۱۱ھ، ۴/ ۲۵۵

ایک خاص بات یہ کے کہ رسول اللہ ﷺ نے اطراف عالم میں جتنے سفرا بھی روانہ فرمائے، وہ آداب سفارت سے کماحقہ واقف اور صورت حال کے مطابق کاروائی کرنے میں ماہر تھے۔ روابط کے استحکام اور تعلقات کی بہتری کے سلسلے میں ہدایا اور تحائف کا بھیجنا بھی عالمگیر روایات میں شامل ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے تحفے اور ہدایا کا تبادلہ نہ صرف یہ کہ دوست ممالک یا ہم خیال حکمرانوں سے ہی کیا۔ [۱] بلکہ دشمن ممالک اور مخالفوں کو بھی ارسال ہدایا میں تکلف نہیں برتا، مثلاً عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کو ابوسفیان بن حرب کے پاس مکہ میں ہدایات دے کر بھیجا۔ [۲] علاوہ ازیں سفراء کا تقرر آپ ﷺ نے جنگ، صلح اور پر امن حالات ہر زمانے میں کیا۔ جہاں تک معاہدات کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں بھی رسول اللہ ﷺ نے کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیا اور معاہدہ کے ذریعے سیاسی کامیابیاں حاصل کرتے چلے گئے۔ اس ضمن میں معاہدۂ جہینہ، معاہدہ حدیبیہ، معاہدہ ثقیف، معاہدہ دومتہ الجندل، معاہدہ نجران وغیرہ کو بطور مثال پیش کیا جاسکتا ہے۔ [۳]

ریاست کا یہ اندورنی استحکام رسالت مآب ﷺ کے خارجہ مقاصد کے حصول کے لیے انتہائی سود مند ثابت ہوا کیونکہ کوئی بڑی سے بڑی سلطنت بھی جو سخت اندرونی انتشار میں مبتلا ہو اکثر حقیر اور کمزور دشمنوں کا مقابلہ بھی نہیں کر سکتی تاریخ عالم ایسی مثالوں سے بھری پڑی ہے۔

اسلامی مملکت کی خارجہ پالیسی اور اس کی بین الاقوامی ذمہ داریاں

اسلام میں ریاستی تعلقات کے اصول مبادی جن پہ جنگ اور امن کی حالت بھی اسلامی ریاست کے خارجی تعلقات قائم ہوتے ہیں، اور ان اصول کا قائم کرنا ریاست کی بین الاقوامی ذمہ داری بھی ہے، درج ذیل ہیں:

ا۔ وحدت و تکریم انسانیت

اسلامی ریاست کی خارجہ پالیسی ایک عالمی انسانی برادری قائم کرنے کی علمبردار ہو جو اقوام عالم کو ایک پلیٹ فارم جمع کرے کیونکہ اسلام نسل انسانی کی وحدت کا پیغام لے کر آیا ہے۔ ارشاد الٰہی ہے:

﴿كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللَّهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ﴾ [۴]

---

(۱) طبقات ابن سعد، ۱/ ۳۱۲

(۲) ایضاً، ۱/ ۶۶۲

(۳) حمید اللہ، ڈاکٹر، الوثائق السیاسیۃ للعہد النبوی والخلافۃ الراشدۃ، ط، دار النفائس، بیروت ۱۹۸۷ء، ۱۴۰۷ھ، ص: ۸۵۔ ۹۶۔ ۱۴۲

(۴) سورۃ البقرۃ: ۲/ ۲۱۲

ترجمہ: ابتدا میں سب لوگ ایک ہی طریقہ پر تھے (پھر یہ حالت باقی نہ رہی اور اختلافات رونما ہوئے) تب اللہ نے نبی بھیجے جو راست روی پر بشارت دینے والے اور کج روی کے نتائج سے ڈرانے والے تھے، اور اُن کے ساتھ کتاب برحق نازل کی تاکہ حق کے بارے میں لوگوں کے درمیان جو اختلافات رونما ہو گئے تھے، ان کا فیصلہ کرے۔

اسی طرح اسلام اپنے اصولوں پہ قائم ہونے والی ریاست کے دیگر ریاستوں سے تعلقات اور اپنے مسلم اور غیر مسلم شہریوں کے باہمی تعلقات کی بنیاد رواداری، عدل ورحمت اور تکریم انسانیت کے اصولوں پر رکھتا ہے۔
ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَ فَضَّلْنَاهُمْ عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلاً﴾(۱)

ترجمہ: یہ تو ہماری عنایت ہے کہ ہم نے بنی آدم کو بزرگی دی اور انہیں خشکی وتری میں سواریاں عطا کیں اور ان کو پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا اور اپنی بہت سی مخلوقات پر نمایاں فوقیت بخشی۔

اسی طرح اسلام بین الاقوامی تعلقات گروہی، لسانی، نسلی، عصبیت سے بالاتر ہو کر خالص انسانی بنیادوں پہ قائم کرتا ہے آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے:

((لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا إِلَى عَصَبِيَّةٍ))(۲)

ترجمہ: جس نے عصبیت کی طرف بلایا وہ ہم میں سے نہیں۔

اللہ تعالی نے آپ ﷺ کو یہی پیغام دیا تھا کہ وہ کسی مخصوص گروہ کو نہیں بلکہ ساری دنیا کو اللہ سے ڈرانے والا اور سیدھی راہ دکھانے والا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ﴾(۳)

ترجمہ: اے نبی ﷺ ہم نے تمہیں بھیجا ہے گواہ بنا کر، بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر۔

۲۔ بین الاقوامی معاملات میں عدل اور معاہدات کی پاسداری:

ریاستی تعلقات کے میدان میں عدل کا تقاضا ہے کہ جملہ معاہدات، مواثیق اور قرار دادوں کی بنیاد عدل پہ ہو سب کے ساتھ انصاف ہو اور اس کی بنیاد پر کوئی طاقتور کسی کمزور پر ظلم وزیادتی نہ کرے۔ لہذا عدل واضح ترین

---

(۱) سورۃ الاسراء:۱۷/ ۷۰

(۲) ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابو داؤد، ط، دار الفکر بیروت ۱۴۱۴ھ، رقم:۵۱۲۱

(۳) سورۃ الاحزاب:۳۳/ ۴۵

خصوصیت ہے جس سے متعلق جملہ انسانی تعلقات میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے اور اس بارے میں احکام قرآن وسنت سے ثابت شدہ ہیں۔ عدل دشمن کا ویسا ہی حق ہے جیسا کہ دوستوں کا حق ہے۔ غیر مسلموں کی مسلمانوں سے عداوت اور زیادتی کے باوجود ان سے ناانصافی درست نہیں، بلکہ خارجہ پالیسی بین الاقوامی عدل و تقوی پر مبنی ہو۔

ارشاد الہی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ كُونُواْ قَوَّامِينَ لِلّهِ شُهَدَاء بِالْقِسْطِ وَلاَ يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَى أَلاَّ تَعْدِلُواْ اعْدِلُواْ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى﴾(۱)

ترجمہ: ایمان والو! اللہ کے نام پر انصاف کے ساتھ گواہی دینے کے لیے کھڑے ہو جاؤ۔ کسی قوم کی دشمنی تم کو اس امر پر نہ اکسائے کہ عدل کا دامن چھوڑ دو تم بہر حال انصاف کیا کرو یہ بات تقوی کے زیادہ قریب ہے۔

عدل، مساوات اور آزادی کی اقدار محض خواہشات ہی نہ رہیں بلکہ ضروری ہے کہ انھیں بر سر زمین عملی صورت دی جائے اور افراد، ریاستوں، اداروں اور مختلف تنظیموں کے مابین معاملات کا زبردست تقاضا ہوتا ہے کہ ان اقدار کو معاہدوں کو صورت میں لایا جائے جو زمان و مکان کے حالات میں متعدد و متغیر عملی، نفسیاتی، اخلاقی قدروں سے بھرپور ہوں۔ قرآن حکیم وعدوں کے احترام، معاہدوں اور ذمہ داریوں کو کامل ترین صورت میں نبھانے کا صریح اور براہ راست حکم صادر کرتا ہے۔ اسلام نے عہد کو اخلاقی مرتبہ دے کر اسے تاکیدی الفاظ کے ساتھ حکم نامہ (Mandatory) بنا دیا ہے۔ اور اس اصول (معاہدات اور ذمہ داریوں کا امن و جنگ میں احترام) کا مسلمانوں کے غیر مسلموں کے ساتھ تعلقات میں نبی ﷺ کے مبارک عہد سے لے کر آج تک ایک بلیغ اثر تھا اور ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَ اَوفُوا بِالعَهدِ اِنَّ العَهدَ كَانَ مَسئُولًا﴾(۲)

ترجمہ: عہد کی پابندی کرو بے شک عہد کے بارے میں تم کو جواب دہی کرنا ہو گی۔

اسلامی حکومت عہد و پیمان کا احترام کرے۔

ارشاد الٰہی ہے:

﴿وَ اَوفُوا بِالعَهدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدتُّم﴾(۳)

ترجمہ: اللہ کے عہد کو پورا کرو جب کہ تم نے اس سے کوئی عہد باندھا ہو۔

---

(۱) سورۃ المائدۃ:۵/۸

(۲) سورۃ الاسراء:۱۷/۳۴

(۳) سورۃ النحل:۱۶/۹۱

نیز ارشاد ہے:

﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِینَ اٰمَنُوٓا اَوفُوا بِالعُقُودِ﴾ (۱)

ترجمہ: اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اپنے معاہدوں کی پوری پابندی کرو۔

معاہدات اپنی عبارتوں سے قوت حاصل نہیں کرتے بلکہ وہ ان کے عقد کرنے والوں کی عزیمت کے ساتھ وفا پر منحصر ہیں۔ اسلام بلاشبہ اسے عقیدہ ایمانی سے مربوط کر کے وفا کی ترغیب دیتا ہے۔ اس بنیاد کے ساتھ ریاستی معاہدات پختگی و پاسداری کے اصول کے اعتبار سے مضبوط بنیادوں پر استوار ہوتے ہیں کیونکہ اسلام معاہدات کی پاسداری کو نہ صرف قانونی ذمہ داری قرار دیتا ہے بلکہ اخلاقی اور دینی ذمہ داری اور ایمان کا تقاضہ بھی ہے۔ اس کی نظیر کسی قدیم و جدید ریاست کے قوانین میں نہیں ملتی۔

نقض عہد کے متعلق ارشاد الٰہی ہے:

﴿وَ لَا تَنقُضُوا الاَیمَانَ بَعدَ تَوکِیدِهَا﴾ (۲)

ترجمہ: (قسموں) عہد کو پکا کرنے کے بعد مت توڑو۔

اگر فریق ثانی معاہدہ کو پورا کرنے میں کوتاہی برت رہا ہے، اسی صورت میں اسلام یہ اجازت دیتا ہے کہ معاہد قوم کو فوراً اِطلاع دے دی جائے کہ اب معاہدہ نہیں رہا۔

ارشاد الٰہی ہے:

﴿وَ اِمَّا تَخَافَنَّ مِن قَومٍ خِیَانَةً فَانبِذ اِلَیهِم عَلٰی سَوَاءٍ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الخَائِنِینَ﴾ (۳)

ترجمہ: اگر تجھے قوم کی دغابازی کا خوف ہو تو ان کے عہد برابری کو ملحوظ رکھتے ہوئے اللہ دغابازوں سے محبت نہیں کرتا۔

یہ آیت ظاہر کرتی ہے کہ اسلام بدعہدی سے روکتا ہے ہاں اگر قوم کی خیانت کا علم ہو جائے تو ان کو برابری کا موقع دے کر معاہدے سے دست برداری اختیار کر لی جائے نیز قرآن مجید دھوکہ دہی، خیانت اور عہد شکنی سے منع کرتا ہے اور وضاحت کے ساتھ تاکید فرمائی گئی ہے۔ برابری کی بنیاد پر معاہدے اور مواثیق کی پاسداری داخلی اور

---

(۱) سورۃ المائدۃ:۵/۱

(۲) سورۃ النحل:۱۶/۹۱

(۳) سورۃ الانفال:۸/۵۸

خارجی تعلقات میں بنیادی عوامل شمار ہوتی ہے نیز یہ اصول وضاحت کرتا ہے کہ یہ وفا اور اخلاقیات کا اصول محض شکلی اور قانونی پہلوؤں تک محدود نہیں ہوتا بلکہ وہ تعاون اور بقائے باہمی کی بنیاد کو راسخ کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔

۳۔ غیر مسلم ریاستوں سے برابری کی بنیاد پر تعلقات

اسلام اپنے پیروؤں کو نیکی، احسان اور انسانی تعلقات میں تمام انسانوں کے لیے معروف پر عمل کی ترغیب دیتا ہے سوائے ان کے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے دشمن ہوں لیکن ان کے علاوہ غیر مسلموں سے (غیر محاربین امن پسند غیر مسلم) دین اسلام ان کے ساتھ احسان کرنے سے منع نہیں کرتا، جب تک وہ پر امن اور صلح جو رہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِيْ الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ﴾(۱)

ترجمہ: اور اللہ اس بات سے نہیں روکتا کہ تم ان لوگوں کے ساتھ نیکی اور انصاف کا برتاؤ کرو جنھوں نے دین کے معاملہ میں تم سے جنگ نہیں کی ہے اور تمہیں تمھارے گھروں سے نہیں نکالا ہے۔ اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

نیز ارشاد ہے:

﴿وَلَا تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ إِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوا مِنْهُم﴾(۲)

ترجمہ: اور اہل کتاب سے بحث نہ کرو مگر عمدہ طریقے سے۔ سوائے ان لوگوں کے جو ان میں سے ظالم ہوں۔

اسلامی ریاست کا دیگر ریاستوں سے تعلقات کے حوالے سے ایک اہم اصول یہ ہے جسے امام سرخسی نے شرح السیر الکبیر میں بیان کیا ہے:

"الأمر بيننا وبين الكفار مبنى على المجازات"(۳)

ترجمہ: ہمارے اور غیر مسلموں کے درمیان تعلقات مجازات کی بنیاد پر ہوں گے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں یہ طے کیا گیا تھا کہ جو رویہ و معاملہ کوئی ریاست ہمارے ساتھ رکھے گی ویسا ہی رویہ ہم اس کے ساتھ رکھیں گے۔ اسی اصول کی بنیاد پر امام سرخسی نے یہ اصول دیا کہ اسلامی ریاست

---

(۱) سورۃ الممتحنۃ: ۶۰/۸

(۲) سورۃ العنکبوت: ۲۹/۴۶

(۳) السرخسی، شمس الدین ابو بکر محمد بن اسماعیل، شرح السیر الکبیر، مطبعۃ السعادۃ، قاہرہ مصر، ۱۹۷۸ء، ۵/۳۸

اور غیر مسلم ریاستوں کی درمیان تعلقات مجازات کے اصول پر ہوں گے۔ جیسا معاملہ وہ ہمارے ساتھ رکھیں گے ویساہی معاملہ ہم ان کے ساتھ رکھیں گے۔ اس اصول کی بنیاد پر پروٹوکول، تجارت، سفارت، سفر کی سہولتوں اور دیگر مرعات کے معاملات طے کیے جاسکتے ہیں۔

۴۔عالم اسلام کے مفادات کا تحفظ

اسلامی حکومت اس بات کا خیال رکھے کہ غیر مسلم حکومت سے اس قسم کے معاہدات نہ کرے جس سے کسی دوسری اسلامی ریاست یا مسلمانوں کے مفادات مجروح ہوتے ہوں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿لَّا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ﴾ (۱)

ترجمہ:اہل ایمان کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا ہمدرد اور دوست نہ بناؤ۔

اگر کوئی غیر مسلم حکومت کسی اسلامی حکومت پر حملہ کرے تو دنیا کے تمام اسلامی ممالک کا فرض ہے کہ وہ اسلامی حکومت کی مدد کریں۔اسلامی حکومت کا دوسرا فرض یہ ہے کہ مسلمان جہاں مظلوم، کمزور اور غلام ہیں انہیں آزادی دلائی جائے۔ (۲)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وَمَا لَكُمْ لاَ تُقَاتِلُونَ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاء وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَـذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ وَلِيّاً وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ نَصِيْراً ﴾ (۳)

ترجمہ:اور تم کو کیا ہوا ہے کہ خدا کی راہ میں اور ان بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہیں لڑتے جو دعائیں کیا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو اس شہر سے جس کے رہنے والے ظالم ہیں نکال کر کہیں اور لے جا اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنا اور اپنی ہی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار مقرر فرما۔

تاریخ انسانی میں میثاق مدینہ ریاست کے تحریری آئین کی حیثیت سے اہم دستاویز ہے جو اسلامی ریاست کے بین الاقوامی تعلقات کے حوالے سے اصول فراہم کرتا ہے۔میثاق مدینہ کی درجہ ذیل دفعات وضاحت کرتی ہیں:

---

(۱) سورۃ آل عمران:۳/۲۸

(۲) ابوزہرہ، العلاقات الدولیہ فی الاسلام، ط،مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت ۱۹۹۳ء، ص:۲۴۱-۲۳۸

(۳) سورۃ النساء:۴/۷۵

☆ **دفعہ ۱۴:** اور کوئی صاحبِ ایمان (مسلمان) کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلے قتل نہ کرے گا اور کسی کافر کی کسی مسلمان کے خلاف مدد نہ کرے گا۔

☆ **دفعہ ۱۵:** اور خدا کا ذمہ ایک ہی ہے (مسلمانوں) کا ادنیٰ ترین فرد کسی کو پناہ دے دے تو سب پر اس کی پابندی لازمی ہوگی۔ اور ایمان والے باہم بھائی بھائی ہیں (ساری دنیا کے) لوگوں کے مقابل ہیں۔

☆ **دفعہ ۱۷:** اور ایمان والوں کی صلح ایک ہی ہوگی اللہ کی راہ میں لڑائی ہو تو کوئی ایمان والا کسی ایمان والے کو چھوڑ کر (دشمن سے) صلح نہیں کرے گا۔ جب تک کہ (صلح) ان سب کے لیے برابر اور یکساں نہ ہو۔

☆ **دفعہ ۱۹:** اور اللہ کے راستہ میں جو خون بہے گا اس میں سارے مسلمان برابر کے شریک ہوں گے یعنی مل کر بدلہ لیں گے۔ (۱)

۵۔ عالمی امن کا قیام؛ ظالم کو ظلم سے روکنا اور مظلوم کا ساتھ دینا

اسلامی حکومت کے تمام معاملات صلح اور امن پر طے ہونے چاہئیں کیونکہ اسلام صلح اور امن کا پیغام لے کر آیا ہے۔ اسلامی حکومت کی خارجہ پالیسی میں ہر رنگ میں امن کی روح قائم رہنی چاہیے ارشاد الٰہی ہے:

﴿وَ اِن جَنَحُوا لِلسَّلمِ فَاجنَح لهَا وَ تَوَكَّل عَلَى اللّٰهِ اِنَّه هُوَ السَّمِيعُ العَلِيمُ وَ اِن يُّرِيدُوٓا اَن يَّخدَعُوكَ فَاِنَّ حَسبَكَ اللّٰهُ هُوَ الَّذِیٓ اَيَّدَكَ بِنَصرِه وَ بِالمُؤمِنِينَ﴾ (۲)

ترجمہ: اور اے نبی ﷺ، اگر دشمن صلح وسلامتی کی طرف مائل ہوں تو تم بھی اس کے لیے آمادہ ہو جاؤ اور اللہ پر بھروسہ کرو، یقیناً وہی سننے اور جاننے والا ہے۔ اور اگر وہ دھوکے کی نیت رکھتے ہوں تو تمہارے لیے اللہ کافی ہے وہی تو ہے جس نے اپنی مدد سے اور مومنوں کے ذریعہ سے تمہاری تائید کی۔

اسلامی مملکت کی خارجہ پالیسی کا ایک اصول یہ بھی ہے کہ ہمیشہ حق کی حمایت کی جائے اور ظلم کی مخالفت کی جائے۔ مسلمانوں کی جنگ کی اجازت اس لیے دی گئی کہ عدوان اور ظلم کو روکا جائے۔ ارشاد ہے:

﴿أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ﴾ (۳)

ترجمہ: اجازت دے دی گئی اُن لوگوں کو جن کے خلاف جنگ کی جا رہی ہے، کیونکہ وہ مظلوم ہیں، اور اللہ یقیناً ان کی مدد پر قادر ہے۔

---

(۱) سیرت ابن ہشام، ۴/ ۲۵۵، مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ، ص: ۱۴۔ ۳۶

(۲) سورۃ الانفال: ۸/ ۶۱۔ ۶۲

(۳) سورۃ الحج: ۲۲/ ۳۹

جہاں جنگ کی اجازت دی ہے وہاں طمع، انتقام اور کمزوروں پر ظلم وزیادتی سے منع کیا ہے۔ اور مظلوم کی حمایت اور دادرسی کے لئے آخری حد تک جانے کا حکم دیا ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَ مَا لَکُم لَا تُقَاتِلُونَ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ وَ المُستَضعَفِینَ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَاءِ وَ الوِلدَانِ الَّذِینَ یَقُولُونَ رَبَّنَآ اَخرِجنَا مِن هٰذِهِ القَریَةِ الظَّالِمِ اَهلُهَا وَ اجعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ وَلِیًّا وَّ اجعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ نَصِیرًا﴾(۱)

ترجمہ: آخر کیا وجہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں اُن بے بس مردوں، عورتوں اور بچوں کی خاطر نہ لڑو جو کمزور پا کر دبا لیے گئے ہیں اور فریاد کر رہے ہیں کہ خدایا ہم کو اس بستی سے نکال جس کے باشندے ظالم ہیں اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی حامی و مددگار پیدا کر دے۔

ظالموں سے تعلقات کی نوعیّت کے بارے میں قرآن حکیم نے وضاحت کر دی ارشاد ہے:

﴿ إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِيْنَ قَاتَلُوكُمْ فِيْ الدِّيْنِ وَأَخْرَجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَى إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ وَمَن يَتَوَلَّهُمْ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ﴾(۲)

ترجمہ: وہ تمہیں جس بات سے روکتا ہے وہ تو یہ ہے کہ تم ان لوگوں سے دوستی کرو جنھوں نے تم سے دین کے معاملہ میں جنگ کی ہے اور تمہیں تمھارے گھروں سے نکالا ہے۔ اور تمھارے اخراج میں ایک دوسرے کی مدد کی ہے۔ ان سے جو لوگ دوستی کریں وہ ظالم ہیں۔

جنگ کے متعلق یہ حکم ہے کہ جارح قوم کے ساتھ مقابلہ کرنا چاہیے اگر مدافعت نہ کی جائے تو امن برباد ہو جاتا ہے، ارشاد الٰہی ہے:

﴿وَ قَاتِلُوا فِی سَبِیلِ اللّٰهِ الَّذِینَ یُقَاتِلُونَکُم وَ لَا تَعتَدُوا اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ المُعتَدِینَ ﴾(۳)

ترجمہ: اللہ کی راہ میں ان لوگوں سے جنگ کرو جو تمھارے ساتھ جنگ کرتے ہیں اور حد سے نہ بڑھو۔

جنگ کی روح بیان کر دی کہ وہ زیادتی کے جذبے سے پاک ہو محض مدافعت اور بدلہ مقصود ہو۔

بین الریاستی نزاع سے متعلق احکام

ریاستوں کے درمیان نزاع کی پہلی صورت یہ ہے کہ یہ نزاع اور جنگ مسلمانوں کے درمیان ہو تو جب دو مسلمان

(۱) سورۃ النساء: ۴/۷۵

(۲) سورۃ الممتحنہ: ۶۰/۹

(۳) سورۃ البقرہ: ۲/۱۹۰

فریق ٹکرا جائیں تو اس میں قرآن پاک نے یہ ہدایت دی ہے:

﴿ وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِنْ بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّى تَفِيءَ إِلَى أَمْرِ اللَّهِ فَإِنْ فَاءَتْ فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ﴾(۱)

ترجمہ: اور مومنوں میں سے دو گروہ جنگ کریں تو ان میں صلح کرادو۔ پس اگر ایک دوسرے پر زیادتی کرتا ہے تو اس سے جنگ کرو جو زیادتی کرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف رجوع کرے۔ پس اگر وہ رجوع کرے تو ان کے درمیان عدل سے صلح کرادو اور انصاف کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

یعنی پہلے صلح و مصالحت کی کوشش کی جائے اب اگر ایک فریق زیادتی پر آمادہ ہو تو جو فریق زیادتی پر آمادہ ہو اس کے خلاف تمہیں قدم اٹھانا چاہیے خالی تماشائی نہ بننا چاہیے۔

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

((لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَلَتَأْخُذُنَّ عَلَى يَدِ الظَّالِمِ، وَلَيَأْطِرُنَّهُ عَلَى الْحَقِّ أَطْرًا، أَوْ لَيَضْرِبَنَّ اللَّهُ قُلُوبَ بَعْضِكُمْ عَلَى بَعْضٍ ثُم تدعُونَ فَلَا يُستجَابَ لَكُم))(۲)

ترجمہ: تمہیں ضرور نیکی کا حکم دینا ہو گا، برائی سے روکنا ہو گا اور تمیں ضرور ظالم کے ہاتھ پکڑنے ہوں گے ورنہ اللہ تعالیٰ ایک دوسرے کے دلوں میں نفرت پیدا کر دے گا اور پھر تم دعا کرو گے اور تمہاری دعا قبول نہ کی جائے گی۔

یعنی تیسری مسلمان طاقت کو غیر جانبدار رہ کر صلح مصالحت کی کوشش کرنی چاہیے جب کوئی فریق نہ مانے اور زیادتی پر آمادہ ہو تو پھر غیر جانبدار رہنا صحیح نہیں ہے بلکہ مظلوم کا ساتھ دینا چاہیے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ یہ نزاع اور جنگ اسلامی اور غیر اسلامی ریاستوں و قوّتوں کے درمیان ہو تو اس سلسلہ میں قرآن پاک ہدایت کرتا ہے:

﴿وتَعَاوَنُواْ عَلَى الْبرِّ وَالتَّقْوَى ﴾(۳)

---

(۱) سورۃ الحجرات:۴۹/۹

(۲) الترمذی، ابو عیسی محمد، جامع ترمذی، باب امر بالمعروف و نھی عن المنکر، ص:۲/۱۷۵

(۳) سورۃ المائدۃ:۵/۲

ترجمہ: ایک دوسرے کی نیک کام اور پرہیز گاری پر امداد کرو۔

اس ہدایت کے تحت اسلامی حکومت کو دوسری اسلامی حکومت اور فریق کا ساتھ دینا چاہیے۔ اس کی مدد کرنی چاہیے۔ ایسی صورت میں اسلامی مملکت کے لئے یہ جائز نہیں کے وہ مسلمان فریق کے خلاف جنگی کاروائی میں غیر مسلم حکومت کا ساتھ دے کیونکہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

((الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يَخْذُلُهُ لَا يُسْلِمُهُ)) (۱)

ترجمہ: مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے وہ اس پر ظلم نہیں کرتا اور اسے کسی کے حوالہ نہیں کرتا اور مصیبت میں اسے تنہا چھوڑتا ہے۔

نیز آپ ﷺ نے فرمایا:

((الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا))

ترجمہ: ایک مسلمان دوسرے کے لیے دیوار کی مانند ہوتا ہے، جس کی ہر اینٹ دوسرے کو مضبوط کرتی ہے۔

بشرطیکہ اسلامی حکومت کی طرف سے ظلم و زیادتی نہ ہو، اگر مسلمان فریق کی طرف سے زیادتی ہو رہی ہو پھر ظالم کا ساتھ دینا صحیح نہیں ہوگا چاہے کافر کے ہی مقابلے میں کیوں نہ ہو۔

اس لیے کہ قرآن ہدایت کرتا ہے:

﴿وَلاَ تَعَاوَنُواْ عَلَى الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾ (۲)

ترجمہ: اور گناہ اور ظلم پر مدد نہ کرو۔

اس حوالے سے میثاقِ مدینہ کی درج ذیل دفعات قابل غور ہیں:

☆دفعہ ۱۴: اور کوئی ایمان والا کسی ایمان والے کو کسی کافر کے بدلے قتل نہ کرے گا اور کسی کافر کی کسی ایمان والے کے خلاف مدد نہ کرے گا۔

☆ دفعہ ۱۵: مسلمانوں کا ادنیٰ ترین فرد کسی کو پناہ دے دے تو سب پر اس کی پابندی لازمی ہوگی اور مؤمن باہم بھائی بھائی ہیں (ساری دنیا کے) لوگوں کے مقابل ہیں۔

☆ دفعہ ۱۷: اور ایمان والوں کی صلح ایک ہی ہوگی اللہ کی راہ میں لڑائی ہو تو کوئی ایمان والا کسی ایمان والے کو چھوڑ کر (دشمن سے) صلح نہیں کرے گا جب تک کہ (صلح) ان سب کے لیے برابر اور یکساں نہ ہو۔

(۱) مسند احمد، ص:۲/ ۹۵

(۲) سورۃ المائدۃ:۵/ ۲

☆ **دفعہ ۳۸(الف):** اور کوئی شخص اپنے حلیف کے ساتھ غداری یا غلط روی اختیار نہیں کرے گا اور مظلوم کی مدد ہر صورت میں کی جائے گی۔

☆ **دفعہ ۴۷:** اور یہ کہ عہد نامہ کسی ظالم یا عہد شکن کے لیے حائل نہیں ہو گا یعنی اس کی مدد بہر حال نہ کی جائے گی اور جو جنگ کو نکلے وہ بھی امن کا مستحق ہو سکتا ہے اور جو مدینہ میں بیٹھا رہے تو بھی امن کا مستحق ہو گا مگر جو ظلم کرے اور عہد شکنی کرے اور وہ شخص خدا اور اس کے رسول کی پناہ میں ہے جو نیکی اور تقویٰ کا راستہ اختیار کرے۔(۱)

اسی طرح اسلامی ریاست اپنے اندر بغاوت کرنے والوں اور فساد پھلانے والوں کے خلاف تادیبی کاروائی کرنے کی مجاز ہے تاکہ فساد اور تخریب کاری کا خاتمہ ہو سکے لیکن اس صورت میں اسلامی حکومت کو ظلم و زیادتی سے اجتناب انسانی جان کی حرمت کا خیال رکھنا چاہیے۔ میثاقِ مدینہ کی دفعہ نمبر ۱۳ میں لکھا گیا ہے:

دفعہ ۱۳: اور متقی ایمان والوں کے ہاتھ ہر اس شخص کے خلاف اٹھیں گے جو ان میں سرکشی کرے یا جبراً کوئی چیز حاصل کرنا چاہے یا گناہ یا ظلم کا ارتکاب کرے یا کوئی مسلمانوں میں فساد پھیلانا چاہے تو ایسے شخص کے خلاف بھی ان کے ہاتھ اٹھیں گے خواہ وہ ان میں سے کسی کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو(۲)

نزاع کی تیسری صورت یہ ہے کہ دو غیر مسلم حکومتیں لڑ رہی ہیں ان میں سے کسی ایک سے مسلمان حکومت کا فوجی یا اقتصادی معاہدہ ہے تو اس صورت میں مسلمان حکومت غیر جانبدار نہیں رہ سکتی بلکہ جس سے مدد کا معاہدہ ہے اس کا پورا کرنا ضروری ہے جیسا کہ حضور ﷺ نے بنو خزاعہ سے اسی طرح کا معاہدہ کیا تھا تو آپ نے ان کی مدد کا اعلان فرمایا تھا اسی کے نتیجہ میں فتح مکہ کا فیصلہ کرنا پڑا گویا اس صورت میں غیر جانبداری صحیح نہیں ہے۔ اس کی دوسری صورت یہ ہے کہ جو دو غیر مسلم حکومتیں آپس میں لڑ رہی ہیں ان کی جنگ میں کسی مسلمان حکومت کا کودنا تین وجہ سے صحیح نہیں ہے بلکہ ان کو غیر جانب دار رہنا چاہیے۔

۱. ایک یہ کہ اسلام کے نزدیک اصل چیز امن ہے اور جنگ عارضی چیز ہے تو جب تک جنگ کا کوئی محرک نہ ہو اس وقت تک جنگ میں کودنا صحیح نہیں ہے۔

---

(۱) سیرت ابن ہشام، ۴/ ۲۵۵۔ مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ، ص: ۱۴۔۳۶

(۲) ایضا، ۴/ ۲۵۵

۲. دوسری یہ کہ ان دونوں کی جنگ کسی اخلاقی مقصد سے نہیں ہے بلکہ اس کی غرض یا تو اپنی حکومت کی توسیع ہو یا دوسری حکومت پر اپنا اقتدار قائم کرنا مقصود ہو اس لحاظ سے یہ دونوں ظالم ہیں اس لیے ان میں سے کسی کا ساتھ نہیں دینا چاہیے غالباً اسی موقع کے لیے امام مالک نے فرمایا تھا:

"دعهم ينتقم الله من الظالم بظالم ثم ينتقم من كليها"(۱)

ترجمہ: ان کو چھوڑو اللہ تعالیٰ ظالم کا بدلہ دوسرے ظالم سے لیتا ہے اور پھر وہ دنوں سے انتقام لے گا۔

۳. تیسری یہ کہ اس جنگ میں حصہ لینے کے معنی کسی نہ کسی ظالم فریق کی تائید ہوگی اور ظالم کی تائید جائز نہیں۔ اگر کوئی فریق کمزور ہو اور دوسرا مضبوط فریق اس کو ہضم کرنا چاہتا ہو تو ایسی صورت میں کمزور کی مدد کرنا اسلامی حکومت پر لازم ہے اس لیے کہ مظلوم اور کمزور کی مدد کرنا شریعت اسلامی میں فرض جیسا کہ اس سے قبل سورۃ نساء آیت نمبر ۷۵ کے حوالے سے بیان کیا جا چکا ہے۔ لیکن چونکہ یہاں بات دو غیر مسلم ریاستوں کے درمیان جنگ میں اسلامی مملکت کی پوزیشن کے حوالے سے ہو رہی ہے۔ ایسی صورت میں مناسب یہی ہے جب وہ خود مدد طلب کرے (اگر وہ فریق حق پہ ہے اور مظلوم بھی ہے) تو اس کی مدد ضرور کرنی چاہیے۔ لیکن حتی الامکان بغیر کسی شرعی سبب کے جنگ میں کودنا صحیح نہیں ہے۔

۶۔ اسلام کے پیغام کی اشاعت اور دعوت

اسلام کے پیغام اور تعلیم کی اشاعت اور دعوت امت مسلمہ کا مقصد اور ذمہ داری ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد الٰہی ہے:

﴿وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطاً لِّتَكُونُواْ شُهَدَاء عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيداً﴾(۲)

ترجمہ: اور اِسی طرح تو ہم نے تمہیں ایک "امت وسط" بنایا ہے تاکہ تم دنیا کے لوگوں پر گواہ ہو اور رسول تم پر گواہ ہو پہلے جس طرف تم رخ کرتے تھے۔

﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ﴾(۳)

ترجمہ: اب دنیا میں وہ بہترین گروہ تم ہو جسے انسانوں کی ہدایت و اصلاح کے لیے میدان میں لایا گیا ہے تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور بدی سے روکتے ہو۔

---

(۱) العلاقات الدولیہ، ص:۸۶

(۲) سورۃ البقرۃ:۲/۱۴۳

(۳) سورۃ آل عمران:۳/۱۱۰

اس آیت کریمہ میں اسلامی حکومت کی خارجہ پالیسی کا ایک اصول مقرر کیا ہے۔ وہ یہ جو سچائی رسول ﷺ سے حاصل ہے اسے لوگوں تک پہنچائیں یعنی اسلامی حکومت اسلام کی مبلغ ہوتی ہے۔ اس وجہ سے کوئی ایسا رویہ اختیار نہیں کر سکتی جو اسلام کی تعلیم کے منافی ہو۔ بین الاقوامی سطح پر ایک اسلامی مملکت کا اہم فریضہ یہ ہے کہ وہ اسلام کے پیغام کو عام کرے اس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے۔

اسلامی ریاست کی تمام داخلی اور خارجی پالیسیوں کا ہدف نظریہ اسلام کی خدمت ہونا چاہیے اور جو ممالک اور اقوام نظریہ اسلام کی بابت دوستانہ یا کم از کم غیر مخالفانہ رویہ رکھتے ہوں ان کے لیے اسلامی ریاست کی پالیسی دوستانہ یا غیر مخالفانہ ہی ہونا چاہیے۔ اس طرح جن ممالک اور اقوام کا رویہ اسلام سے دشمنی وعناد کا ہو تو ان سے دوستی کا معاملہ رکھنا تحفظ دین کے ہدف سے ہم آہنگ نہ ہو گا۔

۷۔ تحفظ ریاست اور مملکت کا اندرونی استحکام

اسلامی ریاست کی خارجہ پالیسی اپنی سرحدوں کی حفاظت پر مبنی ہوتی ہے۔ رسول ﷺ نے تمام تر مسائل کے باوجود مدینہ کی ریاست کی سرحدوں کی حفاظت پر بہت توجہ دی۔ جارح قوم سے پوری طاقت سے مقابلہ کیا۔ سرحدوں کی حفاظت سے متعلق قرآن مجید میں ارشاد الٰہی ہے:

﴿يَاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اصبِرُوا وَ صَابِرُوا وَ رَابِطُوا﴾ (۱)

ترجمہ: اے لوگو! جو ایمان لائے ہو صبر کرو اور مقابلہ میں بڑھ کر صبر دکھاؤ (سرحدوں کی) حفاظت کرو۔

اس آیت میں یہ بیان کیا ہے کہ اسلامی حکومت کو ایک لمحہ کے لیے بھی غافل نہیں رہنا چاہیے، دوسری جگہ ارشاد ہے:

﴿وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُم وَلَا تَعتَدُوا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ المُعتَدِينَ﴾ (۲)

ترجمہ: اللہ کی راہ میں ان لوگوں نے جنگ کرو جو تمھارے ساتھ جنگ کرتے ہیں اور حد سے نہ بڑھو۔

اسلامی ریاست کا تحفظ وخود مختاری اور سرحدوں کی حفاظت ایک اہم ذمہ داری ہے۔ بیرونی دشمن کو اپنے ملک میں گھسنے کا موقع دینے کے بجائے آگے بڑھ کر سرحد پر اس کا مقابلہ کرنے کا طریقہ اختیار کرے۔ رسول کریم ﷺ کے دور میں تبوک کا پر صعوبت سفر اسی مقصد کے لیے کیا تھا۔ خلفاء راشدین کے دور میں ایران شام وغیرہ کی حکومتیں ریاست مدینہ کے لیے مستقل خطرہ بنی ہوئی تھیں۔ سرحدوں پر عربی قبائل کو اکساتی رہتی تھیں۔ خلفاء نے آگے بڑھ کر دشمنوں کے ملک میں داخل ہو کر ان کا مقابلہ کیا اور شکست دی۔ شام سے متصل عرب علاقوں (دومتہ الجندل، ایلہ، جریا اور اذرح) سے رومیوں کے اثر ور سوخ

(۱) سورة آل عمران: ۳/ ۲۰۰

(۲) سورة البقرہ: ۲/ ۱۹۰

اور غلبہ کا خاتمہ کر دیا۔اس طرح یمن، عمان اور بحرین کو ایرانی مجوسیوں سے نجات دلائی۔اسلامی ریاست کی خارجہ پالیسی احترام انسانیت اور مظلوموں کی دست گیری پر مبنی ہے اسلامی ریاست پر یہ فرض ہے کہ جہاں انسانیت کی ذلت ہو رہی ہو۔عوام مظلومیت کا شکار ہوں تو ان کی مدد کی جائے۔

کوئی بڑی سے بڑی سلطنت بھی ہو سخت اندرونی خلفشار میں مبتلا ہو کر اکثر قلیل اور کمزور دشمنوں تک کا مقابلہ نہیں کر سکتی اس لئے ریاست کا داخلی استحکام بہت ضروری ہے۔پہلی اسلامی ریاست اپنے قیام کے وقت یہود و نصاریٰ اور انصار کے دو گروہوں اوس اور خزرج کی پرانی عداوت کی وجہ سے عدم استحکام کے خدشات سے دوچار تھی، دفاع مدینہ کے لیے ضروری تھا کہ ان تمام فرقوں اور گرہوں کو ایک سیاسی وحدت میں پرو دیا جائے، چنانچہ نبی ﷺ نے سب سے پہلے اس کی کوشش کی اور تمام فریقوں کو ایک معاہدہ پر متفق کیا۔ اس معاہد کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ ﷺ مدینہ میں مامون زندگی بسر کرنے اور قوت وطاقت اور عسکری وسائل کو فراہم کرنے میں اچھی طرح کامیاب ہوگئے۔یہ معاہدہ میثاق مدینہ کے نام سے مشہور ہے یہ معاہدہ دور حاضر میں اسلامی ریاست کے داخلی استحکام میں ایک اہم اصول کی حیثیت رکھتا ہے۔

۸۔ سفیروں کے تحفظ کی ضمانت

اسلامی ریاست سفیروں اور قاصدوں کی جان کے تحفظ کی ضمانت دیتی ہے۔اگر کوئی دوسرا حکمران اس اصول کی خلاف ورزی کرے تو اس کے خلاف فوجی کاروائی کی جائے۔عہد نبوی ﷺ میں نبی کریم ﷺ کے سفیر اور قاصد کو بلقاء کے حاکم نے شہید کر ڈالا تو آپ ﷺ نے ان کا انتقام لینے کے لیے تین ہزار کا لشکر روانہ فرمایا غزوہ موتہ اسی سلسلہ میں پیش آیا۔

امام سرخسی نے شرح السیر الکبیر میں یہ اصول بیان کیا ہے کہ:

"ان الرسول من الجانبین یکون آمنا من غیر استیمان"(۱)

یعنی فریقین کی طرف سے (عین حالت جنگ میں بھی) آنے والا ایلچی بغیر امان لیے بھی مامون و محفوظ ہو گا۔

چنانچہ جب مسلمہ کذاب کے دو ایلچی اس کا خط لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور اس کے دعویٰ نبوت کے بارے میں آپ ﷺ کو بتایا تو آپ ﷺ نے پوچھا کہ تم خود اس کے دعویٰ کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ ہم بھی وہی کہتے ہیں جو وہ کہتا ہے تو اس پر حضور ﷺ نے فرمایا:

((لَوْلَا أَنَّ الرُّسُلَ لَا تُقْتَلُ لَضَرَبْتُ أَعْنَاقَكُمَا))(۲)

ترجمہ:اگر ایلچیوں کے قتل نہ کیے جانے کا اصول نہ ہوتا میں تم دونوں کی گردنیں اڑوا دیتا۔

---

(۱) شرح السیر الکبیر، ۵/ ۲۳

(۲) سنن ابو داوٗد، ۳/ ۸۳

۹۔ فنون حرب میں ترقی واستفادہ

اگر کسی ملک کے پاس مضبوط فوج نہ ہو تو دشمن کے لیے اس کا شکار کرنا آسان ہوتا ہے، اس کے برعکس مضبوط فوج ہو تو دشمن اس کی سنتا ہے اور اس کا احترام کرتا ہے۔ اسی لئے قرآن مجید میں قوت کو ہمہ وقت تیار رکھنے کا حکم دیا ہے۔

﴿وَ اَعِدُّوا لَهُم مَّا استَطَعتُم مِّن قُوَّةٍ وَّ مِن رِّبَاطِ الخَيلِ تُرهِبُونَ بِه عَدُوَّ اللّٰهِ وَ عَدُوَّكُم وَ اٰخَرِينَ مِن دُونِهِم لَا تَعلَمُونَهُم اَللّٰهُ يَعلَمُهُم﴾(۱)

ترجمہ: اور تم لوگ، جہاں تک تمہارا بس چلے، زیادہ سے زیادہ طاقت اور تیار بندھے رہنے والے گھوڑے اُن کے مقابلہ کے لیے مہیار کھو تا کہ اس کے ذریعہ سے اللہ کے اور اپنے دشمنوں کو اور ان دُوسرے اعداء کو خوف زدہ کرو جنہیں تم نہیں جانتے مگر اللہ جانتا ہے۔

جنگ کے سلسلہ میں اسلام نے ایک قوت وطاقت کا مظاہرہ اور دوسرے رباط کا بندوبست اسلحہ وسامان پر زور دیا ہے۔

قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿وَدَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَو تَغفُلُونَ عَن اَسلِحَتِكُم وَ اَمتِعَتِكُم فَيَمِيلُونَ عَلَيكُم مَّيلَةً وَّاحِدَةً﴾(۲)

ترجمہ: کافر چاہتے ہیں کہ تم اپنے اسلحہ (ہتھیاروں) اور اپنے سامان کی طرف سے ذرا غافل ہو تو وہ تم پر ایک ہی دفعہ ٹوٹ پڑیں۔

اس طرح اسلام اسلحہ سازی کے لیے معامل حربیہ کا سامان بہم پہنچانے کی بھی ترغیب دیتا ہے اور فولاد و آہن کا بطور خاص اس سلسلہ میں ذکر کرتا ہے کہ عسکری اغراض کے لیے اس سے استفادہ کیا جائے۔

آخر میں ایک اہم اصول جس کی بنیاد پر اجتماعیت کو تعلقات و معاملات سے متعلق فیصلے کی اتھارٹی حاصل ہوتی ہے۔ اس بارے میں فقہانے یہ اصول بیان کیا ہے:

"لا منّعة بدون الامام و جماعة المسلين" (۳)

---

(۱) سورۃ الانفال:۸/۶۰

(۲) سورۃ النساء:۴/۱۰۲

(۳) المرغینانی، برہان الدین، ابوالحسن علی بن ابی بکر، ہدایہ، کتاب السیّر، کراچی پاکستان، محمد علی کارخانہ، ۱۹۹۲ء، ۲/۱۳۲

ترجمہ: مسلمانوں کی سیاسی اور عسکری قوت کا بغیر کسی سربراہ اور جماعت مسلمین (Community) کا کوئی تصور نہیں۔

"منّعہ" سے مراد وہ سیاسی اور عسکری قوت ہے جس کی پشت پر موثر سیاسی اقتدار، عسکری طاقت اور عامۃ الناس کی تائید موجود ہو۔ منّعہ کا ذکر بڑی کثرت سے علم سِیر کے مباحث میں آتا ہے۔ دوسرے فقہی ابواب میں بھی کہیں کہیں منّعہ کا ذکر آتا ہے۔ مثال کے طور پر حدود قصاص کے احکام پر عمل درآمد کے لیے منّعہ کا وجود ضروری ہے، اس لیے کہ منّعہ کے بغیر اگر حدود و قصاص کا نفاذ کیا جانے لگے تو اس سے افراتفری اور بد نظمی پھیلے اور لوگوں کے جان و مال اس سے کہیں زیادہ خطرے میں پڑ جائیں گے جس سے بچنے کے لیے حدود و قصاص کے نفاذ کی کوشش کی گئی تھی۔ آج کل کی سیاسی اور آئینی اصطلاحات میں منّعہ سے قریب ترین اصطلاح اپنے مفہوم کے اعتبار سے Paramountcy کو قرار دیا جاسکتا ہے۔

خلاصہ بحث:

- اسلام جہاں قانون کی بالادستی عدل وانصاف کی فراہمی، تہذیب تمدن کی تعمیر و تطہیر اور فلاحی معاشرے کے قیام پر زور دیتا ہے، وہاں بیرونی تعلقات میں بھی انسانیت کی حفاظت اور امن سلامتی کو بھی ترجیح اوّل بنایا ہے۔
- اسلامی مملکت مساوات کی بنیاد پر ہی دنیا سے تعلقات استوار کرتی ہے، اسلام اسی نظریہ وعقیدہ کی بنیاد پر دنیا کو مل بیٹھنے کی دعوت دیتا ہے، اور یہی اسلام کے بین الاقوامی قانون کی اساس ہے جس پر اسلامی ریاست کے دوسری ریاستوں سے تعلقات منظم ہوتے ہیں۔
- اسلامی مملکت کی تمام داخلی اور خارجی پالیسیوں کا ہدف نظریہ اسلام کی خدمت ہونا چاہیے۔ اور جو ممالک اور اقوام نظریہ اسلام کی بابت دوستانہ یا کم از کم غیر مخالفانہ رویہ رکھتے ہوں ان کے لیے اسلامی ریاست کی پالیسی دوستانہ یا غیر مخالفانہ ہونا چاہیے۔ اس طرح جن ممالک اور اقوام کا رویہ اسلام سے دشمنی وعناد کا ہو تو ان سے دوستی کا معاملہ رکھنا تحفظ دین کے ہدف سے ہم آہنگ نہ ہو گا۔
- بین الاقوامی تعلقات میں اسلام ریاستی معاہدات کی پاسداری کو نہ صرف قانونی ذمہ داری قرار دیتا ہے بلکہ یہ اخلاقی اور دینی ذمہ داری اور ایمان کا تقاضہ ہے۔ ایک اسلامی مملکت کو صرف بین الاقوامی معاہدہ ہی پیش نظر نہیں رکھنا ہو گا بلکہ اسے معاہدات کی پابندی شریعت اسلامی کی بناء پر کرنا ہو گی خواہ اس کی صراحت بین الاقوامی معاہدہ میں نہ بھی ہو۔

- اسلامی مملکت کو غیر اسلامی ممالک سے تعلقات قائم کرنے میں ایک نہایت اہم بات پیش نظر رکھنی چاہیے کہ یہ تعلقات ایک قسم کی صلح ہیں لیکن صلح کا مطلب محبت، دوستی نہیں ہے کیونکہ بنیادی طور پر شریعت نے غیر مسلموں کو اپنا رازداں بنانے سے منع کیا ہے الاّیہ کہ کسی معاملہ میں ان کی نیک نیتی واضح ہو۔
- اسلامی مملکت کو بین الاقوامی مسائل، مثلاً تخفیف اسلحہ، حقوق انسانی کا تحفظ، بین الاقوامی تنازعات کا پر امن حل، نسلی امتیازات، کمزور اقوام کے استحصال جیسے اہم مسائل میں سنجیدہ کردار ادا کرنا چاہیے۔ کیونکہ امن عالم کے لیے کوشش کرنا اس کا ایک دینی فریضہ ہے۔
- اسلامی ریاست کے قیام کا تقاضا یہ بھی ہے کہ وہ عسکری، اقتصادی اور معنوی وسائل سے لیس ہو اور ہر لحاظ سے تیار ہو تا کہ دشمن پر خوف اور رعب ودبدبہ قائم رہے اور وہ کسی جارحیت کا سوچ بھی نہ سکے اسے انسانی حقوق کو پامال کرنے کی جرات ہو اور نہ وہ کسی کی جان ومال پر دست درازی کر سکے اگر جنگی صورتحال ہو تو پھر ایک اسلامی ریاست کو باقی جنگی کارروائیوں، قیدیوں اور عام شہریوں کے سلسلے میں شریعت اسلامیہ کی ہدایات کو پیش نظر رکھنا ہو گا۔
- اسوہ رسول ﷺ سے دور جدید کے حوالے سے جو فکر انگیز روشنی ملتی ہے وہ یہ کہ آپ ﷺ نے اپنی خارجہ پالیسی میں رواداری، امن اور صلح کے لیے بین الاقوامی معاہدوں کو بنیاد بنایا۔ اگر ناگزیر جنگ کا سامنا کرنا پڑا تو اس میں امن سلامتی کے سارے ممکنہ ذرائع کو ترجیح دی۔ جنگ کے آداب، اس میں اخلاقی حدود وقیود، محاربین کے باہم حقوق و فرائض، مقاتلین اور غیر مقاتلین کی تمیز اور ان کے حقوق، معاہدین اور اسیران جنگ کے ساتھ برتاؤ، اور مفتوح اقوام کے ساتھ حسن سلوک کے لئے واضح راہیں متعین کر دیں۔ جنگ میں ہر چیز کو جائز سمجھنے والی خونخوار انسانیت کو آپ ﷺ نے آداب جنگ سکھا دیئے۔

❁ ❁ ❁

تمسکات میں سرمایہ کاری اور اس کی شرعی حیثیت

(تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ)

Investment in Securities and Shar□'ah view

(A descriptive and analytical study)

ڈاکٹر محمد الیاس*

ڈاکٹر حافظ راؤ فرحان علی**

ABSTRACT

Islam is a complete code of life which provides guidance in political, social and economic affairs. Economics deals with very importnt sphere of human life that involves struggle for survival. This struggle is always appreciated because Allah Almighty Himself motivates for it. The basic aim of this is to eradicate poverty and huger and to bring happiness and satisfaction in society but the condition is that all the economic activities should be done with within the limits of sharia. Otherwise the efforts of human beings in this world as well as hereafter will never be successful.

In contemporary economic trends, investment in securities is well known and popular. Government and private institutions issue bonds, shares, debentures etc to provide economic security to the people but in various types of sceurities Shar□'ah laws are not taken care of. Where, for a Muslim, injunctions of Shar□'ah are everything. There are tidings of rewards on obeying these injunctions and warning of punishment on their violation boath in this world and hereafter.

Economic experts suggest to invest but People remain uncertain in these schemes. Regarding this objective, in this article few types of securities (Shares, Debentures and Prize Bonds) have been discussed in Shar□'ah perspectives and prize bonds were given special attention because of difference of openion of scholars about it. Some alternate solutions which may provide an insight into Islamic fiscal monetary system have been provided at the end.

Keywords: *Economic activities, Shar□'ah, Shares, Debentuers, Prize bonds.*

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

** لیکچرار شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

انسان جب سے اس دنیا میں آیا ہے، ضروریات زندگی سے اس کا واسطہ پڑا ہے جن کی تکمیل کیلئے اسے روپے پیسے کی ضرورت ہوتی ہے اور آج کی جدید دنیا میں جہاں تمدن ترقی کی بلندیوں پر ہے، اچھے خاصے مال و دولت کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ روٹی، کپڑے اور مکان کے بعد اچھی تعلیم اور صحت کی عمدہ سہولیات سے بھی فائدہ اٹھایا جاسکے۔ اس ضرورت کے پیش نظر ہر انسان اپنی طاقت بشری کے مطابق صبح سے شام تک تگ ودو کرتا ہے جو کہ بالکل بھی بری نہیں بشرطیکہ اس ذوق اور مزاج کے مطابق ہو جو کہ قرآن وسنت کی وساطت سے ہر مسلمان کو ملا ہے وگرنہ کم از کم اس دائرہ شریعت میں ہو جس کی بنیاد قرآن وسنت کے سنہری اصولوں پر ہے۔ تسخیر کائنات اور اس پر مبنی جادوئی ترقی نے انسانی زندگی میں ایک انقلاب برپا کر دیا ہے جس سے متحیر العقول تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔ میدان معیشت بھی ان سے خالی نہیں ہے۔ تجارت وکاروبار کے نت نئے طریقے ایجاد ہوئے ہیں جن کا گزشتہ زمانوں میں تصور بھی نہیں کیا جاسکتا تھا۔ ان میں سے ایک طریقہ تمسکات پر مبنی معاشی سرگرمیوں کا بھی ہے۔ تمسکات کا عربی مترادف الاوراق المالیہ الاستثماریہ ہے۔ دور حاضر میں اس سے مراد انویسٹمنٹ سیکورٹیز ہیں۔ ماہرین معاشیات ان کی تعریف کچھ اس طرح سے کرتے ہیں:

"A general term standing for a financial instrument.For example a stock is security, a bond is security, and so is a T-bill.In sofar as security means financial assets that are essentialy money".(1)

ترجمہ: یہ زری آلات (تبادلہ) کی عمومی اصطلاح ہے مثال کے طور پر (کسی کمپنی کے شیئرز کے) اسٹاک کو سیکیورٹی کہا جاتا ہے۔ اسی طرح بانڈ اور ٹی۔ بل کو بھی سیکیورٹی کہا جاتا ہے۔ درج بالا تعریفات کے خلاصے کے طور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس سے مراد زری اثاثہ جات ہیں۔

سرمایہ کاری کی یہ دستاویزات جنہیں "سیکیورٹیز" سے موسوم کیا جاتا ہے، ڈیلر، بروکر، مالی وساطتی ادارے اور بعض اوقات بینک سے خریدی جاتی ہیں ہے اور اسٹاک ایکسچینج میں ان کی خرید وفروخت بآسانی ممکن ہوتی ہے۔(۲)

سیکورٹیز کی بنیادی طور پر دو اقسام ہیں۔

۱۔ شراکت اور ملکیت پر مبنی سیکورٹیز مثلاً شیئرز وغیرہ

۲۔ قرض پر مبنی سیکورٹیز مثلاً گورنمنٹ بانڈز، کارپوریٹ بانڈز، میونسپل بانڈز، پرائز بانڈز، ڈبینچرز، میوچل فنڈز وغیرہ۔

---

(۱) Jason Z.Wei,A Layman's Guide to Financial Terms,University of Totonto, Scarborough, April,2014, p.85

(۲) www.Investopedia.com 03-04-2016, 10:11 pm

زیرِ نظر مقالہ میں تمسکات یا سیکورٹیز کی تمام اقسام دائرہ بحث میں نہیں بلکہ صرف تین شیئرز، پرائز بانڈز اور ڈبینچرز کا شرعی جائزہ مقصود ہے کہ سرمایہ کاری کے یہ طریقے شرع اسلام میں جائز ہیں یا نہیں اور کیا سرمایہ کاری کے ایسے طریقے (Modes) موجود ہیں جنہیں استعمال میں لاتے ہوئے خاطر خواہ نفع کی توقع کی جاسکتی ہے؟ ذیل میں اسی حوالے سے بحث کی جاتی ہے۔

شیئرز:(Shares)

تمسکات میں سرمایہ کاری کا ایک معروف طریقہ شیئرز کی خریداری ہے، جس میں کسی کمپنی کے بڑے سرمائے کو چھوٹے چھوٹے حصص میں تقسیم کر کے عوام الناس کو کو خریداری کی دعوت دی جاتی ہے، یہ شیئرز اگر ایسی کمپنی کے ہوں جو اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ ہو تو ان کی خرید و فروخت بآسانی ممکن ہوتی ہے اور یہ قابلِ انتقال آلہ مبادلہ ہوتے ہیں بنیادی طور پر شیئرز کی تین اقسام ہیں:[۱]

۱۔ فیس ویلیو(Face value) ۲۔ پریمیم (Premium) ۳۔ ڈسکاؤنٹ(Discount)

۱۔ فیس ویلیو کے شیئرز سے مراد ایسے شیئرز ہیں جن کی خرید و فروخت انکی قیمت اسمیہ پر ہوتی ہے مثال کے طور پر ۱۰۰ روپے کے شیئر کی ۱۰۰ کے بدلے میں خرید و فروخت۔

۲۔ پریمیم شیئرز سے مراد ایسے شیئرز ہیں جن کی خرید و فروخت ان کی قیمت اسمیہ سے زائد پر ہو مثال کے طور پر ۱۰۰ روپے کے شیئر کی خرید و فروخت، ایک سو دس (۱۱۰) یا اس سے زائد پر۔

۳۔ ڈسکاؤنٹڈ شیئرز سے مراد ایسے شیئرز ہیں جن کی خرید و فروخت انکی قیمت اسمیہ سے کم پر ہو مثال کے طور پر ۱۰۰ روپے شیئر کی خرید فروخت ۹۰ روپے یا اس سے کم میں۔

شیئرز کی خریداری اور شرعی نقطہ نظر:

شیئرز کی خریداری کے بارے میں پہلا نقطہ نظر یہ ہے کہ اگر کمپنی کے سرمائے کا پچاس فیصد سے زائد ٹھوس اثاثہ جات (تعمیرات، مشینری، دفاتر وغیرہ) کی صورت میں ہو تو ۱۰۰ روپے کے شیئر کی فروخت ۱۱۰ روپے میں کی جا سکتی ہے، ورنہ ۱۰۰ روپے کا شیئر ۱۰۰ میں ہی فروخت ہو گا اسے کم یا زیادہ کی اجازت نہیں۔

۲۔ صرف ان کمپنیوں کے شیئرز کی اجازت ہے جن کا بنیادی کاروبار حلال ہو مثال کے طور پر حلال خوراک ،لباس، یا رہائشی سہولیات، فرنیچر، مشینری تیار کرنے والی کمپنیاں۔ کیسنو، نائٹ کلب، شراب بنانے والی

(۱) Qazi Shehzad and Muhammad Saeed,Introduction to business,Azeem academy,Lahore,p.147

کمپنیاں، سودی بینک اور مالیاتی ادارے، خنزیر کا گوشت اور اسکے اجزاء سے بنی ہوئی مصنوعات بنانے والی کمپنیوں کے شیئرز کی اجازت نہیں۔

۳۔ کمپنی کا بنیادی کاربار تو حلال ہو مگر کمپنی کسی نہ کسی طرح سود میں بھی ملوث ہو مثال کے طور پر اس نے سود پر بینک سے قرضہ لے رکھا ہو جیسا کہ آج کل کمپنیاں عموماً بینکوں سے قرضہ لیتی ہیں یا منافع کی غرض سے رقم بینک کے پاس رکھواتی ہو تو ایسی کمپنیوں کے شیئرز لینے کے اجازت ہے تاہم شیئرز ہولڈرز پر لازم ہے کہ وہ اس ناجائز فعل کے خلاف کمپنی کی سالانہ میٹنگ میں آواز اٹھائیں اور اس کے خلاف ووٹ دیں۔

۴۔ اگر کمپنی کا بنیادی کاروبار تو حلال ہو مگر کمپنی نے اپنی زائد رقم سودی بینکوں کے پاس رکھوائی ہو تو اس صورت میں شیئر ہولڈرز کے پاس جو پیسہ آئے گا اس میں سود کی بھی آمیزش ہو گی تو اس کا حل یہ ہے شیئرز کا کاروبار کرنے والا شخص منافع میں سے اتنی رقم صدقہ کردے جو کل سودی منافع میں اس کے شیئرز کے تناسب سے اس کو ملی ہو تو اب اس کا منافع بالکل حلال ہو گا۔[1]

ڈبینچرز:(Debentures)

کمپنی جو شیئرز جاری کرتی ہے اس کے عوض شیئر ہولڈرز کو دائمی مالکانہ حقوق حاصل ہوتے ہیں جب تک کمپنی تحلیل نہیں ہو جاتی۔ لیکن کمپنی اگر یہ چاہے کہ اس کہ مالکان کی تعداد نہ بڑھے اور اسے روپیہ پیسہ بھی حاصل ہو جائے جس سے سے اس کی ضروریات پوری ہو سکیں تو کمپنی ڈبینچرز جاری کرتی ہے۔ سہیل افضل ڈبینچرز کا مفہوم کچھ یوں بیان کرتے ہیں:

"In general, a debenture is a borrowing. The usual way in which company borrows money is by issuing debentures. Debentures are also termed as Bonds. These are issued under the seal of company containing a contract for the repayment of principal amount at a specified date and for the payment of interest at a fixed rate until the principal amount is repaid."[2]

ترجمہ: سادہ لفظوں میں ڈبینچرز کی نوعیت قرض کی ہے۔ جس میں کمپنی ڈبینچرز جاری کر کے (عوام الناس) سے قرض حاصل کرتی ہے۔ انہیں "بانڈز" کے ساتھ بھی موسوم کیا جاتا ہے۔ ڈبینچرز کمپنی کی مہر کے ساتھ جاری کئے جاتے ہیں جو کہ اس بات کا معاہدہ ہوتے ہیں کہ کمپنی ہر متعین دورانیے کے بعد

---

(۱) عثمانی، مفتی محمد تقی، اسلام اور جدید معیشت و تجارت، ادارۃ المعارف، کراچی، ص۸۸۔۹۰

(۲) Sohail Afzal and M.Arif ,Accounting an intitiative approach azeem academy,Lahore,p.88,

ڈبینچرز کے حاملین کو متعین سود ادا کرے گی جب تک ان کی اصل رقم انہیں ادا نہیں کر دی جاتی۔

ڈبینچرز میں سرمایہ کاری شرعی نقطہ نظر سے ناجائز اور حرام ہے اس لئے کہ ایک مقررہ رقم ادھار دے کر متعین دورانیے کے بعد اس پر اضافہ وصول کرنا اور نقصان میں شریک نہ ہونا ہی تو سود ہے۔ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ عہدِ رسالت میں مروج سود کی تشریح یوں فرماتے ہیں:

"وأما ربا النسيئة فهو الأمر الذي كان مشهورا متعارفا في الجاهلية وذلك انهم كانوا يدفعون المال على أن يأخذوا كل شهر قدرا معينا، ويكون رأس المال باقيا، ثم إذا حل الدين طالبوا المديون برأس المال، فإن تعذر عليه الأداء زادوا في الحق والأجل، فهذا الرباء الذي كانوا في الجاهلية يتعاملون به"[۱]

ترجمہ: اور جہاں تک ربا النسیئۃ کا تعلق ہے تو وہ دور جاہلیت کا ایک مشہور و معروف معاملہ تھا۔ جس میں لوگ روپیہ پیسہ اس شرط پر دیتے تھے کہ وہ ایک متعین مقدار ماہانہ وصول کریں گے۔ اور راس المال یونہی جوں کا توں باقی رہے گا۔ پھر جب ادائیگی کا وقت آتا اور مقروض سے راس المال کی واپسی کا مطالبہ کیا جاتا۔ اگر وہ ادا نہ کر سکتا تو مدت اور واجب الاداء رقم کو بڑھا دیتے۔ یہ تھا وہ جاہلیت کا ربا جو ان کے ہاں رائج تھا۔

ڈبینچرز میں بھی اصل رقم جوں کی توں باقی رہتی ہے اور کمپنی اس وقت تک سود ادا کرتی رہتی ہے جب تک یہ رقم واپس نہ کر دی جائے لہٰذا ہر کلمہ گو پر اس سے احتراز لازم ہے اس لئے احکاماتِ خداوندی کی پیروی میں ہی اصل فلاح ہے۔

پرائز بانڈ:(Prize Bond)

سرمایہ کاری کا ایک طریقہ بانڈز کی خریداری بھی ہے۔ بانڈز سے مراد طویل المیعاد قرضہ جات ہیں (جو بانڈ ہولڈرز کی جانب سے بانڈز جاری کرنے والے اداے کو دیئے جاتے ہیں) بانڈز جاری کرنے والا اس بات کا ذمہ دار ہوتا ہے کہ وہ پختگی کی میعاد پر بانڈز کی اصل رقم واپس کرے گا اور ان پر متعین سود بھی ادا کرے گا۔[۲] بانڈز کی کئی اقسام ہیں مثلاً حکومتی بانڈز، کارپوریٹ بانڈز، میونسپل بانڈز وغیرہ وغیرہ مگر زیرِ نظر اسی کی ایک قسم پرائز بانڈ جو کہ وطنِ عزیز

(۱) رازی، محمد بن حسن التیمی، مفاتیح الغیب، دار الاحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۰ھ، ۷/ ۷۲

(۲) Prof.Dr AP Faure, Bond Market:An Introduction,Quion Institute(PTY)Limited,South Africa,p.14

میں معروف ہے، کے حوالے سے بحث مطلوب ہے جس کے حلال اور حرام ہونے میں وطن عزیز کے علماء کے ایک طبقے کا اختلاف ہے لہٰذا اس کا تذکرہ ہم قدرے تفصیل کے ساتھ کریں گے:

انگریزی زبان سے ماخوذ اسماء "پرائز" اور "بانڈ" پر مشتمل مرکب اردو میں بطور اسم استعمال ہوتا ہے۔ انعامی بانڈ حکومت پاکستان کا جاری کردہ اقرار نامہ جس پر ماہ بماہ قرعہ اندازی کے ذریعے نقد انعامات تقسیم کیے جاتے ہیں۔[1] قاموس عربی، فرانسیسی، انگریزی میں بانڈ کے معنی "سند" "مستند" "وثیقہ" لکھے ہیں۔ المورد میں بانڈ کے معنی بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

"سند أو وثيقة الدين" [2]

ترجمہ: سرٹیفیکیٹ یا قرض کی دستاویز

حقیقت یہ ہے کہ حکومت کو کبھی عوام سے قرض لینے کی ضرورت پڑتی ہے اس کے لیے وہ وقتاً فوقتاً مختلف طریقوں سے قرض وصول کرتی رہتی ہے۔ لیکن ظاہر ہے کوئی شخص اپنی رقوم حکومت کو اس طرح دینے پر تیار نہیں ہوتا ہر شخص یہ چاہتا ہے اس کا مال بھی محفوظ رہے اور اسے نفع بھی حاصل ہوتا رہے۔ اس طرح حکومت عوام سے قرض حاصل کرنے کے لیے ایسے اقدامات کرتی ہے جس سے عوام متاثر ہو کر نفع کی لالچ میں زیادہ سے زیادہ بچتیں حکومت کے پاس جمع کرا دیں۔

لوگ بانڈ کا وثیقہ لے کر اس کے بالمقابل قرض دینے پر آمادہ ہوں اس کی ترغیب کی ایک ممکنہ صورت تو یہ ہو سکتی ہے کہ بانڈ جاری کرنے والا اس پر متعین سود دینے کا التزام کرلے، ایک لاکھ روپے کے بانڈ پر سالانہ پندرہ ہزار سود دیا جائے گا، یہ سود ہر بانڈ ہولڈر کو ملے گا، جیسا کہ کمپنی ڈبینچرز میں کرتی تھی ظاہر ہے کہ اس صورت کے ناجائز ہونے پر کوئی اشکال یا اختلاف نہیں ہو سکتا۔ لیکن پرائز بانڈ بھی اگرچہ اسی مقصد یعنی قرض کے حصول کا ایک ذریعہ ہے لیکن اس میں یہ نہیں ہوتا تمام پرائز بانڈ ہولڈرز کے لئے یعنی تمام قرض دہندگاں کے لئے یہ التزام ہو کہ ان میں ہر ایک کو بہر صورت کسی متعین شرح کے ساتھ سود ملے گا۔ بلکہ ہوتا یہ ہے کہ حکومت (بینک کے ذریعے) مختلف قیمتوں کے بانڈز جاری کرتی ہے جو اس بات کی دستاویز اور رسید ہوتے ہیں کہ اس بانڈ ہولڈر نے اتنی رقم حکومت کو قرض دی ہے اب اس کو اختیار ہے چاہے قرعہ اندازی میں شامل ہونے کے لیے بانڈز اپنے پاس رکھے یا بینک میں جمع کرا کے اپنی رقوم کسی بھی وقت واپس حاصل کرلے، یا کسی اور شخص کو دے کر اس سے رقم وصول کرلے۔ ان میں سے کسی بھی

(۱) اطلاقی شماریات، ۱۹۶۸ء، ص:۸۶

(۲) البعلبکی، دکتور روحی، المورد، دار العلم للملایین، بیروت، لبنان، ص:۱۸

صورت میں اس بانڈ کے عوض حکومت یا متعلقہ بینک کی طرف سے خاص متعین شرح پر سود جاری نہیں ہو گا بلکہ یہاں بانڈز لے کر قرض دینے کی ترغیب پیدا کرنے کے لئے ایک دوسرا طریقہ اختیار کیا جاتا ہے وہ یہ کہ ایک متعین مدت کے بعد مثلاً ہر تین مہینے بعد حکومت قرعہ اندازی کراتی ہے جس کا نمبر نکل آتا ہے، انعام یا پرائز کے نام سے اس کو بھاری رقم دی جاتی ہے۔[1]

فرق یہ ہوا کہ شرح سود کی صورت میں ہر ہولڈر کو منافع ملنا یقینی تھا لیکن اس کی مقدار بہت معمولی تھی مثلاً پندرہ فیصد، جبکہ یہاں ممکنہ فائدہ مقدار میں بہت زیادہ ہوتا ہے مثلاً چند ہزار پر کئی کروڑ روپے، لیکن یہ فائدہ قسمت کی بات ہوتی ہے، اس کا انحصار قرعہ اندازی میں نام نکلنے پر ہوتا ہے۔ گویا پہلی صورت یعنی سود والی صورت میں اس میں ترغیب کی وجہ فائدے کا یقینی ہونا ہے جبکہ دوسری صورت میں وجہ فائدے کا زیادہ ہونا ہے۔

پاکستان میں پرائز بانڈز کی خرید و فروخت

پاکستان میں پرائز بانڈ کی خرید و فروخت کا سلسلہ عام ہے۔ حکومت سو، دو سو، سات سو پچاس، سات ہزار پانچ سو، پندرہ ہزار، پچیس ہزار اور چالیس ہزار کی قیمت کے پرائز بانڈز جاری کرتی ہے[2] اور اب تو شنید یہ ہے بھی ہے کہ آئندہ مالی سال سے پانچ سو اور ایک ہزار کی قیمت کے پرائز بانڈز جاری کئے جائیں گے۔ بانڈز خریدنے کے بعد خریدار کی اصل رقوم محفوظ رہتی ہے اور خریدار بانڈز کی رقم کو پاکستان کے کسی بھی بینک کے ذریعے جب چاہے کیش کرا سکتا ہے۔ بانڈز سیریز میں جاری کیے جاتے ہیں۔ ہر تین ماہ کے بعد قرعہ اندازی کے ذریعے حکومت بالترتیب سات لاکھ سے لے کر سات کروڑ پچاس لاکھ تک کے انعامات جس کا نمبر نکل آئے ان میں تقسیم کرتی ہے۔[3]

پرائز بانڈ کی شرعی حیثیت پاکستانی مکاتب فکر کے نزدیک

پرائز بانڈ کی شرعی حیثیت کے بارے میں علماء میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض علماء اس کو قمار یا سود قرار دے کر ناجائز کہتے ہیں اور بعض علماء اس کو جائز کہتے ہیں۔ آنے والی سطور میں پاکستان کے مختلف مکاتب فکر (دیوبندی، اہل حدیث، بریلوی اور اہل تشیع) کے موقف پر پرائز بانڈ کی شرعی حیثیت کے بارے آراء پیش کی جائیں گی۔

---

(۱) المورد، ص:۱۴

(۲) پرائز بانڈز، ان کی مالیت اور سالانہ شیڈول کے لئے مرکز قومی بچت کی ویب سائٹ:
http://www.nationalsavings.pk/prize-bond-schedule-2016 وزٹ کیجئے جس میں سال ۲۰۱۶ کے پرائز بانڈز کی مکمل تفصیلات دی گئی ہیں۔

(۳) http://prizebond.net.php

پرائز بانڈ کی شرعی حیثیت علماء دیوبند کے نزدیک

دیوبندی مکتب فکر سے وابستہ تمام علماء انعامی بانڈز کی خرید فروخت کو ناجائز کہتے ہیں۔ ان کے نزدیک پرائز بانڈ پر ملنے والی رقم حرام و ناجائز ہے۔ یہ سود اور قمار دونوں کا مجموعہ یا کم از کم ایک تو ضرور ہے اور شرعاً یہ دونوں صورتیں حرام ہیں۔[۱] قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿أَحَلَّ اللّهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا﴾[۲]

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے تجارت کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام۔

اللہ تعالیٰ نے سود پر شدید اور سخت وعید فرمائی حتیٰ کہ سودی کاروبار کو اللہ نے اور اس کے رسول ﷺ سے اعلان جنگ کے مترادف قرار دیا۔

قرآن مجید میں ارشاد ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اتَّقُواْ اللّهَ وَذَرُواْ مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ، فَإِن لَّمْ تَفْعَلُواْ فَأْذَنُواْ بِحَرْبٍ مِّنَ اللّهِ وَرَسُولِهِ﴾[۳]

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو سود باقی رہ گیا ہے وہ چھوڑ دو، اگر سچ مچ ایمان والے ہو اور اگر ایسا نہیں کرتے تو اللہ تعالیٰ سے اور اس کے رسول ﷺ سے لڑنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ رسول اکرم ﷺ نے سود کھانے والے، سود دینے والے، سودی دستاویز لکھنے والے اور سود کی گواہی دینے والوں پر لعنت فرمائی ہے۔[۴]

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے جوئے اور قمار بازی کے معاملات کو نہ صرف حرام قرار دیا ہے بلکہ اس کو انسانی معیشت کے لیے نجاست، گندگی، انسانیت کے درمیان بغض و عداوت کا سبب اور شیطانی عمل قرار دیا ہے۔[۵]

قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالأَنصَابُ وَالأَزْلاَمُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾[۱]

---

(۱) http://daruifta-deoband.org

(۲) سورۃ البقرۃ ۲/ ۲۷۵

(۳) سورۃ البقرۃ ۲/ ۲۷۸-۲۷۹

(۴) مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب المساقاۃ، باب لعن آکل الربا و مؤکلہ، حدیث نمبر: ۲۹۵۵، مطبوعہ نور محمد، کراچی

(۵) مفتی محمد تقی عثمانی و مولانا سلیم اللہ، پرائز بانڈ کی شرعی حیثیت، مکتبہ عمر فاروق، شاہ فیصل کالونی، کراچی، اپریل ۲۰۰۸ء، ص: ۳۹

ترجمہ: اے ایمان والو! بلاشبہ شراب اور جوا، بت اور جوئے کے یہ تیر سب نجس ہیں، شیطانی عمل میں سے ہیں، ان چیزوں سے دور رہا کرو تاکہ تمہیں فلاح ملے۔

انعامی بانڈز کے نام سے جو انعام دیا جاتا ہے حقیقتاً یہ سود کی ایک شکل ہے۔ انعامی بانڈز کے انعام میں ملنے والی رقم حرام ہے اور اس کا استعمال کرنا جائز نہیں۔

بینک جب انعامی بانڈز کی کوئی سیریز نکالتا ہے اور اس سیریز کے ذریعے سے جو رقم وہ عوام سے وصول کرتا ہے اس رقم کو عموماً بینک کسی کو سودی قرضے پر دے دیتا ہے اس سود سے جو رقم موصول ہوتی ہے بینک اس میں سے کچھ رقم اپنے پاس رکھتا ہے اور کچھ قرعہ اندازی کے ذریعہ ان لوگوں میں تقسیم کر دیتا ہے جنہوں نے انعامی بانڈز لئے تھے۔ چنانچہ قرعہ اندازی کے جو رقم انعام کے نام سے ملتی ہے وہ حقیقتاً سود ہی کی رقم ہے اگرچہ بینک اس کو ہزار مرتبہ انعام کہے۔ یہ سودی رقم اس حدیث شریف کے زمرے میں بھی آتی ہے:

"کل قرض جر نفعا فهو حرام"(۲)

ترجمہ: ہر وہ قرض جس کے ذریعے نفع کمایا جائے وہ حرام ہے۔

اور بعض علماء دیوبند یہ بھی کہتے ہیں کہ انعامی بانڈز میں بانڈز لینے والے کی طرف سے اس نفع کی شرط نہیں لگائی جاتی۔ بلکہ بینک والے اسے بطور انعام کے دیتے ہیں۔ لیکن فقہ میں ایک مشہور قاعدہ ہے:

"المعروف عرفا كالمشروط شرطا"(۳)

ترجمہ: کہ جو چیز عرف اور رواج کا حصہ بن جائے وہ ایسے ہی ہے جیسے عقد میں اس کی شرط لگالی گئی ہو۔

یعنی جو چیز لوگوں میں عام رائج ہو اور پہلے ذہنوں میں طے شدہ ہو وہ ایسی ہے جیسے کہ زبانی شرط لگانا، چنانچہ انعامی بانڈز میں بھی بانڈز لینے والے کے ذہن میں یہی ہوتا ہے کہ قرعہ اندازی کے ذریعے مجھے اپنی اصل رقم سے زائد مل جائے گی۔

اور اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ بینک انعامی بانڈز کے لینے والوں کی رقم کو سودی قرضہ پر نہیں دیتا بلکہ اس کو کسی کاروبار میں لگاتا ہے اور اس کاروبار سے جو نفع ہوتا ہے وہ قرعہ اندازی کے ذریعے تقسیم کر دیا جاتا ہے تو پھر بھی انعامی بانڈز سے ملنے والا انعام جائز نہیں اس لیے کہ مشارکت میں نفع و نقصان دونوں کا احتمال ہوتا ہے جبکہ یہاں بینک کی طرف سے نقصان کا کبھی کوئی ذکر نہیں آتا۔ دوسری بات یہ ہے کہ تجارتی اور شرعی اصول کے مطابق مشارکت کی

(۱) سورۃ المائدہ ۵/ ۹۰-۹۱

(۲) ابن عابدین، رد المحتار علی الدر المختار، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، لبنان، ۴/ ۱۷۴

(۳) السیوطی، جلال الدین، الأشباہ والنظائر، دار الکتب العلمیۃ، ۱۹۹۱ء، ص: ۹۲

تجارت میں جب نفع ہوتا ہے تو اس میں نفع سے ہر شریک کو اتنے فی صد ہی حصہ ملتا ہے جتنے فیصد اس نے روپیہ لگایا ہے۔

نفع کی تقسیم قرعہ اندازی کے ذریعہ کرنا اس میں بہت سوں کے ساتھ ناانصافی ہونا یقینی بات ہے۔ لہٰذا انعامی بانڈز کا انعام ہر اعتبار سے ناجائز اور حرام ہے۔

اگر کسی کے پاس انعامی بانڈز آجاتے ہیں یا اس نے ضروریات کے بناء پر خرید لیے ہیں اب اگر وہ ان کو قیمت خرید پر ہی فروخت کر دیتا تو اس پر کوئی انعام یا نفع نہیں لیتا تو یہ صورت جائز ہے۔[۱]

یہاں یہ بات بھی ذہن میں رہنا ضروری ہے کہ پرائز بانڈ پر ملنے والے انعام کو سود قرار دینے پر تو تقریباً تمام علماء دیوبند متفق ہیں، تاہم اسے قمار قرار دینا محل نظر بھی ہے اور اس پر اتفاق بھی نہیں ہے[۲]۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ قمار بننے کے لئے ضروری ہے کہ آپ کو جو ممکنہ فائدہ حاصل ہو رہا وہ خطرے کی بنیاد پر ہو، یعنی معاملہ دو باتوں کے درمیان دائر ہو، یا تو آپ کو اپنی اصل رقم کے علاوہ مزید بھی مل جائے گی یا آپ اپنی اصل رقم سے بھی محروم ہو جائیں گے۔

چنانچہ علامہ ابن عابدین لکھتے ہیں:

"قوله لما فيه من القمار هو المراهنة كما في القاموس، وفيه المراهنة، والرهان المخاطرة. وحاصله أنه تمليك على سبيل المخاطرة"[۳]

ترجمہ: ان کی بات کا مطلب یہ ہے کہ اس میں قمار پایا جاتا ہے اور قاموس میں اس کی تشریح مراہنہ سے کی گئی ہے۔ مراہنہ اور رہان دونوں کا قاموسی معنی مخاطرہ ہے۔ حاصل یہ ہے کہ قمار میں ملکی خطرے پر مبنی ہوتی ہے۔

ایک اور جگہ علامہ شامی لکھتے ہیں:

"لأن القمار من القمر الذي يزداد تارة وينقص أخرى، وسمي القمار قمارا لأن كل واحد من المقامرين ممن يجوز أن يذهب ماله إلى صاحبه، ويجوز أن يستفيد مال صاحبه وهو حرام بالنص"[۴]

---

(۱) شیخ مزمل حسین، فتویٰ، دار الافتاء، جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

(۲) مفتی محمد تقی عثمانی، اسلام اور جدید معیشت و تجارت، ادارۃ المعارف، کراچی، ص:۳۳

(۳) رد المحتار، ۵/۱۱

(۴) ایضاً، ۶/۴۰۳

ترجمہ: قمار، قمر (چاند) سے ہے جو کہ کبھی گھٹتا اور کبھی بڑھتا ہے اور قمار کو قمار اس لئے کہا جاتا ہے کہ مقامرین (جواری) میں سے ہر ایک کا مال کبھی تو دوسرے کی جانب چلا جاتا ہے اور کبھی اُس کا مال اِس کی جانب چلا آتا ہے جس سے یہ مستفید ہوتا ہے اور یہ ازروئے نص حرام ہے۔

اسی طرح کویت کی وزارت اوقاف کے تحت تیار ہونے والے فقہی انسائیکلوپیڈیا میں ہے:

"وقال ابن حجر المكي: الميسر: القمار بأي نوع كان، وقال المحلي: صورة القمار المحرم التردد بين أن يغنم وأن يغرم"[(۱)]

ترجمہ: ابن حجر مکی کہتے ہیں کہ میسر سے مراد قمار ہے خواہ وہ جس قسم کا بھی ہو۔ اور محلیٰ (ابن حزم) میں کہا گیا ہے کہ وہ قمار جو کہ حرام ہے ایسی صورتحال پر مبنی ہے کہ یا تو (جواری) امیر ہو جائے گا یا پھر مقروض ہونا اس کا مقدر ٹھرے گا۔

اور یہاں پرائز بانڈ میں اصل رقم کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہوتا، وہ ہر حال میں محفوظ رہتی ہے، انعام نہ نہ نکلنے کی صورت میں بانڈ ہولڈر اپنی اصل رقم حاصل کرنے کا مجاز ہوتا ہے۔

پرائز بانڈ کی شرعی حیثیت اور علماء اہل حدیث کا نقطہ نظر

علماء اہل حدیث کے نزدیک بھی پرائز بانڈ شرعاً ناجائز اور حرام ہے۔ ان کے نزدیک نہ صرف یہ سود ہے بلکہ اس میں جوے کا عنصر بھی پایا جاتا ہے۔ سود اس لحاظ سے ہے کہ حکومت ایک متعین شرح کے حساب سے سود کی رقم کا حساب کر کے اسے انعام کی شکل میں دیتی ہے اس طرح یہ بانڈ حکومت کے لیے سودی قرضہ ہی کی حثییت رکھتا ہے۔ اور جوا اس لیے ہے کہ بانڈ ہولڈر صرف اتفاقی طور پر نمبر نکل آنے سے بغیر کسی فعال سرمایہ کاری نفع حاصل کرنے کی خواہش رکھتا ہے۔ اور جوے میں بھی یہی کچھ ہوتا ہے۔[(۲)]

دور جاہلیت میں جوئے کی متعدد صورتیں تھیں جن میں سے ایک یہ تھی کہ کعبہ شریف میں رکھے ہوئے چند مخصوص تیروں کے ذریعے مشترکہ مال تقسیم کیا جاتا تھا اس طرح قرعہ اندازی کے ذریعے جو تیر جس کے نام کا نکل آیا اور اس پر جتنا حصہ لکھا ہوتا وہ اسے مل جاتا۔ بعض خالی تیر نکلنے کی صورت میں وہ شخص بالکل محروم رہتا۔ اور قرآن مجید میں صاف آیا یہ صورت حرام ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

---

(۱) الموسوعۃ الفقہیۃ الکویتیۃ، وزارۃ الاوقاف والشئون الاسلامیہ، ۳۹/ ۴۰۴

(۲) ابو محمد، حافظ عبد الستار، فتاویٰ اصحاب الحدیث، مکتبہ ابن قیم، سلطان کالونی میاں چنوں، جون ۲۰۰۷ء، ۱/ ۲۶۷

ترجمہ: تمہارے لیے یہ بھی حرام ہے کہ تم پانسوں کے ذریعے اپنی قسمت معلوم کرو۔[۱]

ادھر انعامی سکیموں میں بھی تو یہی کچھ ہوتا ہے لہٰذا اس کے ناجائز ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔

علماء اہل حدیث لکھتے ہیں کہ قسمت آزمائی کا سہارا لے کر اسے درست کہنا بھی صحیح نہیں ہے کیونکہ قسمت آزمائی جس کی بنیاد محض وہم و گمان اور اتفاقی عمل پر ہو وہ ناجائز ہے جسے قرآن مجید میں تیروں کے ذریعے قسمت آزمائی فرمایا گیا ہے اور وہ بالاتفاق حرام ہے۔

اور بعض لوگ اسے انعام سمجھ کر جائز سمجھتے ہیں حالانکہ اس طرح کسی کو دی جانے والی رقم کو کسی بھی طور پر انعام نہیں کہا جا سکتا کیونکہ انعام حسن کارکردگی یا اعلیٰ خدمات کا صلہ ہوتا ہے جبکہ اس میں ایسا نہیں ہوتا ہے۔ انعام حاصل کرنے والے سے کچھ وصول نہیں کیا جاتا جبکہ انعامی سکیموں میں شمولیت کے لیے کچھ نہ کچھ دینا پڑتا ہے۔

انعام میں کچھ وجوہ ترجیح ہوتی ہیں جب کہ ان سکیموں میں کامیابی کی بنیاد محض "اتفاق" ہے۔[۲]

مزید یہ کہ پرائز بانڈ جوئے کی ایک واضح قسم اس طرح سے بھی ہے کہ بینک کا سارا کاروبار سود پر ہوتا ہے اس لیے بھی یہ بانڈز بھی مشکوک ہو جائیں گے اور ان سے بچنا ہی بہتر ہے۔[۳]

بریلوی علماء اور پرائز بانڈ

علماء بریلوی کے نزدیک انعامی بانڈز کی بیع و شراء بالکل جائز ہے اور حکومت کی طرف سے ان کو خریدنے کے بعد نام نکلنے پر جو انعامات جاری کیے جاتے ہیں وہ بھی جائز ہیں کیونکہ اس انعام پر ربا یا قمار کسی کی بھی تعریف صادق نہیں آتی۔

علامہ مفتی محمد وقار الدین لکھتے ہیں کہ: پچاس روپے، سو روپے، پانچ سو یا ایک ہزار کے پرائز بانڈ خریدنا اور ان پر انعام لینا جائز ہے۔ شریعت نے حرام مال کی کچھ صورتیں مقرر کی ہیں وہ یہ ہیں:

۱۔ کسی کا مال چوری، غصب، ڈکیتی یا رشوت کے ذریعے لیا جائے۔

۲۔ جوئے میں مال حاصل کیا جائے۔

۳۔ سود میں لیا جائے۔

۴۔ اور یہ کہ بیع باطل کے ذریعے لیا جائے۔

---

(۱) سورۃ آل عمران:۳/۵

(۲) فتاویٰ اصحاب الحدیث، ۱/۲۶۵

(۳) مولانا ابو الحسنات علی، فتاویٰ علمائے حدیث، مکتبہ سعیدیہ، خانیوال، جنوری، ۱۹۸۱ء، ۱۴/۱۳۲

پرائز بانڈ میں ان میں کوئی ایک صورت بھی نہیں

انعامی بانڈز میں اضافہ مشروط نہیں لہٰذا سود نہیں اور پیسے میں کمی نہیں ہوتی لہٰذا جوا نہیں لینے والا اپنی خوشی سے کچھ زیادہ دیدے تو وہ جائز ہے اور اس کے لیے قرعہ اندازی کرنا بھی جائز ہے تو انعامی بانڈ کے جائز ہونے کی وجہ نہیں ہے۔[۱]

ان کے نزدیک انعامی بانڈز کا انعام ربا نہیں ہے۔

اور ربا کی دو قسمیں ہیں:

۱) ربا الفضل

۲) ربا النسیئہ

یہ انعام ربا الفضل اس لیے نہیں ہے کہ:

- امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ربو الفضل کی حرمت کی علت جنس میں اتحاد اور قدر معروف میں زیادتی ہے۔ اور یہاں جنس ایک نہیں کیونکہ انعامی بانڈز کی بیع کرنسی نوٹوں کے عوض ہوتی ہے انعامی بانڈز کے عوض نہیں۔
- امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک حرمت کی علت صرف سونے چاندی یا کھانے پینے کی چیزوں میں ہو سکتا ہے۔
- امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ربا صرف ان چیزوں میں ہو سکتا ہے جن میں غذائیت ہو یا وہ چیزیں قابل ذخیرہ ہوں۔
- امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک حرمت کی علت ناپ تول ہے اور بانڈز میں ایسا نہیں ہوتا۔[۲]

اور ربا النسیئہ میں ائمہ اربعہ اس بات پر متفق ہیں کہ جس قرض میں ایک معین مدت کے بعد اصل رقم سے زائد رقم لینے کی شرط رکھی جائے اور زائد رقم کی مقدار بھی معین ہو وہ ربا النسیئہ ہے۔ انعامی بانڈز میں چونکہ مدت کے عوض اضافہ کی شرط نہیں ہوتی اور اگر بغیر شرط لگائے مقروض قرض خواہ کو اصل رقم سے کچھ زائد دے تو یہ جائز ہے۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ

---

(۱) مفتی محمد وقار، وقار الفتاویٰ، بزم وقار الدین، کراچی، ۱/۲۲۷-۲۲۹

(۲) الرازی، فخر الدین، تفسیر کبیر، دار الفکر، ۱۹۸۱م، ۲/۳۵۱

كَانَ لِي عَلَى النَّبِيِّ ﷺ دَيْنٌ فَقَضَانِي وَزَادَنِي وَدَخَلْتُ عَلَيْهِ الْمَسْجِدَ فَقَالَ :لِي صَلِّ رَكْعَتَيْنِ [1] ترجمہ: آنحضرت ﷺ کے ذمے میرا قرض تھا۔ آپ ﷺ نے وہ ادا کیا اور مجھے (میرے قرض سے) زیادہ دیا۔

صحیح بخاری کی اس رویت سے واضح ہوا کہ اگر مقروض خود زائد رقم دے تو یہ جائز ہے اگر انعامی بانڈز میں حکومت قرض لیتی ہے اور قرض کی ادائیگی کے بعد از خود بعض افراد کو اصل رقم سے کچھ زیادہ دیتی ہے تو وہ حدیث شریف کے پیش نظر جائز ہے اور سود نہیں ہو گا۔

وہ کہتے ہیں کہ انعامی بانڈز میں ہر شخص اس شرط کے ساتھ انعام نہیں خرید رہا ہوتا ہے کہ اسے لازماً انعام ملے گا۔ کیونکہ حکومت ہر خریدار کو انعام نہیں دیتی نہ اس کا رواج ہے اور نہ عرف ہے اور جو چیز عرف نہیں ہے وہ حکماً شرط بھی نہیں بن سکتی ہے۔ "المعروف کالمشروط" کا قاعدہ اس وقت جاری ہوتا ہے جب رواج ہوتا کہ حکومت ہر خریدار کو زائد رقم ادا کرتی پھر اگر خریدار شرط نہ بھی لگاتا پھر بھی عرف کی وجہ سے اس کو شرط کہا جاتا۔ لیکن جب ہر خریدار کو انعام نہیں ملتا لاکھوں میں سے چند ایک کو ملتا ہے ان کو یہ نہیں پتا ہوتا ہے کہ کتنا انعام ملے گا پھر یہاں عرف کا کیا سوال ہے۔ اور انعامی بانڈز کو فروخت کرنے والی حکومت ہے بینک نہیں ہے۔ حکومت انعامی بانڈز کو بینک کے ذریعے فروخت کرتی ہے اور پھر حکومت اس پیسے کو مختلف کمپنیوں کو دے کر کاروبار میں لگاتی ہے یہ سود نہیں ہے۔ انعامی بانڈز خرید و فروخت ہے قرض نہیں۔ قرض میں ایک معین مدت کے لیے رقم لی جاتی ہے اور اگر اس پر سود دینا ہے تو اس مدت کے بعد سود دیا جائے۔ اور پرائز بانڈ آدمی بغیر تعیین کے خریدتا ہے اور جب چاہے بغیر کسی نقصان یاز یادتی کے بینک کو بانڈز واپس کر کے پیسے لے لیتا ہے۔ یہ قرض کہاں سے ہو گیا۔

یہ کہنا کہ جو شخص انعامی بانڈز خریدتا ہے اس میں سودی لین دین کی نیت ہوتی ہے۔ یہ مسلمانوں کے بارے میں سوء ظن کے سوا کچھ نہیں اور نیت ایک مخفی چیز اور غیب ہے تو مسلمانوں کی نیت کے بارے میں ایسا حکم لگانا جو علم غیب سے ہو وہ صحیح نہیں۔

ان کے نزدیک انعامات میں قمار بالکل نہیں ہے کیونکہ قمار میں شرط ہوتی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں ایک آدمی اپنی بیوی اور مال کی شرط لگاتا تھا اور جو شخص بھی اپنے ساتھی پر غالب ہوتا (شرط جیت لیتا) وہ اپنے ساتھی کے مال اور اہل کو لے لیتا۔ [۲]

---

(۱) صحیح مسلم، باب استحباب تحیۃ المسجد، حدیث:۷۱۵، ۱/۴۹۵

(۲) قرطبی، ابوعبداللہ، الجامع لاحکام القرآن، مطبوعہ انتشارات ناصر، خسرو ایران، ۱۳۸۷ھ، ۳/۵۲

لوئیس معلوف ''قمار'' کا معنی لکھتے ہیں:

''ہر وہ کھیل جس میں یہ شرط لگائی جائے کہ غالب مغلوب کی کوئی چیز لے لے گا خواہ چاندی ہو یا کوئی اور چیز۔''(۱)

کیونکہ انعامی بانڈز میں شرط بالکل نہیں ہوتی اور خریدنے اور بیچنے والا دونوں فریقوں میں سے کسی ایک کو بھی نفع یا نقصان لازم نہیں ہے۔ خریدار جتنے روپے کا بانڈز خریدتا ہے جب چاہے اس کو اتنے روپے میں فروخت کر دیتا ہے۔ حکومت جو بانڈز پر انعام دیتی ہے وہ محض تبرع ہیں جو محض بانڈز خریدنے کی ترغیب کے لیے جاری کیے جاتے ہیں۔

پرائز بانڈ کی شرعی حیثیت علمائے اہل تشیع کے نزدیک

انعامی بانڈ (ٹکٹ) اگر کوئی اس احتمال کی بناء پر خریدلے کہ انعام میرے نام پر نکلے گا تو بلاشک یہ حرام ہے اگر بانڈ خریدنے والا بانڈ کی قیمت قرض کی نیت سے دے اور اسے یہ حق ہو کہ قرعہ اندازی کے بعد دی ہوئی رقم واپس لے لیکن اس قرض کے دینے میں یہ شرط ہو کہ کمپنی سے ایک ٹکٹ خرید بھی لے جس کے وسیلے سے اگر قرعہ اندازی میں اس کا نام نکل آئے تو اسے انعام دیا جائے تو یہ معاملہ حرام ہے کیونکہ یہ سود والے قرضے میں شمار ہوتا ہے اور اگر اس کو جعالہ قرار دیا جائے یعنی عرف عام کی نظر خود ٹکٹ یا بانڈ ایک باقیمت اور مالیت سمجھا جائے اور ٹکٹ یا بانڈ جاری کرنے والا یہ کہے کہ جو شخص یہ خریدیں گے تو قرعہ اندازی کے بعد جس کا نام قرعہ میں نکلے گا اسے انعام دیا جائے گا تو اس میں کوئی حرج نہیں۔(۲)

علامہ آیت اللہ العظمی مکارم شیرازی کے مطابق پرائز بانڈ کی دیگر اقسام جو اکثر بین الاقوامی شیئرز بازار میں خرید و فروخت کی جاتی ہے جس کی بنیاد پر مثال کے طور پر حکومتیں اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کی غرض سے بانڈز کی نشر و اشاعت کرنے کی اقدامات کرتی ہیں اور ان میں منافع بھی دیا جاتا ہے اور بانڈ کی رسید میں درج اصلی سرمایہ کی رقم بھی سرمایہ لگانے والے کو واپس دی جاتی ہے۔ یہ صرف اس صورت میں جائز یا صحیح ہے کہ جب اسے مضاربہ کے عنوان کے تحت کیا جائے یعنی اسے (مضاربہ) عنوان سے سرمایہ لگانے کا کام انجام دیا جائے اور حاصل ہونے والا منافع ادا کرنے والے منافع سے زیادہ ہو۔(۳)

---

(۱) لوئیس معلوف، المنجد، المطبعہ الکاثولیکہ، بیروت، ۱۹۲۷ء، ص:۶۵۳

(۲) حافظ بشیر حسین نجفی، توضیح المسائل، ایلیا پرنٹرز، لاہور، ص:۶۳۰

(۳) htpp://makram.ir/reader.aspx

علماء اہل تشیع کے نزدیک نتیجہ یہ نکلا کہ انعامی بانڈز کی دو صورتیں ہوئیں ایک ناجائز اور دوسری جائز۔ قرض کے بانڈز کی شکل میں ہو تو ناجائز ہے۔ اور مضاربہ کی شکل میں ہو تو جائز ہے۔

پرائز بانڈ کے مجوزین کے دلائل کا جائزہ

دلیل نمبر ا:

پرائز بانڈ کو جائز قرار دینے والے علما کا کہنا ہے کہ انعامی بانڈز میں اضافہ مشروط نہیں لہذا یہ سود کے زمرے میں نہیں آتا، محل نظر ہے، اس لئے کہ عہد رسالت میں سود کی ایک سے زائد صورتیں رائج تھی کبھی تو سود دینے والا ایک رقم سود پر دیتا اور اس پر اضافہ پہلے سے طے کر دیتا تھا علامہ رازی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ جصاص رحمۃ اللہ علیہ نے دور جاہلیت کے سود کی یہی صورت نقل کی ہے وہ فرماتے ہیں:

"والربا الذي كانت العرب تعرفه وتفعله إنما كان قرض الدراهم والدنانير إلى أجل بزيادة على مقدار ما استقرض على ما يتراضون به" [۱]

ترجمہ: اور ربا جو کہ عرب کے ہاں معروف اور رائج تھا وہ یہ تھا کہ دراہم اور دنانیر مخصوص مدت کے لئے اس شرط پر قرض دیا کرتے تھے کہ وہ ان پر ایک متعین اضافہ وصول کریں گے۔

دوسری صورت یہ تھی ایک شخص دوسرے کو کوئی چیز ادھار پر فروخت کرتا پس جب واجب الاداء رقم کی مدت آجاتی اور خریدار قیمت کی ادائیگی نہ کر سکتا تو فروخت کنندہ چیز کی قیمت میں اضافہ کر کے مہلت بھی بڑھا دیتا سود کی یہ صورت علامہ طبریؒ نے نقل کی ہے وہ فرماتے ہیں:

"إن ربا الجاهلية يبيع الرجل البيع إلى أجل مسمى، فاذا حل الأجل ولم يكن عنه صاحبه قضاء زاد و أخر عنه" [۲]

ترجمہ: بے شک جاہلیت کا ربا یہ تھا کہ ایک شخص کوئی چیز دوسرے کو ادھار پر فروخت کرتا پس جب (واجب الاداء رقم کی) مدت آجاتی اور خریدار قیمت کی ادائیگی نہ کر سکتا تو فروخت کنندہ چیز کی قیمت میں اضافہ کر کے مہلت بھی بڑھا دیتا۔

ربا الجاہلیہ جسے ربا القرآن اور ربا النسیئۃ بھی کہا جاتا، عہد رسالت میں اس کی کئی صورتیں مروج تھیں جیسا کہ ائمہ تفسیر کے اقوال سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ مفتی تقی عثمانی سپریم کورٹ کے سود کے بابت تاریخ ساز فیصلے میں اس

---

(۱) جصاص، ابو بکر احمد بن علی، احکام القرآن، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۰۵ھ ص:۴۵۶

(۲) ابن جریر، طبری محمد، جامع البیان، مؤسسہ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۲۰ھ، ۸/۶

کا خلاصہ کچھ یوں کرتے ہیں کہ: در اصل ربا کی مختلف صورتیں تھیں اور وہ سب کی سب جاہلیت کے عربوں میں رائج تھیں۔ان تمام معاملات میں مشترک بات یہ تھی کہ ادھار کی رقم پر ایک اضافی رقم کا مطالبہ کیا جاتا تھا، پھر بعض اوقات یہ ادھار خرید و فروخت کے ذریعے سے پیدا ہوتا اور بعض اوقات قرضہ دینے کے ذریعے پیدا کیا جاتا تھا اسی طرح اضافی رقم بعض مرتبہ ماہانہ وصول کی جاتی، جبکہ اصل سرمایہ متعین مدت میں ادا کیا جاتا تھا اور بعض مرتبہ یہ اضافی رقم اکٹھی اصل سرمائے کے ساتھ وصول کی جاتی تھی۔ان تمام شکلوں کو ربو کہا جاتا تھا، کیونکہ اس کے اصطلاحی معنیٰ اضافے کے ہیں۔[1]

دلیل نمبر ۲:

یہ کہنا کہ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں ربالفضل کی علت جنس میں اتحاد اور قدرِ معروف میں زیادتی ہے اور یہاں جنس ایک نہیں اس لئے کہ بانڈز کی بیع کرنسی نوٹوں کے عوض ہوتی ہے، بھی محلِ تحقیق ہے اس لئے دور حاضر میں زر کی دو صورتیں رائج ہیں جنہیں بازار کے عرف اور حکومت کے قوانین کی مکمل تائید حاصل ہے:

(۱) زرِ حقیقی (۲) زرِاعتباری

زرِ حقیقی سے مراد کرنسی نوٹ ہیں جو دس، بیس، پچاس، سَو، پانچ سَو، ہزار، پانچ ہزار کی مالیت تک مرکزی بینک کی جانب سے جاری کئے جاتے ہیں اور زرِاعتباری سے مراد مختلف مالیتوں کی دستاویزات ہیں مثلاً: چیک، ہنڈی، پرامیسری نوٹ، ڈبینچرز، پرائز بانڈ وغیرہ۔دور حاضر میں زرِاعتباری کو زرِ حقیقی کی مقبولیت حاصل ہے۔عوام الناس اور تاجر حضرات کھلے پیمانے پر ان کا لین دین کرتے ہیں۔بڑی بڑی ادائیگیاں اور وصولیاں ان کے ذریعے چکائی جاتی ہیں۔زرِ حقیقی کی مثل ان کی قوتِ خرید کا تعین ان پر درج مالیت شدہ مالیت کرتی ہے لہٰذا ایک ہزار کے پرائز بانڈ کی مالیت ایک ہزار ہی ہوتی ہے، گیارہ سَو یا بارہ سَو نہیں ہوتی۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو بانڈز واپس کرنے کی صورت میں بھی ان پر درج شدہ مالیت کے بقدر ہی رقم واپس کی جاتی ہے۔یہ تمام باتیں اس بات کا تعین کرتی ہیں کہ بانڈز کی حیثیت آلہ مبادلہ کی ہے، فروخت کی جانے والی اشیاء کی نہیں لہٰذا احناف کے ہاں اس میں اتحادِ جنس کا پایا جانا بدیہی ہے جس میں کسی کمی بیشی کی اجازت نہیں۔

دلیل نمبر ۳:

یہ کہنا کہ اگر بغیر شرط لگائے مقروض، قرض خواہ کو کچھ دے دے تو جائز ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ معاملہ اتفاقی صورت حال پر محمول ہے مگر پرائز بانڈ میں یہ اتفاق نہیں ہوتا بلکہ ہر شخص کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر اس کا

---

(۱) اسلام اور جدید معاشی مسائل، ۶/ ۵۷

نمبر نکل آیا تو اس کو اضافہ ضرور ملے گا اور اس نمبر نکلنے کی امید میں ہر وہ شخص شامل ہے جس نے پرائز بانڈ خریدا ہے اور یہی بازار کا عرف ہے لہٰذا معلوم اور معروف اضافے کو جو کہ متوقع ہے اور نمبر نکلنے کی صورت میں یقینی ہے، اتفاقی صورت پر کبھی بھی محمول نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی حدیث سے اس کی دلیل اخذ کی جاسکتی ہے۔ دوسرے یہ کہ مجوزین کے ہاں یہ خرید و فروخت کا معاملہ ہے (جیسا کہ اس کی تفصیل اگلے پیراگراف میں آرہی ہے) تو خرید و فروخت کے جواز میں قرض اور پھر اس کی زیادتی سے دلیل نہیں دی جاسکتی لہٰذا یہ خلطِ مبحث ہے۔

دلیل نمبر ۴:

یہ کہنا کہ پرائز بانڈ خرید و فروخت کا معاملہ ہے، قرض کا نہیں اس لئے کہ حکومت پرائز بانڈ کو بینکوں کے ذریعے فروخت کرتی ہے اور پھر اس کی مختلف کمپنیوں میں سرمایہ کاری کرتی ہے یہ تکییف بھی محلِ تحقیق ہے اس لئے کہ خرید و فروخت میں فروخت کنندہ چیز کو فروخت کرنے کے بعد اپنی ذمہ داریوں سے بریٔ الذمہ ہو جاتا ہے۔ اس کے ذمے خریدار کے مال کی حفاظت، سرمایہ کاری یا اس جیسی کوئی بھی دوسری ذمہ داری نہیں ہوتی۔ مگر زیرِ نظر مسئلے میں تو حکومت فروخت شدہ مال کی باقاعدہ سرمایہ کاری کرتی ہے۔ یہ صورت مضاربت کے زیادہ قریب تھی بشرطیکہ نفع کا تناسب حکومت اور بانڈ ہولڈرز کے مابین طے ہو جاتا لیکن بانڈ ہولڈرز کو ایک روپے کا نقصان نہ ہونا بلکہ نمبر نکلنے کی صورت میں سو فیصد انعام کی یقین دہانی وہ مرحلہ ہے جو اسے مضاربت سے بھی نکال دیتا ہے اور قمار یا پھر اکل باطل کے قریب کر دیتا ہے۔ اس لئے کہ پانچ فیصد خوش نصیبوں کو ملنے والا لاکھوں یا کروڑوں کا انعام بقیہ پچانوے فیصد کی سرمایہ کاری کا مرہون منت ہوتا ہے لیکن شاید قسمت کی دیوی ان پر مہربان نہیں ہوتی۔

پرائز بانڈ کی اسکیم کے بارے میں اسلامی مشاورتی کونسل نے ۱۹۶۹ء میں یہ فیصلہ دیا کہ اس کا انعام سود ہے۔ وطنِ عزیز کے سب سے بڑے اجتہادی ادارے اسلامی نظریاتی کونسل نے ۱۹۸۴ میں اس فیصلے کو برقرار رکھا اور مراسلہ نمبر ۷(۴۴)۸۳ آر سی آئی آئی، یہ سفارش کی کہ جلد از جلد اس اسکیم کو ختم کیا جائے مگر افسوس کہ کونسل کی اس سفارش پر تاحال عمل نہ کیا جاسکا۔[۱] مجمع الفقہ الاسلامی نے تمسکات کی بابت استفتاء میں پرائز بانڈز میں سرمایہ کاری کو حرام قرار دیا اور اس کی وجہ سود اور قمار بتائی۔[۲]

(۱) دیکھئے اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ ۱۹۸۴، ص،۱۷۶۔۱۷۷

(۲) دیکھئے مجمع الفقہ الاسلامی کا فیصلہ منعقدہ اجلاس بتاریخ ۱۷ تا ۲۳ شعبان ۱۴۱۰ھ

درج بالا بحث سے اکثر مکاتب فکر اور علماءِ پاکستان کے نزدیک پرائز بانڈ کا انعام ناجائز ثابت ہوا اور جہاں تک مجوزین کے دلائل ہیں تو وہ محل نظر ہیں جیسا کہ گذشتہ بحث میں ذکر کیا گیا۔ اس لیے جو چیز شک میں ڈال رہی ہو اس سے تو بچنا بہتر ہوتا ہے۔

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کرتے ہیں:

((دَعْ مَا يَرِيبُكَ إِلَى مَا لاَ يَرِيبُكَ))[1]

ترجمہ: جو چیز تمہیں تردد میں ڈالے اسے چھوڑ کر بغیر تردد والی چیز اختیار کرلو۔

اسی میں قوموں کی فلاح ہے۔ روزی جائز اور حلال ذریعوں سے کمانی چاہیے۔ حرام و شک و شبے کی کمائی سے اجتناب ہر مسلمان پر لازم ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے: اور اپنے مالوں کو ناجائز طور پر مت کھاؤ۔ [2] لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے اسلام کے اصولِ یسر کو سامنے رکھتے ہوئے اس کے متبادل پیش کئے جائیں تاکہ وہ لوگ جن کے پاس فاضل رقم ہوتی ہیں انہیں کام میں لاکر فائدہ اٹھایا جائے۔ اسی مقصد کے پیشِ نظر ہم ذیل کی سطور میں تمسکات کے چند متبادل پیش کررہے ہیں:

پرائز بانڈز کی مضاربت کی بنیاد پر سرمایہ کاری:

سود پر مبنی تمسکات مثلاً پرائز بانڈز کا بہترین متبادل مضاربت کی بنیاد پر سرمایہ کاری ہے کہ ان سے حاصل ہونے والی رقوم کو نفع اور نقصان کی بنیاد پر شریعت سے ہم آہنگ جگہوں پر سرمایہ کاری میں لگایا جائے مثال کے طور پر تین ماہ اور چھ ماہ کی میعاد پر بانڈز جاری کئے جائیں۔ شرح منافع حکومت اور بانڈ ہولڈرز کے مابین پہلے سے طے ہو جس میں تجویز یہ ہے کہ حکومت اپنی شرح منافع کو کم رکھے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ نفع دیا سکے پھر اسے حلال کاروبار میں لگایا جائے۔ جو نفع ہو وہ بانڈز کے حاملین میں تقسیم کیا جائے اور اگر نقصان ہو تو اسے اولاً نفع سے پورا کیا جائے اور اگر بچ رہے تو پھر اس کی زد میں اصل سرمایہ یعنی بانڈز کی رقم بھی آئے گی۔

صکوک کا اجرا

صکوک سے مراد مساوی مالیت کے ایسے سرٹیفیکیٹس ہیں جو ٹھوس اثاثہ جات، انکے حق استعمال، خدمات یا کسی مخصوص منصوبے کے اثاثہ جات اور سرمایہ کاری پر مبنی سرگرمی میں غیر منقسمانہ ملکیت کی نمائندگی کرتے ہیں۔[3]

(۱) بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، باب تفسیر المشبہات، حدیث: ۲۰۵۲، ۳/۵۳

(۲) سورۃ البقرۃ: ۲/۱۸۸

(1) Accounting & Organization for Islamic Financial Institutions, Behrain, 2008, p.307

صکوک روایتی بانڈز اور شیئرز سے مختلف ہیں۔ شیئرز کی ملکیت کسی کمپنی میں غیر محدود مدت کیلئے ہوتی ہے جبکہ صکوک ایک طے شدہ مدت کیلئے ہوتے ہیں جن کی پشت پر اثاثہ جات کی بنیاد ہوتی ہے۔ یوں یہ ایک مخصوص عرصے کیلئے اثاثہ جات میں حق ملکیت رکھتے ہیں جن سے حاصل ہونے والا نفع بھی ان حاملینِ صکوک کا ہوتا ہے اور نقصان کے ذمہ دار بھی یہی ہوتے ہیں۔ اسی کی دہائی میں روایتی بینکوں نے غیر سودی بینکاری کے عنوان سے نے ڈبینچرز کا نعم البدل، حصہ داری کے میعادی سرٹیفکیٹس متعارف کروائے تھے۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے ان پر شدید تنقید کی اور انہیں سودی تمسکات کا چربہ قرار دیا۔ کونسل نے صدرِ پاکستان کو بینکوں کے اس غلط طریق کار سے بھی آگاہ کیا اور مکمل طور پر اپنے تجویز کردہ طریقے کو اپنانے کی تلقین کی۔[۱] دو دہائیاں قبل یہ خیال کیا جاتا تھا کہ طویل المدت منصوبہ جات کیلئے صرف شراکتی بنیادوں پر صکوک جاری کئے جاسکتے ہیں مگر عصرِ حاضر میں دَین پر منتج ہونے والے (اجارہ) موڈز میں بھی صکوک کی اجازت ممکن ہوئی ہے۔ اسلامی مالیاتی نظام میں دو طرح کے (متبدل اور مقررہ آمدن) طریق ہائے تمویل پائے جاتے ہیں اسی طرح صکوک بھی ہر دو طرح کے ہو سکتے ہیں اس لئے کہ صکوک کی بنیاد بھی انہی طریق ہائے تمویل پر ہے۔[۲] ہم ذیل میں ہر دو طرح کے صکوک کا تذکرہ مختصراً کر رہے ہیں۔

مضاربہ صکوک

۱۔ کسی بھی منصوبے میں فائنانسنگ اور عوام کی شراکت بڑھانے کیلئے مضاربہ کی بنیاد پر مضاربہ صکوک جاری کئے جاتے ہیں۔ جاری کرنے والا ادارہ مضارب جبکہ خریدار صکوک کی حد تک اور ان کے تناسب کی بقدر مطلوبہ منصوبے میں اثاثہ جات کا مالک ہوتا ہے۔ منصوبے سے حاصل ہونے والا نفع انہی حاملینِ صکوک کو ملتا ہے اور نقصان کی صورت میں یہ خسارہ بھی برداشت کرتے ہیں اگر منافع اور مد محفوظ (Reserves) خسارے کو برداشت نہ کر سکیں۔

۲۔ مضاربہ صکوک کا معاہدہ پراسپکٹس کے ذریعے عمل میں آتا ہے۔ جس میں نفع کا تناسب سرمائے کی نوعیت سمیت دیگر امور کی وضاحت ضروری ہے۔

۳۔ حاملینِ صکوک کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ ثانوی بازار میں اپنے صکوک فروخت کر سکتے ہیں۔ صکوک کی قیمت کا تعین اس وقت کے کاروباری حالات پر ہوگا (اگر کاروبار میں منافع کا رجحان ہوا تو صکوک کی قیمت بڑھ جائے گی، نقصان کی صورت میں کم ہوگی) مفتی تقی عثمانی حفظہ اللہ اس موقع پر ایک فقہی مسئلے کو بیان کرتے ہیں کہ

---

(۱) دیکھئے اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ ۱۹۸۱۔ ۱۹۸۲، ص: ۲۲۰۔ ۲۲۴

(۲) محمد ایوب، اسلامی مالیات، رفاہ سنٹر آف اسلامک بزنس، رفاہ یونیورسٹی اسلام آباد، سیکشن ۱۵،۱ء، ص: ۵۱۴

اگر مضاربہ صکوک اپنی قیمت اسمیہ(Face value) سے زیادہ پر فروخت ہو تو یہ زیادہ قیمت منافع ہے جس میں صکوک ہولڈر اور کمپنی (مضارب) دونوں شریک ہیں لہذا جو نسبت بھی منافع کی ان دونوں کے مابین طے ہے اسی نسبت سے یہ منافع تقسیم ہونا چاہئے اس کے بعد اصل رقم پر حامل صکوک کا حق ہے۔

۴۔ اگر مضاربہ سرمایہ نقد شکل میں ہو اور اس سے اثاثے تشکیل نہ پائے ہوں مثال کے طور پر کسی نئے پروجیکٹ کیلئے سرمایہ اکٹھا کیا گیا ہو اور اس سے عمارات، مشینری، فرنیچر وغیرہ وجود میں نہ آئے ہوں تو مضاربہ صکوک صرف فیس ویلیو پر تو بیچا جا سکتا ہے، کم یا زیادہ پر نہیں اس لئے کہ مضاربہ کا سرمایہ ابھی خالص نقدی کی شکل میں ہے اور نقدی کی بیع نقدی کے بدلے میں برابری کی بنیاد پر تو جائز ہے، اس کے علاوہ جائز نہیں [۱]

۵۔ مضاربہ صکوک کا انتظام کرنے والی کمپنی یا اسپیشل پرپز وھیکل(SPV) جو ساتھ اپنا سرمایہ بھی لگانا چاہے، تو اسے اس کی بھی اجازت ہے، اس مرحلے میں کمپنی کو مضاربت کا حصہ الگ اور رب المال(Financer) کا حصہ الگ ملے گا۔

٦۔ مضارب کے لئے جائز نہیں کہ وہ پراسپیکٹس میں صکوک ہولڈرز کو منافع کی رقم کی کوئی گارنٹی دے بلکہ منافع پہلے سے طے شدہ تناسب سے ہی ملے گا۔ مضارب کیلئے یہ بھی جائز نہیں کہ وہ یہ گارنٹی دے کہ صکوک ہولڈرز کو کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ ایک عرصہ قبل اردن میں مضاربہ سرٹیفکیٹس جاری کئے گئے جن سرٹیفکیٹ کی اصل رقم(Face value) کی ضمانت وہاں کے مرکزی بینک نے دی۔ مفتی محمد تقی عثمانی نے اس پر تنقید کی اور لکھا کہ یہ ضمانت کسی بھی طرح جائز نہیں۔ [۲]

مشارکہ صکوک

اسلامی طریق ہائے تمویل میں شراکت یا مشارکہ سے مراد فریقین کے مابین ایسا معاہدہ ہے جو ایجاب (Offer)اور قبول (Acceptance) کے ذریعے تکمیل پاتا ہے۔ جس میں فریقین اپنے اپنے حصے کا مال مشترکہ طور پر تجارت میں لگاتے ہیں تاکہ انہیں منافع ہو [۳] شراکت کی دو بنیادی اقسام شرکت مفاوضہ اور شرکت العنان ہیں ۔ موخر الذکر شراکت کی قسم دور حاضر میں حصہ داری پر مبنی سرمایہ کاری کے لئے بہترین بنیادیں فراہم کرتی ہے اس

---

(۱) مفتی محمد تقی عثمانی، بحوث القضایا الفقہیۃ المعاصرہ، وزارت الاوقاف، قطر، ص:۲۱۷۔۲۲۰

(۲) ایضا، ص:۲۱۷۔۲۲۰

(۳) الزبیدی، ابو بکر بن علی بن محمد، الجوھرۃ النیرۃ علی مختصر القدوری، المطبعۃ الخیریہ، ۱۳۲۲ھ، ۱/۲۸۵، الشیخ احمد الدردیر، ابو العباس احمد بن محمد الصاوی، الشرح الصغیر وحاشیۃ الصاوی، دار المعارف، ۳/۴۵۵

لئے کہ اس کی شرائط نہایت لچکدار ہیں۔ طویل المیعاد اور بھاری مالیت کے منصوبوں میں مشارکہ نہایت مفید ہے جسے تمسکات (Securitization) کے اجرا کے ساتھ بآسانی عمل میں لایا جاسکتا ہے۔ حکومتیں اور تعمیراتی کمپنیاں: موٹر ویز، ائیر پورٹس کے قیام، خدمات فراہم کرنے والے افراد اور ادارے مثلاً ہسپتال، کالج، یونیورسٹیز، بینک اور مالیاتی ادارے: کارخانوں اور فیکٹریوں کے قیام کیلئے مشارکہ کی بنیاد پر صکوک جاری کئے جاسکتے ہیں۔ جس میں ہر سرمایہ کار کو ایک سرٹیفکیٹ دیا جائے گا جو مطلوبہ منصوبے میں مالیت کی حد تک اثاثہ جات کی نمائندگی کرے گا۔ یہ مشارکہ سرٹیفکیٹس قابل واپسی ہوں گے جنہیں بازاری قیمت پر دوبارہ حاملینِ صکوک سے خرید لیا جائے گا۔ اس لئے کہ اگر شرکاء کے مابین یہ شرط ہو کہ ایک خاص عرصے کے بعد شرکاء کی بڑی تعداد (صکوک ہولڈرز) اپنے حصص کو اپنے دیگر شرکاء (کمپنی) کے ہاتھوں فروخت کر دیں گے تو اس کی کوئی ممانعت نہیں۔ معروف ماہر معاشیات و شریعہ اسکالر محمد ایوب کے مطابق مشارکہ سرٹیفکیٹ اپنے ڈیزائن کے لحاظ سے مضاربہ صکوک سے بھی بہتر ہیں وہ اس طرح کہ مضاربہ صکوک میں صکوک جاری کرنے والی کمپنی یا فنڈ مینیجر کی حیثیت مضارب کی ہوتی ہے جو کہ صرف منافع کا حق دار ہوتا ہے، کاروباری خسارے کی ذمہ داری اس پر نہیں ہوتی (البتہ منافع نہ ہونے کی صورت میں اس کی محنت ضائع جاسکتی ہے) جبکہ مشارکہ صکوک میں صکوک جاری کرنے والے ادارے اور صکوک ہولڈرز میں حصے اور ساجھے داری کا تعلق پایا جاتا ہے جس کی بناء پر وہ نفع کے ساتھ نقصان کے بھی ذمہ دار ہوتے ہیں۔[1] لہٰذا نقصان میں شراکت کا ڈر کمپنی کے لئے سنجیدگی کے خطوط متعین کرتا ہے تو دوسری طرف اگر نقصان ہو تو متعدد شرکاء جب اس کو برداشت کرتے ہیں تو بڑے پیمانے پر پھیلاؤ کی وجہ سے اس کے اثرات کم ہو جاتے ہیں جن کا مقابلہ ہر سرمایہ کار بآسانی کر سکتا ہے۔

فرضی کیس اسٹڈی:

حکومت پنجاب اور وفاقی حکومت راولپنڈی اسلام آباد کے مابین میٹرو بس چلانے کا ارادہ رکھتی ہے جس کے لئے انہیں تعمیراتی کمپنیوں سے ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ این۔ ایل۔ سی منصوبے میں اظہار دلچسپی رکھتی ہے لہٰذا اس نے اپنے ماہرین کو تعینات کیا ہے کہ وہ اس منصوبے کی فزیبیلیٹی رپورٹ تیار کریں۔ ماہرین اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ راولپنڈی پاکستان کا چوتھا بڑا شہر ہے جس میں ۲۱۰۰۰۰ گاڑیاں ۵۲۵۰۰۰ مسافروں کو شہر کے مختلف مقامات پر پہنچاتی ہیں جبکہ ۱۵۳۰۰۰ مسافر ایسے ہیں جن کیلئے مزید ٹرانسپورٹ درکار ہے۔

---

(۱) اسلامی مالیات، ص:۵۲۹

ماہرین کا محتاط تخمینہ ہے کہ اگر میٹرو کا قیام عمل میں لایا جائے تو ایک لاکھ کے لگ بھگ مسافر روز اس پر سفر کریں گے۔ این۔ایل۔سی اس رپورٹ کو بنیاد بناتے ہوئے میٹرو بس پراجیکٹ کی تعمیر کی پیشکش کرتی ہے۔ حکومت اس کے لئے ۲۱ء۴۴ ارب روپے کا تخمینہ پیش کرتی ہے لیکن ماہرین کا اندازہ ہے کہ کل خرچ ۵۰ ارب سے بھی تجاوز کر جائے گا[۱]، حکومت پاکستان فنڈز کی کمی کا شکار ہے اس لئے منصوبے کی مالیت کا صرف بیس فیصد (دس ارب روپے) فراہم کرتی ہے اور بقیہ اسی فیصد (چالیس ارب) کے بندوبست کے لئے ایک لاکھ کی مالیت کے چار لاکھ مشارکہ صکوک ۲۰ سال کی بنیادوں پر جاری کرتی ہے۔ حکومت کا کہنا ہے کہ بیس سال کے بعد وہ انہیں مارکیٹ ویلیو پر صکوک ہولڈرز سے دوبارہ خرید لے گی اور اس دوران جو بھی منافع اس منصوبے سے حاصل ہو گا وہ حاملینِ صکوک میں ان کے تناسب سے تقسیم کر دیا جائے گا۔ صکوک کا اجرا، نفع نقصان کی تقسیم اور صکوک کی خرید و فروخت ایس۔پی۔وی کے حوالے کی جاتی ہے جو کہ پراسپیکٹس جاری کرتی ہے جس میں صکوک کی تعداد، مالیت، خرید و فروخت سمیت تمام معلومات درج ہوتی ہیں۔

ایس۔پی۔وی چار لاکھ صکوک فروخت کر کے اس کی رقم میٹرو بس اتھارٹی کو دیتی ہے جس سے منصوبے کا آغاز کر دیا جاتا ہے۔ حکومت پاکستان اس منصوبے کو پندرہ (۱۵) ماہ کی قلیل مدت میں مکمل کر لیتی ہے جس کے بعد سروس کا آغاز کر دیا جاتا ہے۔ حکومت پاکستان مسافروں کی سہولت کی خاطر پورے روٹ کا کرایہ ۲۰ روپے فی مسافر کے حساب سے طے کرتی ہے۔ چار جون، جو کہ افتتاحی تاریخ ہے، سے لیکر بارہ جون تک آٹھ لاکھ مسافر میٹرو میں سفر کرتے ہیں۔[۲]

گویا ایک لاکھ مسافر روزانہ کی بنیادوں پر میٹرو سے مستفید ہوتے ہیں (لاہور میٹرو میں یہ تعداد سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ایک لاکھ چالیس ہزار ہے[۳]) ماہانہ بنیادوں پر حساب کتاب کیا جاتا ہے۔ تمام اخراجات نکال دینے کے بعد جو رقم بچتی ہے اسے صکوک کی تعداد پر تقسیم کر کے منافع کی تقسیم عمل میں آتی ہے۔ اس سلسلے میں واضح رہے کہ حکومت پاکستان کا طے کردہ کرایہ فی مسافر ۲۰ روپے ہے جبکہ میٹرو بس جیسی سہولیات کے عوض اس کرایہ کی کم از کم مقدار قریب، درمیان اور دور کے سٹاپ یا اسٹیشنز کے لئے بالترتیب تیس، پچاس اور ساٹھ روپے ہو سکتی ہے لیکن یہ زائد رقم حکومت بذات خود سبسڈی کے ذریعے کور کرتی ہے جو اس کی جانب سے عطیہ ہے تو عطیے کی اس رقم

---

(۱) Dawn,27 September,2014

(۲) The Patriot(daily news paper)12 june,2015

(۳) Iftikhar Ahmed,Is Metro Bus A Success Story,The Nation,23,January,2014

میں سے صکوک ہولڈرز کی شرح منافع اسی مہنگے کرائے کے حساب سے دی جانی چاہیئے دوسرے لفظوں میں یہ کہ اگر حاملینِ صکوک کو ۲۰ روپے فی مسافر کے حساب سے نفع دیا گیا تو وہ بہت کم ہو گا اس لئے کہ حقیقی کرایہ ۶۰ روپے تک ہے لہٰذا انہیں اپنی سرمایہ کاری کے عوض ۶۰ روپے کے حساب سے ہی کرایہ ملنا چاہیئے تاکہ اخراجات نکالنے کے بعد ایک مناسب رقم سرمایہ کاروں کو دی جاسکے۔ اس لئے کہ یہ ان کا حق ہے نہ کہ حکومت کی جانب سے عطیہ۔ البتہ حکومت مسافروں کا کرایہ بیس روپے طے کرے تو یہ اصل اور حقیقی خرچ (۶۰ روپے) سے کم (۲۰ روپے) وصول کرنا یہ حکومت کی جانب سے مسافروں کے لئے عطیہ ہے۔

عملی مثال:

سوڈان میں بینک آف خرطوم، وزارت خزانہ اور مرکزی بینک سمیت سرکاری شعبوں کے دیگر بینکوں نے بھی مشارکہ کی بنیاد پر صکوک جاری کئے۔ سنٹرل بینک مشارکہ سرٹیفکیٹ (CMCs) یا گورنمنٹ مشارکہ سرٹیفکیٹ (GMCs) ۱۹۹۸ میں سرمایہ کاروں کو جاری کئے گئے جنہیں مرکزی بینک نے اوپن مارکیٹ آپریشن [۱] اور زری انتظام کیلئے ٹریژی بلز [۲] اور دیگر سودی تمسکات کے متبادل کے طور پر استعمال کیا [۳]۔

مشارکہ کی بنیادوں پر تمسکات کے ذریعے وجود میں لائے گئے اثاثہ جات لیز پر دیئے جاسکتے ہیں جن سے خاطر خواہ نفع کی توقع ہے۔ یوں وہ ڈبینچرز، جو سالانہ بنیادوں پر سود کا ذریعہ تھا یا پرائز بانڈ جس میں پانچ فیصد کو بھاری نفع کی توقع جبکہ ۹۵٪ کو محرومی کا ڈر تھا، لاٹری جس میں اصل رقم کے ڈوب جانے کی بھی دہشت تھی، کا بہترین متبادل اسلامی بنیادوں پر مل سکتا ہے جس میں ماہانہ، سہ ماہی، ششماہی اور سالانہ بنیادوں پر نفع کی بھی توقع ہے اور اکثریت کے محروم ہونے کا عدمِ خوف بھی بلکہ سرمایہ کاری کے اس بندوبست میں **تعاون علی البر** کی جھلک بھی دکھائی دیتی ہے کہ کوئی بھی سرمایہ کار اپنے سرمایہ سے محروم نہیں رہتا۔ اسلام نے اسی اخوت کا مودت اور محبت کی حد تک درس دیا

---

(۱) زَر کو کنٹرول کرنے کے لئے حکومتی اقدام جس میں تمسکات (Securities) کو خرید ایا فروخت کیا جاتا ہے۔ اگر حکومت زَر کا پھیلاو چاہتی ہو تو تمسکات خرید لیتی ہے جس سے تمسکات حکومت جب کہ پیسہ عوام کی طرف منتقل ہو جاتا ہے جبکہ زَر کے پھیلاو کو کم کرنے کے لئے تمسکات فروخت کر دیتی ہے جس سے تمسکات عوام جبکہ پیسہ حکومت کی جانب منتقل ہو جاتا ہے۔

(۲) امریکی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ مختصر المیعاد قرضے کی دستاویز جس میں سرمایہ کار رعایتی نرخ پر یہ دستاویز خریدتا ہے اور میعادِ پختگی پر اسے زیادہ رقم ادا کی جاتی ہے۔ خرید اور فروخت کی درمیانی مدت کے عوض اضافہ سود ہوتا ہے۔

(۳) ایضا

ہے جس میں دنیوی فلاح بھی ہے اور اخروی نجات بھی۔ پھر اس بندوبست کو کیوں نہ اختیار کیا جائے جس میں اتنی خوبیاں ہوں اور اس نظام کو کیوں نہ ترک جائے جو مفاسد سے بھرپور ہو۔

❁ ❁ ❁

نبی کریم ﷺ کا منہج اصلاح

(مکی دور کے تناظر میں)

Methodic reforms of Prophet (S.A.W)

(in the view of Makk□ period)

سید محمد شاہد ترمذی*

ABSTRACT

Before the prophecy of Prophet (S.A.W) the overall state of Arabs was so spoilt that even it was impossible for pedagogue and rectifier to show them the right path because it was not merely the matter of rectification of faith or preaching of right path neither to make them get rid of false beliefs nor to ameliorate the society. For the fulfilment of such type of rectification the preachers and guides are always there in the society and the reparation continues or carries on.

The real muddle was to eliminate the arrogance and detrimental idolism which was so incessant generation to generation in the long run that the preaching and teaching of Prophet and the endeavor of guides were ineffective for them. It was the need of time to establish such type of shelter in which people of world could refuge in it. The remedy of this issue to bring into existence such type of human who was entirely different from the primitive human being. So Holy prophet (S.A.W) came as reformist.

There are many golden aspects of prophet’s (S.A.W) reformation in a society, *Makk□* life is also one of them. It is not only changed and revolutionized the whole of the human history but also changed political, social and moral scenario of world. Methodology which our Holy prophet adopted it was the first Methodology that respected and valued human wisdom along with being on right path. In this article the same view point has been discussed. The following are the main points:

1. Preacher’s conformity in words and deeds.
2. Clear mandate to set the target.
3. Perseverance to achieve the set goal.
4. The best policy for the betterment of society.
5. The key points for the leadership.

Keywords: *Prophet, Makkah, society, reforms, preacher.*

---

* لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد

بعثت نبوی سے پہلے عربوں کی مجموعی حالت اس حد تک بگڑ چکی تھی اور انسانیت اس حد تک پہنچ چکی تھی کہ ان کی اصلاح عام قسم کے مصلحین اور معلمین کے بس کی بات نہ تھی کیونکہ معاملہ نہ تو کسی ایک عقیدے کی اصلاح کا تھا نہ کسی عبادت کی ترغیب کا، نہ ان کی کوئی بری عادت چھڑوانے کا تھا اور نہ کسی ایک معاشرے کی اصلاح کا تھا، ایسے کاموں کی تکمیل کے لیے تو ہر جگہ اور ہر زمانے میں مصلحین اور معلمین موجود رہتے ہیں اور یہ کام تسلسل سے ہوتا رہتا ہے۔

اصل مسئلہ اس جاہلیت اور تباہ کن بت پرستی کے خاتمے کا تھا جو نسل در نسل بڑھتی ہوئی ایک طویل عرصے کے بعد اس قدر مضبوط اور عام ہو چکی تھی کہ انبیا اور رسولوں کی تعلیمات دب کر رہ گئی تھیں اور مصلحین و معلمین کی جدوجہد بے اثر بن چکی تھی۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ ایک ایسی مضبوط، عالی شان، وسیع و عریض عمارت قائم کی جائے جس میں اقوام عالم پناہ لے سکیں اور وہ ساری دنیا کو اپنی وسعتوں میں سمیٹ لے۔ اس دور کا اہم قضیہ یہ تھا کہ ایک نئے انسان کو وجود میں لایا جائے جو ہر لحاظ سے قدیم انسان سے مختلف ہو۔

منہج کا مفہوم

ابن فارس رحمہ اللہ نے منہج کا لغوی معنی بیان کرتے ہوئے کہا: کہ نون ھاء اور جیم دو مختلف اَصل ہیں: پہلا: "النَّهْجُ"راستہ،اور "وَنَهَجَ لِي الْأَمْرَ: أَوْضَحَهُ"، نہج لامر یعنی میرے لیے معاملہ واضح ہو گیا، "وَالْجَمْعُ الْمَنَاهِجُ "اس کی جمع منہاج ہے۔[۱]

امام رازی رحمہ اللہ منہج کی تعریف کرتے ہوئے رقمطراز ہیں: "الْمَنْهَجُ" کا معنی واضح راستہ اور "الْمِنْهَاجُ الطَّرِيقُ الْوَاضِحُ"کا معنی واضح کرنا اور اسی طرح حدیث مبارکہ میں ہے "أَنَّهُ رَأَى رَجُلًا يَنْهَجُ"(اس نے دیکھا ایک آدمی کو جو چلتا تھا)۔[۲]

منہج کے بارے میں امام القرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''الشرعة بالشريعة، والمنهاج فإنّ أصله : الطريقُ البيِّن الواضح، يقال منه: قال الراجز: مَنْ يكُ فِي شَكٍّ فَهذَا فَلْجُ
مَـاءٌ رَوَاءٌ وَطَـرِيقٌ نَهْـجُ
معنى الكلام : "لكل قوم منكم جعلنا طريقًا إلى الحق يؤمُّه، وسبيلا واضحًا يعمل به"[۱]

(۱) احمد بن فارس، معجم مقاييس اللغة، كتاب النون، محقق: عبد السلام محمد هارون، دار الفكر، ۱۹۷۹ء، ۵/ ۳۶۱

(۲) الرازی، محمد بن ابی بکر، مختار الصحاح، محقق: یوسف الشیخ محمد، المکتبۃ العصریۃ، بیروت، لبنان، ۱۹۹۹ء، ص:۶۸۱

شریعت کے تحت چلنا اور منہاج اس کی اصل واضح بیان ہے، واضح راستہ

ترجمہ: حق کی طرف قصد کرنے کے لیے تم میں سے ہر قوم کے لیے ایک راستہ مقرر کیا ہے اور واضح راستہ جس کے ساتھ وہ عمل کرتا ہے۔

وورد في القرآن الكريم:﴿ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا﴾ (۲)

ترجمہ: جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ہے: ہم نے ہر ایک کے لیے راستہ اور طریقہ بنایا ہے۔

عبد الرزاق عفیفی منہج کا اصطلاحی مفہوم بیان کرتے ہیں:

"هو مجموعة الركائز والأسس المهمة التي توضح مسلك الفرد أو المجتمع أو الأمة لتحقيق الآثار التي يصبو إليها كل منهم" (۳)

ترجمہ: اہم بنیادیں اور خزانوں کے مجموعے کا نام ہے جو فرد اور معاشرے یا امۃ کے مسلک کو واضح کرتی ہیں، آثار کی تحقیق کے لیے جس کی طرف ان میں ہر ایک کا پہنچنا ہے۔

اصلاح کا لغوی معنی

ابن منظور رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: **"الإِصلاح: نَقِيضُ الإِفساد"** لفظ اصلاح فساد کا متضاد ہے، **"وَرَجُلٌ صَالِحٌ فِي نَفْسِهِ مِنْ قَوْمٍ صُلَحاء ومُصْلِح فِي أَعماله وأُموره"** صلاح کا لفظ اس صالح شخص کے لیے بولا جاتا ہے، جو اپنی قوم کے شرفاء میں سے ہو اور اپنے امور کو صحیح طریقے سے ادا کرتا ہو، **" وَهَذَا الشَّيْءُ يَصْلُح لَكَ"** یہ جملہ اس وقت بولا جاتا ہے، جب کوئی شخص اصلاح کی غرض سے تمھارے پاس آتا ہے (۴)۔

ابراہیم مصطفی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: لفظ "صلح" بات تفاعل یعنی تصالح سے ہے یعنی قوم کی آپس میں باہم صلح کروادینا۔ اسی طرح "صلح" امن کا مترادف ہے۔ اسی طرح "صلح" صلح یصلح صلاحاً وصلوحا سے ماخوذ ہے اس اعتبار سے اس کا معنی فساد کو ختم کرنا ہے یعنی اس سے وہ چیز جو فائدہ مند اور مناسب ہے (اپنی اصل پر آجائے گی) اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ اسی کو اس کی اصل پر لایا جاچکا ہے۔ (۵)

---

(۱) القرطبی، محمد بن احمد، تفسیر القرطبی، محقق: احمد محمد شاکر، مؤسسۃ الرسالۃ، ۲۰۰۰ء، ۳/۵۷

(۲) سورۃ المائدہ: ۰۵/۴۸

(۳) عفیفی، عبد الرزاق، معالم منهجہ الأصولی-مجلۃ البحوث الاسلامیۃ: ۵۸-ص: ۳۰۰

(۴) ابن منظور، محمد بن مکرم، لسان العرب، دار صادر، بیروت، ۱۴۱۴ھ، فصل الصاد ۲/۵۱۷

(۵) ابراہیم مصطفی، المعجم الوسیط، دار الدعوۃ، استطنبول، ۱۹۸۹ء، باب الصاد، ۱/۵۲۰

امام الرازی رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں: اسی سے "استصلح الشیء" اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی چیز کو درست کر دیا جائے یا وہ درستگی کی طلب گار ہو، اور وہ اپنے فرائض کی درستگی پر گامزن ہو۔ اور صلاح استقامت اور عیب سے مبراء ہونا ہے اور صلح جھگڑے کو مٹانا ہے۔ (۱)

اصلاح کی اصطلاحی تعریف

خلیفہ عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: " بندوں کی اصلاح امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہے اور معاش کی اصلاح اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں مضمر ہے، اور یہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے بغیر مکمل نہیں ہوتی، اسی وجہ سے اس امت کو بہترین امت قرار دیا ہے۔"(۲)

امام الرازی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:

"الصلاح عبارة عن الإتيان بما ينبغي والإحتراز عمّا ينبغي"(۳)

ترجمہ: صلاح عبارت ہے ہر اس کام کے کرنے کا جس کو کرنا چاہیے اور ہر اس کام سے بچنے کا جس سے بچنا لازم ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے لاتعداد پہلو ہیں ان میں سے ایک مکی زندگی میں اصلاح معاشرہ ہے جس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نوع انسان کی پوری تاریخ کو نہ صرف بدل دیا بلکے دنیا کا سیاسی، سماجی اور اخلاقی منظر تبدیل کر دیا۔ اس کے لیے جو منہج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں اختیار کیا وہ پہلا منہج تھا جس نے انسانی عقل کا احترام کیا اور اس کے ساتھ سچائی اور حق پر مبنی بات کی۔ اس مقالہ میں اسی منہج اصلاح کو بیان کیا گیا جو کہ فرد اور جماعت کے تعلق کے لیے بہترین اور جس کے نتائج ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ یہ منہج چھ نکات پر مشتمل ہے۔

۱۔ قول میں ثقاہت
۲۔ تعین ہدف میں واضح منشور
۳۔ حصول ہدف کے لیے صبر و تحمل
۴۔ بہترین منہج کا انتخاب
۵۔ قیادت کی تیاری
۶۔ معاشرتی اقدار کا لحاظ

(۱) مختار الصحاح، ص:۳۶۷

(۲) التونسی، خلیفہ عبد اللہ، جولۃ فی ذات المسلم، مکتبۃ البیان_الکویت، ط۱، ۱۹۸۹ء، ص:۳۲۳

(۳) الالوسی، شہاب الدین محمود، روح المعانی فی تفسیر القرآن العظیم والسبع المثانی، ادارہ الطباعۃ المصطفائیۃ بالھند، ط۱، ۱۴۱ھ، ۲۰۳/۴

۱- قول میں ثقاہت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاہتے تھے کہ اس سے پہلے کہ ان کو اس بات کی دعوت دی جائے کہ میں تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں اور مجھ پر وحی کی جاتی ہے یا ان کو ان کے مستقبل کے بارے میں خبر دار کیا جائے ان سے اس بات کی تصدیق کروائی کہ کہنے والے کی ان لوگوں کی نگاہ میں کیا حیثیت ہے اسی لیے آپ نے پہلے ان سے اپنے بارے میں تصدیق کروائی جس کا انہوں نے برملا اظہار کیا کہ ہم نے آپ کو ہمیشہ سچ بولتے پایا ہے۔ اس لیے کہ داعی کا ثقہ ہونا اس کی دعوت کے لیے پہلی اور بنیادی شرط ہے اور یہ دو اعتبار سے ہے۔

۱۔ داعی کا اپنی ذات میں ثقہ ہونا

۲۔ داعی کا معاشرے میں ثقہ ہونا

جب کہ جو بات داعی کے اپنے نفس سے متعلق ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے متعلق بہترین تعبیر پیش کی۔

"اللہ کی قسم اگر یہ میرے دائیں ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند رکھ دیں تب بھی میں (اللہ کی طرف بلانا) نہیں چھوڑوں گا۔ یہاں تک کہ اللہ اس امر کو واضح کر دے یا اس میں ہلاک کر دے جو میں نے چھوڑا"[۱]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس ماحول میں یہ کلمات ادا کیے اس زمان ومکاں کے تمام لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ہلہ بول دیا تھا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات معاشرے میں منہج کے اعتبار سے ان تمام لوگوں سے زیادہ وزنی حیثیت رکھتی تھی۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلَكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لا يَعْلَمُونَ﴾[۲]

ترجمہ: اور عزت صرف اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کے لیے ہے لیکن منافق نہیں جانتے۔

جاہلی معاشرے کا یہ وطیرہ رہا ہے کہ وہ اچھی صفات اور رسم رواج سے عاری ہوتا ہے، بہادری اور شعری تفاخر کا فکر وثقافت پر رنگ چھایا رہا جس بنا پر اس معاشرے نے سرکشی اپنائے رکھی۔ اسی لیے امانت ودیانت کا ان کے معاملات دنیا میں کوئی عمل دخل نظر نہیں آتا تھا، ایسے معاشرے میں جہاں اخلاقیات کا جنازہ نکل ہوا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اخلاق کا وہ نمونہ پیش کیا کہ جس کی بنیاد پر اسی معاشرے نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو صادق وامین کے لقب جانا۔

---

(۱) ابن ہشام، عبد الملک بن ہشام، السیرۃ النبویہ، مکتبۃ مصطفی البابی، مصر، ط ۱، ۱۳۷۵ھ، ۱/۲٦٦

(۲) سورۃ المنافقون: ٦۳/۸

ابن ہشام رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

”رسول اللہ ﷺ کو قریش مکہ وحی کے نازل ہونے سے پہلے امین کہا کرتے تھے“۔[۱]

ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں:

”رسول اللہ ﷺ یقیناً اس لقب کے ہی حق دار تھے کیونکہ وہ امین تھے اللہ کی وحی اور دین کے، وہ امین تھے آسمان وزمین کے اسی لیے ان کو نبوت سے پہلے امین کہا گیا“۔[۲]

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

”ابوجہل نے رسول اللہ ﷺ سے فرمایا: ہم آپ ﷺ کو سچائی اور امانت میں نہیں جھٹلاتے لیکن آپ کو اس قرآن مجید پر جھٹلاتے ہیں جو وہ لائے ہیں“۔[۳]

((عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَاقَالَ:صَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الصَّفَا، فَجَعَلَ يُنَادِي: «يَا بَنِي فِهْرٍ، يَا بَنِي عَدِيٍّ» - لِبُطُونِ قُرَيْشٍ - حَتَّى اجْتَمَعُوا فَجَعَلَ الرَّجُلُ إِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَخْرُجَ أَرْسَلَ رَسُولًا لِيَنْظُرَ مَا هُوَ، فَجَاءَ أَبُو لَهَبٍ وَقُرَيْشٌ))[۴]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے جب اپنے قبیلہ قریش والوں کو دعوت دی اور ان کو ان کے ناموں سے پکارا یابنی فہر! یابنی عدی جب سب لوگ جمع ہوگئے تو آپ نے فرمایا: کیا تم اس بات پر یقین کروگے اگر میں تم سے کہوں کہ ایک لشکر اس وادی میں ہے جو تم پر حملہ کرنے کے لیے تیار ہے کیا تم اس بات کو مانو گے توسب نے یک زبان ہو کر کہا کہ ہم نے کبھی آپ سے جھوٹ نہیں سنا آپ ہمیشہ سچ بولتے ہیں۔

عتبہ بن ربیعۃ نے کہا:

”پھر قریش کو مخاطب کرکے کہنے لگا خوب اچھی طرح جان لو اللہ کی قسم وہ جھوٹ نہیں بولتا میں نے تم پر عذاب میں تخفیف کردی ہے تم میری بات مانو اور اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو“۔[۵]

---

(۱) السیرۃ النبویہ، ابن ہشام، ۱/ ۱۹۸

(۲) ابن قیم، محمد بن أبی بکر، زاد المعاد فی ھدی خیر العباد، شعیب الأرناؤوط وعبد القادر، دار الرسالۃ، ۱۳۹۹ھ ، ۱/ ۲۳

(۳) الیحصبی، عیاض بن موسی، الشفاء بتعریف حقوق المصطفی، دار الفیحاء- عمان، ۱/ ۱۷۸-۱۷۹

(۴) البخاری، محمد بن اسماعیل ، صحیح بخاری، باب: وانذر عشیرتک الاقربین، محقق: محمد زھیر بن ناصر، دار طوق النجاۃ، ط ۱، ۱۴۲۲ھ حدیث ۴۷۷۰، ۶/ ۱۱۱

(۵) ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، السیرۃ النبویہ، دار الفکر_ بیروت، ط ۲، ۱۳۹۸ھ، ۱/ ۵۰۳

رسول اللہ ﷺ نے یہاں دعوت دینے سے پہلے معاشرے میں رہنے والے لوگوں سے اپنے کردار کی تصدیق کروائی جو کہ داعی کے ثقہ ہونے کا منہ بولتا ثبوت تھا۔

رسول اللہ ﷺ چاہتے تھے کہ اس سے پہلے کہ ان کو اس بات کی دعوت دی جائے کہ میں تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں اور مجھ پر وحی کی جاتی ہے یا ان کو ان کے مستقبل کے بارے میں خبردار کیا جائے ان سے اس بات کی تصدیق کروائی کہ انہیں جو بھی دعوت دی جارہی ہے وہ محض نظریات کی بنیاد پر نہیں ہے اور کہنے والے کی ان لوگوں کی نگاہ میں کیا حیثیت ہے اسی لیے آپ نے پہلے ان سے اپنے بارے میں تصدیق کروائی جس کا انہوں نے برملا اظہار کیا کہ ہم نے آپ کو ہمیشہ سچ بولتے پایا ہے۔

> ''نضر بن حارث رسول اللہ ﷺ کا سب سے بڑا مخالف تھا اور دعوت اسلامی کو روکنے کے لیے بہت سارے حربے آزمائے لیکن اس کے باوجود وہ اس حقیقت کا انکار نہ کرسکا کہ تم میں ایک نوجوان ایسا ہے جو بات میں سچا اور امانتوں کا پاس کرنے والا، جب تم اس کو دیکھو اور جو وہ دعوت دے تو تم یہ کہو کہ یہ جادوگر ہے''۔ (۱)

عصر حاضر میں داعی کی پہچان درج ذیل امور سے ہو:

۱. معاشرے میں اس کی ساکھ یہ ہو کہ اخلاق فاضلہ کا مالک ہو۔
۲. تمام لوگوں سے اللہ کے لیے محبت کرتا ہو۔
۳. اسے اپنے رب اور ذات پر پورا بھروسہ ہو۔
۴. اسے اپنی دعوت کے صحیح اور اس کی کامیابی پر پورا یقین ہو۔

یہ وہ معاملات ہیں جن کو عصر حاضر کے تمام قائد جو کسی بھی طریقہ سے معاشرے کی اصلاح کا کام کر رہے ہیں ملحوظ خاطر رکھے ہوئے ہیں۔ لیکن نبی پاک ﷺ کے منہج میں یہ باتیں صرف نظریاتی نہیں بلکہ عملی شکل میں نظر آتی ہیں اور یہی آپ ﷺ کی اصلاحی تحریک کا امتیاز ہے۔

۲-تعین ہدف میں واضح منشور:

اسلام نے معاشرے کی اصلاح کا جو اصول اور قاعدہ بتایا ہے اس میں مکمل وضاحت سے کام لیا گیا ہے۔ اور اس کی بہترین مثال حضرت محمد ﷺ کی اپنی ۲۳ سالہ زندگی ہے۔ جن میں سے ۱۳ سال مکی زندگی کے ہیں، ان سالوں میں نبی ﷺ نے واضح اور جلی اسلوب کو اختیار کیا۔ ہدف کے واضح ہونے سے مراد قرآن مجید اور رسول اللہ ﷺ

(۱) ابن حجر، احمد بن علی، فتح الباری، محقق محمد فواد عبد الباقی، دار المعرفۃ، بیروت، ۱۳۷۹ھ، ۱۰/۱۱۹

کی سنتِ مطہرہ سے فائدہ اٹھانااور اہداف کو سمجھنا۔ اسی لیے ہدف کو متعین اور منطقی اعتبار سے بہترین اسالیب کا اختیار کرنا۔ اس بات کے خصوصی خیال کے ساتھ کہ وہ جدید، دلچسپ، واضح اور بیک وقت تمام لوگوں کے ضروریات کو پورا کر سکے۔

رسول اللہ ﷺ نے معاشرے کی اصلاح کے لیے ہدف کو سب سے پہلے ان کے سامنے واضح کیا اور اس میں کسی طرح کی گنجائش نہیں رکھی۔ قرآن مجید میں اس انداز میں اللہ نے ہدف بیان کیا۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

﴿قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، لا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ، وَلا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ، وَلا أَنَا عَابِدٌ مَا عَبَدْتُمْ، وَلا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ، لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ﴾(۱)

ترجمہ: کہہ دیجیے اے کافرو! جن کو تم پوجتے ہو ان کو میں نہیں پوجتا۔ اور جس کی میں عبادت کرتا ہوں اس کی تم عبادت نہیں کرتے۔ اور جن کی پرستش تم کرتے ہو ان کی میں پرستش کرنے والا نہیں۔ اور نہ تم اس کی بندگی کرنے والے ہو جس کی میں بندگی کرتا ہوں۔ تم اپنے دین پر میں اپنے دین پر

یہاں اللہ تعالی نے واضح انداز میں وضاحت کی کہ عبادت صرف اسی کی صحیح ہوگی جس کی محمد ﷺ کرتے ہیں اس کے علاوہ تمام کی عبادت باطل ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ اسی رب کی طرف ان کو پکار رہے ہیں جن کو وہ لوگ پکارتے ہیں لیکن ان کا انداز اللہ کے ساتھ شرک کا ہے۔

اسی ہدف کو اور واضح کرنے کے لیے آپ ﷺ نے ان آیات کی تلاوت سے کی۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

﴿قُلْ إِنَّ صَلاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، لا شَرِيكَ لَهُ وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ﴾(۲)

ترجمہ: کہہ دو کہ میری نماز اور میری عبادت اور میری قربانی اور میرا جینا سب اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہے۔

جبکہ کوئی بھی تحریک یا جماعت اسی وقت کامیاب ہو سکتی ہے جب وہ واضح اور روشن منشور و پالیسی رکھتی۔ اسی لیے آج کے اس دور جدید میں پارٹیاں، اصلاحی جماعتیں اپنے اہداف کو متعین کرنے اور لوگوں کے سامنے واضح کرنے سے گریزاں ہیں۔

---

(۱) سورۃ الکافرون:۱۰۹/۱۔۶

(۲) سورۃ الانعام:۶/۱۶۲

رسول اللہ ﷺ نے اپنے کاشانہ اقدس پر تمام قبیلے والوں کو جمع کیا اور ان کو امان اور سکون کی ضمانت کے ساتھ ساتھ توحید، ایمان، روز حشر، جنت و جہنم کی دعوت دی، اور یہ صرف اللہ کے حکم سے تھا اور اس پر ان سے کسی بھی طرح کا کوئی فائدہ مطلوب نہیں تھا۔ آپ ﷺ نے اس بات کو بڑے اچھے انداز سے واضح کیا۔

"میں تم سے مال، عزت، بادشاہت، کا مطالبہ نہیں کروں گا، بلکہ مجھے تو اللہ نے تمھاری طرف رسول بنا کر مبعوث کیا ہے، اور کتاب کو نازل کیا ہے تاکہ میں تم کو حکم دوں اور تمہارے لیے خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنایا گیا ہوں، تاکہ تم کو اپنے رب کا پیغام پہنچا دوں اور نصیحت کروں، اگر تم میری بات مان لو جو میں لایا ہوں تو تمہارا حصہ ہے دنیا اور آخرت میں، اور اگر رد کر دو تو میں صبر کروں گا یہاں تک کہ اللہ تعالی میرے درمیان اور تمہارے درمیان فیصلہ کر دے"۔ (۱)

"ولید بن مغیرہ نے کہا: اللہ کی قسم اس کے کلام میں مٹھاس ہے اور اس کی اصل بڑی لذت والی ہے، اس کے لیے روشنی ہے، وہ یقینا غالب ہو گا اور کوئی اس پر غالب نہیں آسکتا"۔ (۲)

رسول اللہ ﷺ نے ہدف کو واضح کرنے میں کوئی ذرہ برابر بھی لچک اور ڈھیل سے کام نہیں لیا یہاں تک کہ یہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے قانون بن گیا جب بھی لوگوں نے اس راستے اور طریق کو چھوڑا تو وہ اصل راستے سے بھٹک گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے معاشرے کی اصلاح کے ہدف کو اس انداز سے پیش کیا کہ دنیا اپنی تمام خوبصورتیوں اور بدصورتیوں کے باوجود رہنے کی جگہ قرار پائی۔

۳۔ حصول ہدف کے لئے صبر و تحمل:

انسانی زندگی میں صبر و تحمل ایک ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ کوئی کام اس وقت تک احسن انداز سے مکمل اور پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتا جب تک ان کو لازم نہ بنایا جائے۔ معاشرے کی اصلاح کے لیے اس کی اہمیت سے کیسے انکار کیا جا سکتا ہے کیونکہ دوران اصلاح ہر قدم پر داعی کو صبر و تحمل کی ضرورت پیش آتی ہے۔

اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

﴿وَاتَّبِعْ مَا يُوحَى إِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتَّى يَحْكُمَ اللَّهُ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ﴾ (۳)

(۱) السیرۃ النبویۃ، ابن ہشام، ۱/۲۹۶

(۲) السیرۃ النبویہ، ابن کثیر، ۱/۴۹۹

(۳) سورۃ یونس: ۱۰/۱۰۹

ترجمہ: اور (اے پیغمبر) تم کو جو حکم بھیجا جاتا ہے اس کی پیروی کئے جاؤ اور صبر کرو۔ یہاں تک کہ اللہ فیصلہ کر دے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

دوران اصلاح صبر کرنے پر اصرار کی تاکید پر اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

﴿وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُونَ﴾(۱)

ترجمہ: اور صبر ہی کرو اور تمہارا صبر بھی اللہ ہی کی مدد سے ہے اور ان کے بارے میں غم نہ کرو اور جو یہ اندیشی کرتے ہیں اس سے تنگدل نہ ہو۔

مکی عہد میں اسلامی قیادت نے اس بات کو ملحوظ خاطر رکھا کہ معاشرے کی اقدار کو قائم رکھا جائے تا کہ اصلاح معاشرہ کا یہ عمل اپنی اصل شکل میں مکی معاشرے میں اپنا مکمل اثر چھوڑے، اور ایک مسلمان اسلام کی چلتی پھرتی شکل نظر آئے۔

اسی لیے مکی دور میں اسلامی دعوت نے تصادم سے بچتے ہوئے برداشت، تحمل اور صبر کا راستہ اپنایا تا کہ معاشرے میں اسلام کو اپنی حقیقت کو واضح کرنے اور اس دعوت کو قبول کرنے والوں کے لیے اخلاص اور مشکل حالات کا سامنا کرنے کا جذبہ پیدا ہو۔

((فقال رسول الله ﷺ:صبرا یا آل یاسر، فإن موعدكم الجنة))(۲)

ترجمہ: اے ال یاسر صبر کرو تمہارا ٹھکانہ جنت ہے۔

اگر قرآن پاک مسلمانوں کو اس مرحلے پر اپنے دفاع کی اجازت دے دیتا تو یہ ممکن نہیں تھا کہ یہ بات واضح کی جاسکتی کہ یہ دعوت انسانیت کی بھلائی اور خیر کی ہے، اس طرح ہر گھر اور خاندان میں لڑائی جھگڑے شروع ہو جاتے اور کافروں کی بات سچ ٹھہرتی کہ محمد ﷺ مرد وعورت، بہن بھائی اور والدین بچوں میں لڑائی کروادی ہے۔ اس اگر مکی سورتوں کا مطالعہ کیا جائے تو یہ بات بخوبی سمجھ آتی ہے کہ قرآن صبر و تحمل اور برداشت کی ترغیب دیتا ہے۔ بلکہ ان کو پہلی قوموں کے ساتھ تقابل کرتا بھی نظر آتا ہے کہ ان پر کیسے حالات رہے اور اس کے باوجود انہوں نے ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا۔

(۱) سورۃ النحل:۱۶/ ۲۷

(۲) الحاکم، محمد بن عبد اللہ، محقق: مصطفی عبد القادر عطاء، المستدرک علی الصحیحین، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ط ا، ۱۹۹۰ء، ۳/ ۴۳۲، حدیث ۵۶۴

سید قطب رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں:

"مدد کی وہ صورت جو ایک نفس انسانی خواہش کرتا ہے بلکے وہ اللہ کے حضور جو کہ تصرفات اور بادشاہت کا مالک ہے، اور جو کچھ بھی اس کی طرف سے ہے وہ خیر ہے، وہی واحد ایسی مدد ہے جو خواہشات نفسانی اور شیطان کے اثر سے پاک ہے، یہی وہ داخلی مدد ہے جو کہ خارجی مدد کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ اور اس داخلی مدد کی بنیاد طویل صبر، شدید احتمالات جو کہ خالص اللہ کے لیے ہوں، قرآن مجید اس طرح کے حالات کی مثالیں اس انداز میں ذکر کرتا ہے"۔[۱]

اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

﴿قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ، النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ، إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ، وَهُمْ عَلَى مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ، وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ﴾[۲]

ترجمہ: خندقوں والے ہلاک کر دیے گئے، آگ جس میں ایندھن تھا۔ جب کہ وہ ان پر بیٹھے ہوئے تھے۔ اور جو (سختیاں) اہل ایمان پر کر رہے تھے ان کو سامنے دیکھ رہے تھے۔

یہاں یہ بات واضح ہوتی ہے کہ کیسے صبر کو جماعت اور اصلاح معاشرہ کی بنیاد بنا کر اولین مسلمانوں کے دلوں میں پختہ کیا گیا۔ کیونکہ یہ دور مدنی دور سے طویل ہے اس لیے اس دور کے تیار شدہ لوگ اپنے عمل سے ثابت کرتے رہے۔ بے شک اسلام انسانوں کی عزت واحترام اور کرامت کا دین ہے یہ تبھی ممکن تھا جب اس کے حامل لوگ اس کا عملی مظاہرہ پیش کریں۔ اسی لیے مکی سورتوں میں صبر کی تلقین مسلسل کی گئی ہے۔

اسی لیے اللہ تعالی نے ہر دور میں داعیوں او راصلاح معاشر ہ کے حامل لوگوں کو تربیت کے ایک لمبے اور کٹھن مراحل سے گزارہ بلکہ ان کے اندر یہ خاصیت بھی پیدا کی کہ وہ ہر طرح کے مشکل حالات میں اس عمل پر ثابت قدمی دکھائیں۔

اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

﴿الم، أَحَسِبَ النَّاسُ أَنْ يُتْرَكُوا أَنْ يَقُولُوا آمَنَّا وَهُمْ لا يُفْتَنُونَ، وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ صَدَقُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِينَ﴾[۳]

---

(۱) سید قطب، ابراہیم، تفسیر فی ظلال القرآن، دار الشرق، بیروت، ط۱۷، ۱۴۱۲ھ، ۴/۷۹-۸۱

(۲) سورۃ البروج: ۸۵/ ۴-۸

(۳) سورۃ العنکبوت: ۲۹/ ۳-۲۔

ترجمہ: کیا لوگ یہ خیال کئے ہوئے ہیں کہ یہ کہ ہم ایمان لے آئے چھوڑ دیئے جائیں گے اور ان کی آزمائش نہیں کی جائے گی۔ اور جو لوگ ان سے پہلے ہو چکے ہیں ہم نے ان کو بھی آزمایا تھا سو اللہ ان کو ضرور معلوم کرے گا جو سچے ہیں اور ان کو بھی جو جھوٹے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ میں قریش کی ہلاکت کی دعا نہ کی باوجود اس کے کہ انہوں نے آپ ﷺ اور آپ کے ساتھیوں کو تکلیف پہنچانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔

حضرت خباب رضی اللہ عنہ بیان کہتے ہیں: ''میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور وہ کعبہ کے سایے میں ایک چادر اوڑھے بیٹھے تھے، اور ہم مشرکین کے ظلم وستم کا برے طریقے سے شکار تھے۔ میں نے کہا: آپ ﷺ اللہ سے دعا کیوں نہیں کرتے؟ آپ ﷺ ٹیک چھوڑ کر بیٹھے اور فرمانے لگے تم سے پہلے لوگوں کو لوہے کی کنگھیوں سے نوچا گیا یہاں تک کہ ان کی ہڈیوں پر گوشت نہ رہا تاکہ ان کو ان کے دین سے ہٹایا جاسکے، کئی لوگوں کے سروں کو درمیان سے آرے کے ذریعے چیر دیا گیا لیکن یہ عمل بھی ان کو دین سے نہ ہٹا سکا، اللہ کی قسم ایک شخص صنعا سے حضرموت تک چلے گا اسے اللہ کے خوف کے علاوہ کوئی خوف نہ ہوگا''۔(۱)

بے شک اسلام کا معاشرے کی اصلاح کا عمل صبر کے منہج سے منسلک ہے اور تحمل کے قانون پر چلتا ہے بے شک صبر جہاد ہے اور جہاد فریضہ ہے کیونکہ صبر جہاد کا ایک رنگ ہے کیونکہ اس میں انسان ہمت اور جوانمردی کے ساتھ شیطان کے وسوسوں کا مقابلہ کرتا ہے۔

مکی دور میں تحریک اسلامی اسی طرح کے جہاد کی محتاج تھی تاکہ تربیت پانے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی وہ صلاحیتیں بیدار ہو جائیں جو معاشرے پر گہرا اثر چھوڑے اور لوگ باقاعدہ طور پر خود اس کی عملی شکل پیش کریں۔ جیسا کہ خاندانی عصبیت، دنیا کی محبت کے بدلے میں قربانی کا جذبہ دوسروں کے لیے کیسے پیدا ہو سکتا ہے۔

مکی دور اصل میں تربیت کا زمانہ تھا جو ایک خاص قسم کے مخالفین اور حالات وواقعات پر مشتمل تھا یہ عرب معاشرے کی وہ جاہلی شکل تھی جو کہ آباواجداد کی وراثت کے حامل ہونے کی شکل پیش کر رہا تھا۔ اس لیے تربیت کے اہداف میں یہ بات سرفہرست تھی کہ ان لوگوں کی تربیت ذات کے اعتبار صبر، تحمل، سختیوں میں جوانمری سے مقابلہ کرنا تھا کیونکہ وہ مجموعی طور پر طبیعت کے اعتبار سے ایسے نہیں تھے۔

---

(۱) فتح الباری، ۸/۱۶۵

۴-بہترین منہج کا انتخاب

معاشرے میں اجتماعی تغیر پیدا کرنے کے لیے لازم ہے کہ اصلاح کے لیے بہترین منہج کی ترتیب دی جائے جو معاشرے کی مبادئیات اور ضروریات کے عین مطابق ہو۔اسی لیے علوم اجتماعیہ معاشرے میں جماعت کے تصور کو اہمیت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔وہ لوگوں کو بنیادی اور اہم معاملات کی طرف اچھے انداز سے لے کر چلتی ہے ایک بنیادی عنصر کی طرح جس سے معاشرے کی نجات مطلوب ہو۔

منہج مختلف انواع کا ہوتا ہے داعی کے اعتبار سے کبھی جزوی اور کبھی کلی جیسا کہ معاشرے کی فکری اور اجتماعی ضرورت ہو۔کوئی بھی داعی رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے علاوہ انسانی زندگی اور فکر کو مکمل جاننے کا دعوی نہیں کر سکتا چہ جائے کہ اس نے اصلاح کے لیے کوئی بھی طریقہ اختیار کیا ہو۔رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے طریقہ کار کی تمام لوگوں نے جو کسی بھی فکر وفلسفہ یا رنگ ونسل سے تعلق رکھتے تھے۔ان کی زندگی کے ابتدائی ایام سے اللہ تعالی سے ملاقات تک تعریف کی۔

اسی لیے اسلام کی تعلیمات اب تمام دنیا میں واضح ہیں اوراس میں کوئی ایسی بات باقی نہیں جو پوشیدہ ہو اور نہ ہی کوئی ایسی جس کی وضاحت کی ضرورت ہو۔اسی لیے دنیا کو کوئی بھی شخص جو کسی بھی زبان، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتا ہو وہ تمام نبی پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے متعلق جانتے ہیں ان کی ولادت، رضاعت، جوانی، بعثت اور ان کی اللہ تعالی سے ملاقات تک تاریخی اور حوداث کے اعتبار سے جبکہ اس کے علاوہ جتنے بھی لوگ چاہے وہ آسمانی ادیان سے منسلک ہیں یا انسانی ان کو پیش کرنے والوں کی زندگی ان کے ماننے والوں سے ناپید ہیں۔وہ موسیٰ اور عیسیٰ یا اسی طرح سقراط یا زرتشت یا گورونانک ہوں۔(۱)

عرب کی ثقافت بہت ساری ثقافتوں کے مجموعہ تھی اس کے لیے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے جو اسلوب اور منہج اختیار کیا وہ انتہائی پسندیدہ اور اثر پذیر تھا۔خاص طور پر جب ان لوگوں کے لیے بالکل نیا تصور پیش کرنا تھا عقیدہ، اخلاق، معاملات کے حوالے سے اور اس سب کو پیش کرنے کے لیے آپ نے تدرج اور بہترین اسلوب کو اختیار کیا۔

ولید بن مغیرۃ نے قریش کو کہا کہ حج کا موسم شروع ہونے والا ہے اور تمہارا ساتھی محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم لوگوں سے اپنی بات کرے گا اس لیے تم کو چاہیے کہ اس کے بارے میں متفق فیصلہ کر لو تا کہ تم اس کے بارے میں کسی طرح کی متضاد باتوں کے شکار نہ ہو، ولید کہنے لگا اللہ کی قسم اس کے کلام میں مٹھاس ہے تم جو کچھ بھی کہو گے وہ باطل ہو گا، جو

---

(۱) ندوی، سید سلیمان، الرسالۃ المحمدیۃ، دار ابن کثیر، دمشق، ۱۴۲۳ھ، ص:۵۹-۶۳

بات مجھے اس سب سے قریب تر لگتی ہے یہ کہ تم کہو کہ یہ جادوگر ہے۔ اسکا جادو مرد وعورت، بہن بھائی، شوہر بیوی، دوست اور رشتہ داروں میں تفریق ڈال دیتا ہے۔[۱]

یہ منہج کی سب سے عمیق شکل ہے کہ قریش مکہ کے دلوں میں متفقہ طور پر رسول اللہ ﷺ کا رعب اس حد تک بیٹھ چکا تھا کہ وہ نبی پاک ﷺ کے بارے میں غور فکر کرتے رہتے۔

ضماد مکہ آیا جو کہ دم کیا کرتا تھا اور بے وقوف لوگ اس کو خوب بڑھا چڑھا کر بیان کرتے تھے۔ اسے لوگوں نے بتایا کہ محمد ﷺ (نعوذ باللہ) پاگل ہیں، وہ آیا اور کہنے لگا میں اسے دم کروں گا ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالی میرے ہاتھ سے اس کو شفا دے۔ وہ شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہنے لگا۔ مجھے یقین ہے کہ تم میرے دم سے شفایاب ہو جاؤ گے۔ ضماد کہنے لگا: اللہ کی قسم میں نے بہت سے کاہنوں، جادوگروں اور شرک کرنے والوں کا کلام سنا ہے لیکن ایسا کلام پہلے کبھی نہیں سنا۔ یہ کلمات اپنے اندر ایک بہت گہرا سمندر رکھتے ہیں آپ اپنا ہاتھ بڑھائے میں آپ کے ہاتھ پر اسلام کے لیے

بیعت کرتا ہوں۔[۲]

ابو جہل اور اس کے ٹولے نے تمام حدود کو کراس کیا جو اس دعوت اور اس سے تیار ہونے والے لوگوں کے خلاف کیا جا سکتا تھا، اسی لیے رسول اللہ ﷺ نے اپنی اس کوشش کو خالص اللہ تعالی کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق روحانیت سے بھرپور پیش کیا مکہ اور اس کے ارد گرد کے علاقوں میں، اسی بات کو اگر مد نظر رکھا جائے تو یہ بات آسانی سے سمجھ آتی ہے کہ عرب کے دیگر علاقوں میں یہ دعوت زیادہ موثر اور تیزی سے اثر انداز ہوئی مکہ کے مقابلے میں کیونکہ یہاں رہنے والے لوگوں کے دل انتہائی سخت، جہالت سے بھرے، آنکھوں سے اندھے، کانوں سے بہرے اور دلوں کے پتھر دل تھے۔

اس کے باوجود کہ وہ اتنے زیادہ سخت دل تھے سیرت نگاروں نے لکھا ہے کہ ابوسفیان، ابوجہل، اخنس بن شریق رات کے اندھیرے میں رسول اللہ ﷺ کا قرآن مجید کی تلاوت کرنا سننے کے لیے نکلا کرتے تھے۔ اخنس ابوجہل کے پاس آیا اور اس کے گھر میں داخل ہوا اور اس سے کہا: اے ابوالحکم تمہاری کیا رائے ہے جو تم نے محمد ﷺ سے سنا ہے۔ اس نے کہا ہمارا اور عبد مناف کا آپس میں جھگڑا ہے انہوں نے کھلایا تو ہم نے بھی کھلایا انہوں نے عطا کیا تو ہم نے بھی عطا کیا۔ یہاں تک کہ وہ اور ہم برابر ہو گئے اب وہ کہتے ہیں ہم میں نبی آیا ہے جس کے پاس آسمان سے وحی

---

(۱) السیرۃ النبویہ، ابن ہشام، ۱/ ۲۷۰

(۲) السیرۃ النبویہ، ابن کثیر، ۱/ ۴۵۳

آتی ہے اب ہم اس جیسا کہاں سے لائیں، اللہ کی قسم ہم اس پر کبھی بھی ایمان نہیں لائیں گے اور نہ ہی اس کی تصدیق کریں گے اخنس اس کے پاس سے کھڑا ہوا اور اس کو اسی حال میں چھوڑ دیا۔[1]

رسول اللہ ﷺ کے اسلوب اور بہترین منہج کا اندازہ صرف اس بات سے ہو جاتا ہے کہ کفار کے بڑے سردار جو کہ اسلام کے ازلی دشمن تھے وہ اندرونی طور پر اسلام کے حقانیت کے قائل تھے لیکن قبائل عصبیت کی وجہ سے اس کو قبول کرنے سے انکاری تھے۔ انہوں نے جب تک کفر پر باقاعدہ عہد نہیں لیا اس وقت تک وہ اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کی تلاوت سننے سے باز نہ رکھ سکے۔

ہم یہ بات برملا کہہ سکتے ہیں کہ صرف رسول اللہ ﷺ کی ذات ہی وہ اکمل ذات ہے جس نے انسانوں کو فکری، اجتماعی اور اصلاحی حیثیت سے اس طرح سانچے میں ڈھالا کہ ان کے مخالفین ہزار مخالفت کے باوجود اس کی روحانیت کو نہ صرف حاصل کرتے بلکہ دل سے اس کے حق ہونے کا اقرار بھی کرتے۔

یہی وہ جنگ تھی جو تمام قبائل اور جزیرۃ العرب کے اندر پھیلی ہوئی تھی اور جو گزرتے سالوں کے ساتھ بڑھ رہی تھی۔ اس خطرہ سے آگاہ کرنے کے لیے وہ لوگ حج کے موسم میں راستے میں بیٹھتے اور ہر گزرنے والے کو اس سے آگاہ کرتے، نتائج سے ڈراتے اسی طرح نبی پاک ﷺ کے بارے میں خبر تمام عرب کے اندر پھیلی کہ یہی وہ شخص ہے جو اس دعوت کا حامل ہے۔

((قَالَ أَبُو ذَرٍّ:فَقَالَ أُنَيْسٌ: إِنَّ لِي حَاجَةً بِمَكَّةَ فَاكْفِنِي، فَانْطَلَقَ أُنَيْسٌ حَتَّى أَتَى مَكَّةَ، فَرَاثَ عَلَيَّ، ثُمَّ جَاءَ فَقُلْتُ: مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: لَقِيتُ رَجُلًا بِمَكَّةَ عَلَى دِينِكَ، يَزْعُمُ أَنَّ اللهَ أَرْسَلَهُ، قُلْتُ: فَمَا يَقُولُ النَّاسُ؟ قَالَ: يَقُولُونَ: شَاعِرٌ، كَاهِنٌ، سَاحِرٌ، وَكَانَ أُنَيْسٌ أَحَدَ الشُّعَرَاءِ. قَالَ أُنَيْسٌ: لَقَدْ سَمِعْتُ قَوْلَ الْكَهَنَةِ، فَمَا هُوَ بِقَوْلِهِمْ، وَلَقَدْ وَضَعْتُ قَوْلَهُ عَلَى أَقْرَاءِ الشِّعْرِ، فَمَا يَلْتَئِمُ عَلَى لِسَانِ أَحَدٍ بَعْدِي أَنَّهُ شِعْرٌ، وَاللهِ إِنَّهُ لَصَادِقٌ، وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ))[2]

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں، میرا بھائی انیس مکہ گیا پھر میرے پاس آیا اور کہنے لگا، میں مکہ میں ایک ایسے شخص سے ملا ہو جس کا یہ خیال ہے کہ وہ اللہ کا رسول ہے اور اس کو بھیجا گیا ہے، میں نے پوچھا: لوگ اس کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ اس نے کہا: وہ کہتے ہیں وہ شاعر، جادوگر،

---

(۱) ایضا: ۱/ ۵۰۶

(۲) القشیری، مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، باب من فضائل ابی ذر، دار احیاء التراث العربی، بیروت، دار البشیر، طنطا، ۱۹۹۹ء، حدیث: ۲۴۷۳، ۴/ ۱۹۱۹

کاہن ہے اور انیس خود شعراء میں شمار ہوتا تھا۔ اس نے کہا: میں نے کاہنوں کے کلام سنے ہیں وہ ان جیسا کلام نہیں ہے، اس کو شاعر کہتے ہیں اللہ کی قسم کوئی بھی یہ نہیں کہ سکتا کہ وہ شعر کہتا ہے، اللہ کی قسم وہ سچا ہے اور وہ سب جھوٹے ہیں۔

قریش کے اس پراپگنڈے نے اس منہج کی توسیع میں بڑی مدد دی، لوگ فطری طور پر سوچنے پر مجبور ہو جاتے جو کہ قریش کی ان باتوں سے کافی دور تھے۔ جبکہ رسول اللہ ﷺ کا یہ اسلوب انسانی فکر کو سوچ وبچار اور اندھی تقلید سے باہر نکلنے کی کھلی دعوت تھی تاکہ لوگ ابو جہل، ولید بن مغیرہ، عتبہ، ابوسفیان اور اخنس بن شریق کی جہالت سے نکل کر سوچ سکیں۔

نضر بن حارث، ابو جہل اور ولید نے اس بات کا اقرار کیا کہ محمد ﷺ جو کلام پیش کر رہے ہیں وہ انسانوں کا کلام نہیں ہے اور نہ ہی وہ جھوٹ بولتے ہیں۔ اس کے باوجود انہوں نے اپنے آپ کو ایمان کی دولت سے محروم رکھنے کے لیے اپنے دل اور کانوں کو نور ایمان سے منور ہونے کے لیے بند کر دیا لیکن وہ اس موقف کی تائید اور اس کو پورے عرب میں نشر کرنے کے لیے جو ہتھکنڈے اختیار کیے وہ ان کے معاشرے کے دور اور قریب میں بڑی تیزی سے پھیلا۔

"ابو قیس بن الاسلت جو کہ بنی واقف کا بھائی تھا، وہ قریش سے بہت زیادہ محبت رکھتا تھا اس نے ایک قصیدہ لکھا اس میں ان کی حرمت اور ان کو جنگ سے روکنے اور ان کے اخلاق اور فضائل کا ذکر کیا۔ اسی میں اس نے اس بات کا بھی ذکر کیا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے معاملے میں اپنے آپ کو باز رکھیں، اور ان کے ان معبودوں کا ذکر کیا جو اللہ کے علاوہ ہیں اور ان سے اصحاب فیل کو روکے رکھا"۔ (۱)

اس طرح معاشرے میں رسول اللہ ﷺ کی اصلاح کی جدوجہد نے جو معاشرے پر منہج کے اثرات مرتب کیے اس کا دائرہ کار کافی بڑا اور وسیع تھا۔ اسلامی دعوت کے اصلاحی پہلو کا یہ امتیاز ان امتیازات میں سے ایک ہے جو خالص اللہ تعالی کے لیے ہو تو مدد وہاں سے آتی ہے جہاں سے اس کے وہم گمان بھی نہیں ہوتا۔

۵- قیادت کی تیاری

معاشرے میں رہتے ہوئے نئی قیادت کو تیار کرنا نئی سوچ اور فکر دیتے ہوئے ایک مشکل اور خطرات سے گھرا ہوا عمل ہے۔ اس کام کے لیے آپ نے دار ارقم (۲) کو پہلا مرکز بنایا۔ جو لوگ بھی رسول اللہ ﷺ کی دعوت کو

---

(۱) السہیلی، عبد الرحمن بن عبد اللہ، الروض الأنف فی شرح السیرۃ النبویۃ، دار الکتب الحدیثیہ، ۱۳۸۷ھ، ۱۴۹/۳

(۲) حضرت ارقم رضی اللہ عنہ بن ابی ارقم کا تعلق بنو مخزوم سے تھا۔ بنو مخزوم کا قبیلہ اور بنو ہاشم، جو رسول اللہ ﷺ کا قبیلہ تھا، دونوں ہمیشہ آپس میں برسرپیکار رہے تھے، لہذا کسی کے تصور میں بھی نہیں آسکتا تھا کہ ارقم کا گھر مرکز اسلام بن سکتا ہے۔ یہ تو دشمن کے دل میں اپنا قلعہ بنانے والی بات تھی (کہ بنو ہاشم اپنے مخالفین بنو مخزوم کے کسی گھر کو اپنا مرکز بنالیں) حضرت ارقم رضی اللہ عنہ

قبول کرتے ان کو اس مرکز میں تربیت دی جاتی اور ان سے بیعت لی جاتی۔ نئی تربیت کی تیاری کے سلسلے میں آپ نے جس بات کو سب سے زیادہ ملحوظ خاطر رکھا وہ یہی تھی کہ آپ نے ان لوگوں کو ہدف بنایا جو جاہلیت کے معاشرے میں بھی فطرت سلیمہ کے مالک تھے۔ آپ جس شخص کو متعین کرتے اس کو معاشرے میں موجود ناانصافی اور انارکی کی طرف توجہ دلاتے اور پھر اس کو اسلام کے مبادی سیکھلاتے اس طرح اس سے جہالت کے اندھیرے آہستہ آہستہ دور ہوتے چلے جاتے اور اسلام کا نور اس کے دل میں گھر کرتا جاتا۔

ابن ہشام رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:

"اس طرح اسلام مکہ کے مردوں اور عورتوں میں آہستہ آہستہ پھیلنے لگا اور لوگ اس نئے دین کے بارے میں گفتگو کرنے لگے، پھر اللہ تعالی نے اپنے نبی کو حکم دیا کہ وہ لوگوں کو اس بات کا حکم دے جس کا اسے حکم دیا گیا ہے"۔(۱)

رسول اللہ ﷺ نے ان لوگوں کی اس اعتبار سے تربیت کی کہ وہ لوگ نفسانی، وجدانی، مالی اور اقتصادی حوالے سے بہت زیادہ مضبوط اعصاب کے مالک تھے اور کسی بھی اعتبار سے لوگوں سے نہ جلدی متاثر ہوتے اور نہ کسی سے مرعوب ہوتے۔ رسول اللہ ﷺ جو کہ پہلے شخص تھے جنہوں نے اصلاح معاشرہ کا کام شروع کیا اس لیے انہوں نے قیادت کی تربیت بھی اسی انداز سے کی کہ فکری طور پر عقیدے کو صحیح اور مکمل سمجھنے والے تھے۔ جیسا کہ آپ ﷺ نے جس ماحول میں کام کا آغاز کیا وہ تن تنہا اور مخالفت سے بھرپور تھا اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ لوگ بھی ایسے حالات وواقعات کا احسن مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔

جبکہ اگر ان کے وجدانی یا ایمانی کیفیت کا اندازہ کرنا ہو تو صرف حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا کردار ہی مشعل راہ اور مثال کافی ہے کہ جب انہوں نے اسلام قبول کیا اس وقت ان کی عمر ۱۹ سال تھی اور وہ دوبارہ کفر اختیار کرنے کو انتہائی ناپسند کرتے تھے۔ ان کی والدہ نے ان سے کہا کہ اگر وہ اسلام کو نہیں چھوڑیں گے تو وہ نہ کھائیں گی، نہ پییں گئی یہاں تک کہ لوگ ان کو طعنہ دیں گے کہ اس کی والدہ اس کی وجہ سے فوت ہوئی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی

نے جب اسلام قبول کیا تو ان کی عمر اس وقت تقریباً سولہ (۱۶) سال تھی۔ اور قریش کا ذہن اس جانب گیا ہی نہیں کہ ایک نو عمر کا گھر بھی اسلامی مرکز بن سکتا ہے۔ اور ان کا غالب یہی تھا کہ یہ لوگ بنو ہاشم کے کسی گھر کو اپنا مرکز بنائیں گے یا پھر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ یا ان جیسے کسی اور مسلمان کا گھر مرکز اجتماعات قرار پائے گا (ڈاکٹر منیر محمد الغضبان، المنہج الحرکی للسیرۃ النبویۃ، مکتبۃ المنار الاردن، ط ۲، ۱۹۹۰ء، ۱/۴۹)

(۱) السیرۃ النبویہ، ابن ہشام، ۱/۲۶۲

والدہ سے فرمایا: خوب اچھی طرح جان لو اگر تمہاری ۱۰۰ جانیں ہوں اور تم ایک ایک کر کے اس لیے قربان کر دو کہ میں رسول اللہ ﷺ کا دین چھوڑ دوں تو بھی ممکن نہیں، چاہیے تم کھاؤ اور پیو اور چاہو تو نہ کرو۔[۱]

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی دینی حمیت اتنی زیادہ بڑھی ہوئی تھی کہ تاریخ اسلام میں سب سے پہلے مشرک کو قتل کرنے والے صحابی ہیں۔[۲]

اصلاح کرتے ہوئے یہ بات انتہائی اہمیت کی حامل ہے کہ جن لوگوں کو اس عمل کے لیے تیار کیا جا رہا ہے ان کی تربیت اس نہج پر کی جائے کہ وہ دنیا کی زیب وزینت سے بے رغبتی برتیں اور اللہ تعالی سے رغبت رکھیں۔ اور یہ خصوصیت دار ارقم میں تربیت پانے والے صحابہ کرام میں بدرجہ اتم موجود تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے ابو ذر رضی اللہ عنہ سے پوچھا جب وہ دور کے علاقے سے تشریف لائے اسلام کے بارے میں جاننے کے لیے اور وہ اس امر کے متعلق قریش مکہ سے بھی نہیں بات کر سکتے تھے انہوں نے اسی حالت میں مکہ میں کتنی راتیں گزاریں، جب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے پوچھا: کون تمھیں کھانا کھلاتا تھا؟ تو ابو ذر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا میں زمزم کے پانی پر گزارہ کرتا رہا ہوں۔[۳]

یہ سوال ایک خاص منہج پر قیادت کی تیاری کو بیان کرتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس مرحلے میں جو لوگ اصلاح معاشرہ کے لیے منتخب فرمائے اور ان کو اس کے مطابق تربیت دی، ان کے معاملے کو انتہائی خفیہ رکھا۔

اصلاح کرتے ہوئے یہ بات انتہائی اہمیت کی حامل ہے کہ جن لوگوں کو اس عمل کے لیے تیار کیا جا رہا ہے ان کی تربیت اس نہج پر کی جائے کہ وہ دنیا کی زیب وزینت سے بے رغبتی برتیں اور اللہ تعالی سے رغبت رکھیں۔

۶-معاشرتی اقدار کا لحاظ

رسول اللہ ﷺ نے عرب کے معاشرے میں اصلاح کے عمل کے لیے معاشرتی اقدار کا نہ صرف تحفظ کیا بلکہ آپ ﷺ نے ان کو اس عمل میں انتہائی اچھے طریقے سے استعمال کیا کیونکہ یہ انسانی فطرت ہے کہ وہ جس معاشرے میں رہتا ہے اس کے اقدار کے تحفظ کی بھرپور کوشش کرتا ہے، اسی لیے اسلام ان تمام اقدار کو اسی طرح سے معاشرے کا حصہ بنا رہنے سے منع نہیں کرتا جو اسلام کے بنیادی عقائد سے مخالفت نہ رکھتا ہو۔

---

(۱) روح المعانی فی تفسیر القرآن العظیم والسبع المثانی، ۱۹/ ۱۳۹

(۲) الطبری، محمد بن جریر، تاریخ الطبری، دار التراث، بیروت، ط ۱، ۱۳۸۷ھ، ۲/ ۳۱۸

(۳) الحلبی، علی بن ابراہیم بن احمد، السیرۃ الحلبیۃ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ط ۲، ۱۴۲۷، ۱/ ۳۱۵

عتبۃ نے آپ ﷺ سے کہا کہ اگر تمہیں مال کی چاہت ہے تو ہم تمھارے لیے اتنا مال جمع کرتے ہیں کہ تم قریش کے سب سے غنی انسان کہلاؤ گے اگر تم خوبصورت عورت سے شادی کرنا چاہتے ہو تو ہم تمہارے لیے قریش کی دس خوبصورت عورتیں پیش کرتے ہیں تم ان سے شادی کرلو۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کی بات کا جواب دینے کے لیے بڑے ادب و احترام سے کہا کیا تم نے ابا ولید اپنی بات مکمل کرلی ہے۔(۱)

حضرت مغیرۃ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"**إن اول يَوْم عرفنَا رَسُول الله ﷺ أَنِّي امشي أَنا وَأَبُو جهل بن هِشَام فِي بعض أَزِقَّة مَكَّة إِذْ لَقينَا رَسُول الله ﷺ فَقَالَ رَسُول الله ﷺ لأبي جهل يَا ابا الحكم هَلُمَّ إِلَى الله وَإِلَى رَسُوله أَدْعُوك إِلَى الله**"(۲)

ترجمہ: میں نے سب سے پہلے جس دن رسول اللہ ﷺ کو جانا، اس دن میں اور ابو جہل مکہ میں جارہے تھے کہ ہماری ملاقات آپ ﷺ سے ہوئی، آپ ﷺ نے ابوجہل کو اس کی کنیت سے پکارتے ہوئے کہا: اے ابا الحکم اللہ اوراس کے رسول کی طرف آؤ، میں تم کو اللہ کی طرف پکارتا ہوں۔

عربوں کے نزدیک یہ بات قابل عزت اور نہایت احترام کے سمجھی جاتی تھی اگر کوئی کسی دوسرے کو مخاطب کرتے ہوئے اس کی کنیت سے پکارتا۔ یہاں آپ ﷺ نے یہ اصول سکھایا ہے کہ ایک داعی کے لیے لازم ہے کہ وہ لوگوں کے ساتھ معاشرتی اقدار کا پاس کرتے ہوئے گفتگو کرے۔

خلاصہ بحث:

نبی کریم ﷺ نے مکہ میں اصلاح معاشرہ کے لیے جو منہج اختیار کیا وہ پر امن، تدریجی، تربیتی اور مستحکم بنیادوں پر تھا۔ آپ ﷺ کی کوشش معاشرے میں فساد کو اصلاح کے ساتھ بدلنے کی تھی جس کے ذریعے لوگوں کو اصل نصب العین کی طرف بلاتے اور وقتی طور پر معاشرے کے مروجہ ڈھانچے کے اندر رہ کر اصلاح کی دعوت دیتے۔ اسی لیے آپ کے اس عمل میں جبر و تشدد کا شائبہ بھی نہ تھا۔ آپ ﷺ لوگوں کے ایک ایک سوال اور اعتراض کا بڑے بہترین انداز سے جواب دیتے جو کہ لوگوں کو افہام و تفہیم پر مجبور کرتا۔ یہ اسی منہج کا نتیجہ تھا کہ آپ کی ۱۳ سالہ مکی جدوجہد سے وہ انقلاب برپا ہوا جس نے معاشرے کا نقشہ بدل دیا۔ اس ساری کوشش کے دوران آپ ﷺ نے صبر و تحمل، جرأت، عزیمت، استقامت اور اخلاق و کرادر کو اپنا راستہ بنائے رکھا۔

---

(۱) السیرۃ النبویہ، ابن کثیر، ۱/ ۵۰۴

(۲) السیوطی، عبد الرحمن بن ابی بکر، الخصائص الکبری، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱/ ۲۸۶

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا مکی اصلاح منہج آج کے ان داعیوں کے لیے مشعل راہ ہے جو دنیا کے ایسے علاقوں میں آباد ہیں جہاں مسلمان زیر تسلط ہیں یا مسلمانوں کا عرصہ حیات کسی بھی طرح سے تنگ کر دیا گیا ہے کہ وہ کس طریقے سے ان علاقوں، قوموں اور آبادیوں میں نہ صرف اپنے اسلام کو بچا سکتے ہیں بلکہ وہ اسلام کی ترویج واشاعت کا بڑے اچھے طریقے سے سبب بن سکتے ہیں۔

اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ یہ مشکلوں، تکلیفوں اور صبر و تحمل کا راستہ ہے لیکن تربیتی عمل کے دوران حکمت سے کام لیا جائے۔ لیکن یہ سوچنا بھی غلط ہو گا کہ اصلاحی وتربیتی عمل میں حکمت سے مراد اصل سے پیچھے ہٹنا ہے۔ بلکہ اس کا اصل مقصد ایسے ذرائع اختیار کرنا ہے جو لوگوں کی عقلوں اور ذہنوں کو زیادہ اپیل کر سکیں تا کہ ہدف تک آسانی سے پہنچا جا سکے۔ اس کے ساتھ کسی مصلح کو یہ حق حاصل نہیں کہ حکمت کے نام پر اسلام کے احکام، اصولوں میں تبدیلی کر دے اور حدود سے تجاوز یا ان پابندیوں کا خیال نہ رکھا جائے جس کا حکم دیا گیا ہے۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے مکی عہد میں قریش مکہ کے ہر طرح کے حربے اور اذیت کے باوجود اس بات کو بڑے اچھے انداز میں تمام آنے والے مصلحین اور داعیوں کے سامنے پیش کیا ہے۔

❁ ❁ ❁

استنباطِ احکام میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا منہج

(قرآن کریم کی روشنی میں)

Hazrat ‘□ishah (R.A)’s Methodology for derivation of Ahkam (in the light of Holy Quran)

عائشہ صنوبر *

ABSTRACT

In this article an effort has been made to describe Hazrat ‘□ishah (R.A)’s methodology of derivation of Ahk□m from Holy Quran. Holy Quran and Sunnah of Holy Prophet (S.A.W) is basic source of Islamic Shar□‘ah.

Hazrat ‘□ishah Sidd□qah (R.A) was the wife of the Holy Prophet (S.A.W), and the daughter of Hazrat Ab□ Bakr (R.A). She spent her time in learning and acquiring knowledge of the two most important sources of Islam, the Qur'an and the Sunnah of His Prophet (S.A.W). Hazrat ‘□ishah (R.A) narrated 2210 Ah□d□th out of which 174 Ah□d□th are commonly agreed upon by Bukh□ri and Muslim.

She was an ardent and zealous student of Islamic jurisprudence. She has not only described Ah□d□th and reported her observations of events, but interpreted them for derivation of Ahk□m. Umm Al-Mu’min□n Hazrat ‘□ishah (R.A) is a great scholar and interpreter of Islam, providing guidance to even the greatest of the Companions (R.A) of the Holy Prophet Muhammad (S.A.W).

She has not only described Ah□d□th and reported her observations of events, but interpreted them for derivation of Ahk□m. Whenever necessary, she corrected the views of the greatest of the Companions of the Holy Prophet (S.A.W). It is thus recognized, from the earliest times in Islam, that about one-fourth of Islamic Shar□‘ah is based on reports and interpretations that have come from Hazrat ‘□ishah (R.A). As a teacher she had a clear and persuasive manner of speech. Hazrat ‘□ishah (R.A) is a role model for women. She taught Islam many people. She was an authority on many matters of Islamic Law, especially those concerning women.

Keywords: *Derivation, Ahk□m, Hazrat ‘□ishah (R.A), methodology, Holy Quran.*

* لیکچرار، شعبہ اسلامک لاء، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

موضوع کا تعارف و اہمیت:

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لئے رسول اللہ ﷺ کو ایک بہترین تقلید کا نمونہ بنا کر بھیجا ہے اور آپ ﷺ کی اطاعت دنیا و آخرت کی کامیابی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کی زندگی مطہرہ کے انفرادی و اجتماعی پہلو کو محفوظ رکھا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ ﷺ کی اجتماعی زندگی کے متعلق معلومات کا منبع اور روایات کا ذخیرہ آنے والی نسلوں کو منتقل کیا جب کہ رسول اللہ ﷺ کی خانگی زندگی سے متعلق معلومات کا منبع و مرکز ازواج مطہرات ہیں۔

نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد قریباً نصف صدی تک امہات المؤمنین نے علمی خدمات سر انجام دیں۔ ازواج مطہرات میں سے ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا علمی رتبہ بہت بلند ہے اور آپ رضی اللہ عنہا کی علمی خدمات کا دائرہ وسیع بہت ہی ہے، علوم تفسیر، علوم حدیث، فقہ اسلامی کی طرح اصول فقہ میں بھی آپ رضی اللہ عنہا کی خدمات بے مثال ہیں۔

اس مقالہ تحقیق کا موضوع حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قرآن کریم سے استنباط احکام میں منہج ہے۔ مقالہ کے پہلے حصہ میں ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے مختصر تعارف، علمی مقام اور مقالہ کے دوسرے حصہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اصول استنباط زیر بحث ہیں۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا تعارف (۶۱۳-۶۷۸ء)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نبی کریم ﷺ کی زوجہ اور مؤمنین کی ماں، عظیم عالمہ، محدثہ، فقیہہ ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی علمی تربیت رسول اللہ ﷺ نے کی۔ آپ ﷺ کی تربیت مطہرہ کی برکت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا امت کی جید عالمہ تھیں اور علمی میدان میں آپ رضی اللہ عنہا سے فیض یاب ہونے والوں کی تعداد سیکڑوں میں ہیں۔ آپ رضی اللہ عنہا نے علمی، عملی، اجتماعی، معاشرتی، وعظ و نصیحت اور امت کی تعلیم و تربیت کے لئے بہت کام کیا۔ (۱)

علمی مقام

اللہ تعالیٰ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ذہانت و ذکاوت عطا فرمائی اور آپ رضی اللہ عنہا کی اعلیٰ صلاحیتوں کو رسول اللہ ﷺ کی تربیت نے جلا بخشی۔ آپ ﷺ کی صحبت بابرکت کا فیض ہے کہ تمام دینی علوم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے مہارت حاصل کی۔ آپ رضی اللہ عنہا نے قریباً نصف صدی تعلیم و تدریس کا فریضہ سر انجام دیا اور آپ رضی اللہ عنہا کے حلقۂ درس میں کبار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی شریک ہوتے تھے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے شاگردوں کی تعداد سینکڑوں میں ہے۔ آپ رضی اللہ عنہا براہ راست اور خط و کتابت کے ذریعے تعلیم دیتیں تھیں۔

---

(۱) الزرکلی، خیر الدین بن محمود، الأعلام، دار العلم ملائین، ۲۰۰۲ء، ۳/۲۴۰

حضرت عروہ بن زبیر مفتیٔ مدینہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے علمی مقام کے بارے میں فرماتے ہیں میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی صحبت میں رہا۔ میں نے کبھی کسی کو کسی آیت، کسی فرض و سنت، کسی شعر، کسی ایام العرب کا علم، کسی حسب و نسب، کسی فیصلے یا طب میں آپ رضی اللہ عنہا سے بڑا عالم یا روایت کرنے والا نہیں دیکھا۔ میں نے پوچھا خالہ جان طب آپ رضی اللہ عنہا نے کہاں سے سیکھی؟ تو فرمایا میں بیمار ہو جاتی تو میرے علاج کے لئے کوئی چیز بیان کی جاتی، کوئی اور بیمار ہو جاتا اور اس کے لئے کوئی دوائی بیان کی جاتی اور میں لوگوں سے سنتی کہ بعض بعض کو دوائی کے بارے میں بتاتے ہیں تو میں اسے زبانی یاد کر لیتی۔ (۱)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وسعت علمی کو امام زہری (۲) نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے۔ اگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے علم کا موازنہ تمام عورتوں کے علم سے کیا جائے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا علم بڑھ کر ہو گا۔ (۳)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنے مسائل کو پوچھنے کے لئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے رجوع کیا کرتے تھے۔ جب کبھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان کسی مسئلہ میں اختلاف ہو جاتا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی رائے فیصلہ کن ہوتی تھی۔ جیسا کہ بردہ بن ابی موسی اپنے والد حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں۔ ہم اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی مسئلہ میں کوئی مشکل پیش آئی پھر ہم نے اس مسئلہ کے بارے میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا تو ہم نے اس کا علم ان کے پاس پایا۔ (۴)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تاحیات دین اسلام کے فروغ و تعلیم و اشاعت میں مشغول رہیں یہاں تک کہ اجل کا پروانہ آ گیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے منگل کی شب ۱۷ رمضان المبارک ۵۸ھ میں رحلت فرمائی اور اسی رات نماز عشاء

---

(۱) الذھبی، احمد بن احمد، سیر اعلام النبلاء، مؤسسۃ الرسالۃ، ط ا، ۱۴۰۵ھ، ۲/ ۱۸؛ الاصبهانی، احمد بن عبد اللہ ابو نعیم حلیۃ الاولیاء و طبقات الاصفیاء، دار الکتب العربی بیروت، ۱۴۰۵ھ، ۲/ ۴۹، الھیثمی، علی بن ابی بکر بن سلیمان، مجمع الزوائد و منبع الفوائد، مکتبہ القدوسی، القاہرہ ۱۹۹۴ء، ۹/ ۴۹

(۲) الزہری، محمد بن مسلم بن عبد اللہ بن شھاب، مدینہ کے فقیہ، تابعی اور حفاظ میں شامل ہیں (زرکلی، الاعلام، ۷/ ۹۷)

(۳) الحاکم، محمد بن عبد اللہ، المستدرک علی الصحیحین، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۹۹۰ء، ۴/ ۱۲، حدیث ۶۷۳۴، الذھبی، محمد بن احمد بن عثمان، تاریخ الاسلام و وفیات المشاہیر والاعلام، عہد معاویہ، ۷، ۲۴۷، مجمع الزوائد و منبع الفوائد، الھیثمی، ۹/ ۲۴۳

(۴) الترمذی، محمد بن عیسی، سنن الترمذی، دار احیاء التراث العربی، بیروت، کتاب المناقب، باب فضل عائشہؓ، حدیث ۳۸۷۹، ۵/ ۷۰۵

کے وتر پڑھنے کے بعد انھیں دفن کر دیا گیا۔ وفات کے وقت ان کی عمر چھیاسٹھ برس تھی۔[1]

شریعت اسلامیہ کا پہلا مأخذ آخری الہامی کتاب قرآن مجید ہے۔ قرآن کا مادہ قراء، یقرأ ہے اور قرآن کے لغوی معنی پڑھی جانے والی کتاب ہے۔ قرآن کریم کی اصطلاحی تعریف ہے کہ وہ کتاب جو اللہ کی طرف سے اس کے رسول محمد ﷺ پر نازل ہوئی اور ہم تک بغیر کسی شک وشبہ کے تواتر کے ساتھ نقل در نقل ہو کر پہنچی ہے۔[2]

قرآن پاک کی صفت ہے کہ ہر قسم کے شک سے پاک اور مکمل کتاب ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ﴾[3]

ترجمہ: اس کتاب میں کوئی شک نہیں، ہدایت ہے پرہیز گاروں کے لئے۔

قرآن پاک تدریجاً نازل ہوا، اور نزول قرآن دو ادوار مکی اور مدنی پر مشتمل ہے۔[4]

علامہ الشاطبی[5] نے اپنی کتاب الموافقات میں قرآن کریم کو بطور مصدر شریعہ ان الفاظ میں متعارف کروایا ہے۔

تحقیق قرآن احکام شریعہ کی بنیادي اصول وکلیات کا تعین کرتا ہے، اور حکمت کا سرچشمہ، اور رسالت کی نشانی، روشنی اور بصیرت ہے۔ اور اللہ تک پہنچنے کا واحد راستہ ہے، اور اس کے علاوہ راہ نجات نھیں، اور کوئی بھي اس سے متصادم حکم قابل استدلال نہیں ہے۔[6]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا احکام استنباط میں منہج

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فہم قرآن کریم کے علوم پر مہارت تامہ حاصل تھی۔ جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس کوئی مسئلہ پیش آتا تو سب سے پہلے قرآن مجید میں دیکھتیں۔ آپ رضی اللہ عنہا نے آیات قرآنیہ سے احکام اخذ کیے اور آیات کے مفہوم ومنطوق سے استدلال مختلف طریقوں سے کیا۔ آیات الاحکام کی دو اقسام ہیں۔

---

(۱) ابن سعد، محمد بن سعد بن منیع، الطبقات الکبری، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ۸/ ۶۲

(۲) الشوکانی، محمد بن علی بن محمد، ارشاد الفحول الی تحقیق الحق من علم الاصول، دار الکتب العربی، ط۱، ۱۹۹۹ء، ۱/ ۸۵

(۳) سورۃ البقرہ ۲/ ۲

(۴) الزرکشی، محمد بن عبد اللہ، البرھان فی علوم القرآن، ۱۹۵۷ء، دار احیاء الکتب العربیہ، ۱/ ۱۸۷

(۵) الشاطبی اصل نام ابراہیم بن موسی مالکی ہیں۔ آپ ائمہ مالکیہ میں سے ہیں۔ (الزرکلی، الأعلام، ۳/ ۱۵۲)

(۶) الشاطبی، ابراہیم بن موسی، الموافقات فی اصول الشریعہ، بیروت، دار احیاء التراث العربی، ۳/ ۲۸

۱۔ محکم آیات ۲۔منسوخ آیات

ذیلی سطور میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے محکم آیات سے طریقِ استنباط کو زیر بحث لایا گیا ہے۔

۱۔ محکم آیات سے استدلال کے طریقے

محکم آیات سے مراد ایسی آیات جو واضح ہو اور اس میں نسخ کا احتمال نہ ہو یعنی وہ نصوص جو اللہ تعالی نے آخرت اور رسولوں پر ایمان لانے، ظلم کے حرام ہونے اور عدل کے واجب ہونے کے بارے میں نازل کی ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے محکم آیات سے استنباط **ظاهرة الدلالة** اور **خفی الدلالة** ہونے کے اعتبار سے کیا ہے۔

۱۔ظاهرة الدلالة

ظاهرة الدلالة سے مراد ایسی آیات ہیں جن کے الفاظ واضح، صریح اور حکم ظاہر ہوں۔جب آیت ظاہرۃ الدلالۃ ہو تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ان آیات میں توقف یا تاویل نہ کرتیں اور نہ ہی کسی دوسرے مصدر شریعہ کی طرف رجوع کرتی تھیں۔مثلاً حج اور عمرہ میں صفاو مروہ کی سعی کا حکم ہے اس بارے میں ارشاد باری تعالی ہے:

﴿اِنَّ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةَ مِنْ شَعَاۗىِٕرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۭ وَ مَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ﴾[1]

ترجمہ:بے شک (کوہ) صفااور مروہ خدا کی نشانیوں میں سے ہیں۔تو جو شخص خانہ کعبہ کا حج یا عمرہ کرے اس پر کچھ گناہ نہیں کہ دونوں کا طواف کرے۔(بلکہ طواف ایک قسم کا نیک کام ہے) اور جو کوئی نیک کام کرے تو خدا قدر شناس اور دانا ہے۔

اس آیت مبارکہ میں صفا اور مروہ کی سعی کا حکم دیا گیا ہے۔صفا اور مروہ کی سعی کرنا واجب ہے مستحب ہے اس بارے میں مختلف اقوال ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی رائے میں صفا اور مروہ کی سعی کرنا واجب ہے۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت عروہ رحمۃ اللہ علیہ نے دریافت کیا کہ اس آیت مبارکہ سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صفا و مروہ کے طواف نہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ؟حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا بھتیجے تم صحیح نہیں سمجھے اگر یہ بیان مدّ نظر ہوتا تو **أَنْ لاَ يَطَّوَّفَ بِهِمَا** کے الفاظ کہے جاتے۔اس آیت مبارکہ کا شان نزول یہ ہے کہ منات ایک بت تھا اسلام سے پہلے انصار اسے پوجتے تھے اور جو اس کے نام لبیک پکار لیتا وہ صفا و مروہ کے طواف کرنے میں حرج سمجھتا تھا۔اب بعد از اسلام ان لوگوں نے

---

(۱) سورۃ البقرۃ:۲/۱۵۸

حضور ﷺ سے صفا و مروہ کے طواف کرنے کے حرج کے بارے میں سوال کیا تو یہ آیت اتری کہ اس میں کوئی حرج نہیں لیکن اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے صفا و مروہ کا طواف کیا اس لئے مسنون ہو گیا اور کسی کو اس کے ترک کرنے کا جواز نہ رہا۔ (۱)

ابو طفیل، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ صفا و مرویٰ کی سعی سنت ہے اور آپ ﷺ نے صفا و مروہ کی سعی کی ہے۔ اور عاصم الاحول حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم صفا و مروہ کی سعی کرتے تھے کہ قرآن کریم کی یہ آیات نازل ہوئیں، اور صفا و مروہ کی سعی کرنا مستحب ہے۔ عطاء رحمۃ اللہ علیہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ صفا و مروہ کی سعی چاہے تو کرلے اور چاہے تو چھوڑ دے۔ اسی طرح عطاء رحمۃ اللہ علیہ اور مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ صفا و مروہ کی سعی کی چھوڑنے پر کوئی گناہ نہیں، جبکہ فقہاء امصار، احناف، امام ثوری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک صفا و مروہ کی سعی واجب ہے۔ (۲)

ب۔ ظاهرة الدلالة مجتمعة

قرآن کریم میں ایسی مختلف آیات ہیں جن سے انفرادی طور پر مستقل حکم ثابت نہیں ہوتا اور جب ان آیات کو جمع کیا جائے تو حکم ثابت ہوتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا احکام کے نزول کی شاہد تھیں اور آیات قرآنیہ سے احکام اخذ کرنے میں خصوصی مہارت رکھنے کی وجہ سے آپ رضی اللہ عنہا مختلف آیات کے شان نزول، اقتضاء کے پیش نظر متفرق آیات کو جمع کر کے احکام کا استنباط کرتی تھیں۔

جیسا کہ یتیمہ سے شادی کے حکم کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ وَ مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى النِّسَاءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَ تَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ وَ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ وَ مَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِه عَلِيمًا﴾ (۳)

ترجمہ: (اے پیغمبر ﷺ) لوگ تم سے (یتیم) عورتوں کے بارے میں فتویٰ طلب کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ خدا تم کو ان کے (ساتھ نکاح کرنے کے) معاملے میں اجازت دیتا ہے اور جو حکم اس کتاب میں پہلے دیا گیا

---

(۱) البخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، دار ابن کثیر، بیروت، ۱۹۸۷ء، کتاب التفسیر، باب قولہ إن الصفا والمروۃ من شعائر اللہ، حدیث: ۴۴۹۵، ۶/ ۲۳

(۲) الجصاص، أحمد بن علی أبو بکر، أحکام القرآن، دار الکتب العلمیۃ بیروت، لبنان، ۱۹۹۴ء، ۱/ ۱۱۶

(۳) سورۃ النساء: ۴/ ۱۲۷

ہے وہ ان یتیم عورتوں کے بارے میں ہے جن کو تم ان کا حق تو دیتے نہیں اور خواہش رکھتے ہو کہ ان کے ساتھ نکاح کر لو اور (نیز) بیچارے بیکس بچوں کے بارے میں۔ اور یہ (بھی حکم دیتا ہے) کہ یتیموں کے بارے میں انصاف پر قائم رہو۔ اور جو بھلائی تم کرو گے خدا اس کو جانتا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ان آیات کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اس سے مراد (یتیمہ کے ساتھ مہر اور ازدواجی معاملات میں انصاف کرنا ہے آپ رضی اللہ عنہا اپنے مؤقف کا استدلال قرآن کریم سے کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ حکم ہے:[1]

﴿وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِّنَ النِّسَاءِ﴾[2]

ترجمہ: اور اگر تم کو اس بات کا خوف ہو کہ یتیم لڑکیوں کے بارے انصاف نہ کر سکو گے تو ان کے سوا جو عورتیں تم کو پسند ان سے نکاح کر لو۔

اسی آیت مبارکہ کے بارے میں حضرت عروہ بن زبیر نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا تو انہوں نے کہا اے میرے بھانجے یہ آیت اس یتیم لڑکی کے متعلق ہے جو اپنے سرپرست کی نگرانی میں ہو اور اس کے مال میں شریک ہو، اس کا ولی اس کے مال اور خوبصورتی پر فریفتہ ہو کر چاہے کہ اس سے شادی کر لے لیکن مہر میں انصاف نہ کرے، اس طور پر کہ اس کو اتنا مہر نہ دے جتنا اس کو دوسرا دیتا، چنانچہ انہیں اس سے منع کیا گیا کہ ان یتیم لڑکیوں سے نکاح کریں مگر یہ کہ ان کے ساتھ انصاف کریں (تو ان کے ساتھ نکاح کر سکتے ہیں) اور ان کی شان کے مطابق انہیں مہر دیں اور انہیں حکم دیا گیا کہ ان عورتوں کے سوا جن سے چاہیں نکاح کریں۔[3]

درج بالا نصوص سے تصریح ہوتی ہے کہ زیر کفالت یتیم عورت سے نکاح کی صورت مرد پر مہر اور حقوق کی ادائیگی اسی طرح لازم ہے جیسا کہ عام عورت سے نکاح کی صورت میں لازم ہیں اور اگر یہ خدشہ ہو کہ یتیمہ سے نکاح کے بعد حقوق کی بجا آوری میں کوتاہی ہو گی تو پھر نکاح نہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

ج۔ ظاهرة الدلالة متفرقة

ایسی آیات جن الگ الگ مستقل حکم ثابت ہو تو آپ ایک ہی آیت پر اکتفاء نہیں کرتی تھیں بلکہ ہر آیت سے مستقل حکم اخذ کرتی تھیں۔

---

(۱) صحیح بخاری، کتاب التفسیر، باب سورۃ النساء، حدیث ۴۲۹۷، ۱۶۶۸/۴

(۲) سورۃ النساء: ۳/۴

(۳) صحیح بخاری، کتاب التفسیر، باب سورۃ النساء، حدیث ۴۲۹۸، ۱۶۶۸/۴

مثلاً حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا دو سال کے بعد حرمت رضاعت کی قائل تھیں، آپ رضی اللہ عنہا نے حرمت رضاعت کی آیت مبارکہ سے عمومی حکم اخذ کیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

﴿أُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ﴾(۱)

ترجمہ: تمہاری رضاعی والدہ اور تمہاری رضاعی بہنیں تم پر حرام ہیں۔

اس آیت مبارکہ میں رضاعی رشتوں کی حرمت کا مطلق حکم ہے۔ جب کہ مدّت رضاعت کے بارے میں ایک دوسری آیت مبارکہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

﴿وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ﴾(۲)

ترجمہ: اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال دودھ پلائیں یہ (حکم) اس شخص کے لئے ہے جو پوری مدت تک دودھ پلوانا چاہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حرمت رضاعت کے حکم کو مدّت رضاعت کے حکم سے خاص نہیں کیا۔ اور آپ رضی اللہ عنہا رضاعت کبیر اور تعدّد رضاعت کی قائل تھیں(۳) جیسا کہ درج ذیل روایت سے ثابت ہوتا ہے۔

نافع سے روایت ہے کہ ان کو سالم بن عبد اللہ نے خبر دی کہ انہیں (سالم بن عبد اللہ کو) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا زوجہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بہن حضرت ام کلثوم بنت ابی بکر کے پاس بھیجا کہ انہیں دودھ پلائیں۔ چنانچہ حضرت ام کلثوم نے ان کو تین بار دودھ پلایا، اس کے بعد وہ بیمار ہو گئیں اور مزید دودھ نہ پلانے کی وجہ سے میرا رضاعی رشتہ قائم نہیں ہوا اور اس لئے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس نہیں جا سکتا تھا۔ کیونکہ مجھے دس مرتبہ دودھ نہیں پلایا گیا۔(۴)

د۔ بظاہر متعارض آیات

قرآن کریم کی بظاہر متعارض آیات کا درست فہم، گہرے مطالعہ اور زیرک نظر کا متقاضی ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نزول احکام قرآن کی عینی شاہد تھیں اور آپ رضی اللہ عنہا نے معلم انسانیت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن مجید کے احکام کو سمجھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا قرآنی احکام کی باریکیوں، احکام کے شان نزول سے بخوبی آگاہ تھیں۔ حضرت

---

(۱) سورۃ النساء: ۴/ ۲۳

(۲) سورۃ البقرۃ: ۴/ ۲۳۳

(۳) سنن ترمذی، کتاب الرضاع، باب لا تحرم المصۃ ولا المصتان، حدیث ۱۱۵۰، ۳/ ۴۵۵

(۴) البیہقی، احمد بن حسین، سنن الکبری، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان، ۲۰۰۳ء، کتاب الرضاع، باب من قال لا یحرم من الرضاع، حدیث ۱۵۴۱۶، ۷/ ۷۵۲

عائشہ رضی اللہ عنہا کا عقیدہ یہ تھا کہ قرآن پاک ہر قسم کے تعارض سے پاک ہے اور بظاہر تعارض کی صورت میں آپ تطبیق کا طریقہ اختیار فرماتی تھیں۔

رؤیت باری تعالی سے متعلق آیات میں تعارض نظر آتا ہے ان آیات کی تفسیر میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا نقطہ ء نظر اس سلسلے میں مدلّل انداز تطبیق کی عمدہ مثال ہے۔

مسروق رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بیٹھا ہوا تھا پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اے ابا عائشہ (مسروق رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت) جو شخص یہ کہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے تو گویا اس نے اللہ کے بارے میں بہت بڑا جھوٹ بولا، مسروقؒ کہتے ہیں کہ میں سیدھا ہو کر بیٹھ گیا اور کہا کہ ام المؤمنین آپ رضی اللہ عنہا توقف کیجئے اور جلدی نہ کیجئے۔ کیا اللہ عزوجل نے قرآن میں یہ ارشاد نہیں فرمایا:

﴿ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴾ (۱)

ترجمہ: بے شک انہوں نے اس (فرشتے) کو (آسمان کے کھلے کنارے یعنی) مشرقی کنارے پر دیکھا ہے۔

﴿وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى﴾ (۲)

ترجمہ: اور انہوں نے اس کو ایک اور بار بھی دیکھا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اس امت میں سب سے پہلے میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان آیات کے بارے میں سوال کیا پس آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا بے شک وہ حضرت جبرائیل علیہ السلام تھے، اور میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو صرف دو مرتبہ اپنی اصل حالت میں دیکھا ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام آسمان سے زمین تک پھیلے ہوئے تھے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ کیا تم نے اللہ کا یہ فرمان نہیں سنا:

﴿لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ﴾ (۳)

ترجمہ: (وہ ایسا ہے کہ) نگاہیں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں اور وہ نگاہوں کا ادراک کر سکتا ہے۔ اور وہ بھید جاننے والا خبردار ہے۔

---

(۱) سورۃ التکویر: ۸۱/ ۲۳

(۲) سورۃ النجم: ۵۳/ ۱۳

(۳) سورۃ الانعام: ۶/ ۱۰۳

اسی طرح ایک دوسری جگہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَاۗئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِه مَا يَشَاۗءُ اِنَّه عَلِيٌّ حَكِيْمٌ﴾[۱]

ترجمہ: اور کسی آدمی کے لئے ممکن نہیں کہ خدا اس سے بات کرے مگر الہام (کے ذریعے) سے یا پردے کے پیچھے سے یا کوئی فرشتہ بھیج دے تو وہ خدا کے حکم سے جو خدا چاہے القا کرے بیشک وہ عالی رتبہ (اور) حکمت والا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے موقف کی تائید درج ذیل حدیث مبارکہ سے بھی ہوتی ہے۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ قال:لَوْ أَنَّ الْجِنَّ وَالإِنْسَ وَالشَّيَاطِينَ وَالْمَلائِكَةَ مُنْذُ خُلِقُوا إِلَى أَنْ فَنَوْا صَفُّوا صَفًّا وَاحِدًا مَا أَحَاطُوا بِاللَّهِ أَبَدًا))[۲]

ترجمہ: (وہ ایسا ہے کہ) نگاہیں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں اور وہ نگاہوں کا ادراک کر سکتا ہے۔ اور بے شک جن وانس، شیاطین اور فرشتے تمام مخلوقات جب سے پیدا کی گئیں ہیں یہاں تک کہ ایک ایک کر کے فنا ہو جائیں لیکن اللہ کا احاطہ کبھی نہیں کر سکتیں۔

رؤیت باری تعالیٰ کی درج بالا آیات مبارکہ عمومی نفی کر رہی ہیں[۳] اور ان سے استدلال حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی فقہی بصیرت پر دلیل ہے۔

ر۔ خفی الدلالۃ

خفی ایسا کلام جس کے معنی اور مراد کسی عارض کے سبب پوشیدہ ہوں اور بغیر سوچ اور تامّل کے سمجھ نہ آ سکیں خفی صیغہ کے اعتبار سے خفی نہیں ہوتا بلکہ کسی مانع کی وجہ سے اس کے معنی خفی ہوتے ہیں۔ قرآن کریم میں ایسی آیات مبارکہ ہیں جن سے ظاہرۃ الدلالۃ کی طرح احکام استنباط نہیں کئے جاتے کیونکہ ان آیات مبارکہ میں حکم کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔ خفی الدلالۃ آیات سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے درج ذیل دو طریقوں سے استنباط کیا۔

---

(۱) سورۃ الشوریٰ:۴۲/۵۱

(۲) ابن ابی حاتم، عبدالرحمن بن محمد بن ادریس بن المنذر، تفسیر القرآن العظیم، مکتبہ نزار مصطفی الباز، المملکت العربیۃ السعودیۃ، ۱۴۱۹ھ، ۴/۱۳۶۳، ۷۳۲۷

(۳) الرازی، محمد بن عمر، مفاتیح الغیب، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۰ھ، ۱/۹۹

ھ۔ تاویل

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا خفی الدلالۃ آیات میں مبارکہ میں تاویل کرتی تھیں جیسا کہ بیوہ کے لئے عدّت کا حکم ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿والَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ﴾(۱)

ترجمہ: اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور عورتیں چھوڑ جائیں تو عورتیں چار مہینے دس دن اپنے آپ کو روکے رہیں۔ اور جب (یہ) عدت پوری کر چکیں اور اپنے حق میں پسندیدہ کام (یعنی نکاح) کر لیں تو ان پر کچھ گناہ نہیں۔ اور خدا تمہارے سب کاموں سے واقف ہے۔

اس آیت مبارکہ میں بیوہ کی عدّت چار مہینے اور دس دن مقرر کی گئی ہے جب کہ عدّت گزارنے کے لئے مکان کا تعین نہیں کیا گیا اس سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تاویل کی ہے کہ بیوہ اپنے شوہر کے گھر یا کسی بھی دوسرے مقام پر عدّت کی مدت گزار سکتی ہے۔

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فتویٰ دیا کہ بیوہ عدّت کسی بھی مقام پر گزار سکتی ہے۔ اس فتویٰ پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا عمل بھی ہے آپؓ اپنی بہن ام کلثوم (جو ایام عدت تھیں) کے ہمراہ عمرہ کے لئے مکہ مکرمہ گئیں۔(۲)

و۔ تعلیل

تعلیل سے مراد احکام کی علّت بیان کرنا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ علّت کی بنیاد پر ایسے دوسرے واقعات پر اس حکم کا اطلاق کیا جائے۔ جیسا کہ ایلاء کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لِلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِنْ نِسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ﴾(۳)

ترجمہ: وہ لوگ جو اپنی عورتوں کے پاس جانے سے قسم کھالیں ان کو چار مہینے تک انتظار کرنا چاہیئے۔

---

(۱) سورۃ البقرۃ: ۲/ ۲۳۴

(۲) الصنعانی، عبد الرزاق بن ہمام، مصنف عبد الرزاق، المجلس العلمی - الھند، ۱۴۰۳ء، کتاب الطلاق، باب أین تعتد المتوفی عنھا، حدیث ۱۲۰۵۴، ۷/ ۲۹

(۳) سورۃ البقرۃ: ۲/ ۲۲۶

اس آیت مبارکہ میں ایلاء کی مدّت چار ماہ مقرر کی گئی ہے۔ ایلاء کی مدّت گزرنے پر طلاق واقع ہو گی یا نہیں اس بارے میں مختلف اقوال ہیں۔[1] حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی رائے یہ ہے کہ ایلاء کی مدّت پوری ہونے کے بعد طلاق واقع نہیں ہوتی بلکہ شوہر کو اختیار حاصل ہوتا ہے کہ وہ چاہے تو اپنی بیوی کو روک لے اور چاہے تو طلاق دے دے اور آپ نے اس حکم کی تعلیل اس آیت مبارکہ سے کی ہے[2]

﴿الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ﴾[3]

ترجمہ: طلاق (صرف) دوبار ہے (یعنی جب دو دفعہ طلاق دے دی جائے تو) پھر (عورتوں کو) یا تو بطریق شائستہ (نکاح میں) رہنے دینا یا بھلائی کے ساتھ چھوڑ دینا۔

ز۔ آیات سے عمومی حکم لینا اخذ کرنا

جب قرآن پاک کی آیات مبارکہ عمومی حکم پر دلالت کرے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ان آیات مبارکہ سے عمومی حکم اخذ کرتی تھیں۔

جیسا کہ اس آیت مبارکہ میں ارشاد باری تعالی ہے:

﴿يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحْصُوا الْعِدَّةَ وَاتَّقُوا اللَّهَ رَبَّكُمْ لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ﴾[4]

ترجمہ: اے پیغمبر (مسلمانوں سے کہہ دو کہ) جب تم عورتوں کو طلاق دینے لگو تو عدت کے شروع میں طلاق دو اور عدت کا شمار رکھو۔ اور خدا سے جو تمہارا پروردگار ہے ڈرو۔ (نہ تو تم ہی) ان کو (ایام عدت

---

(۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ جب چار مہینے گزر جائیں تو اسے قاضی کے سامنے پیش کیا جائے گا یہاں تک کہ وہ طلاق دے دے اور طلاق اس وقت تک نہیں ہوتی جب تک طلاق دی نہ جائے اور حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت ابو درداء اور حضرت عائشہ اور بارہ دوسرے صحابہ رضوان اللہ علیہم سے بھی ایسا منقول ہے۔ (صحیح البخاری کتاب الطلاق، باب قول اللہ تعالی {لِلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِنْ نِسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ) ایک جماعت یہ کہتی ہے کہ بلا جماع چار ماہ گزرنے کے طلاق ہو جائے گی حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت ابن مسعود، حضرت ابن عباس، حضرت ابن عمر، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہم اور تابعین سے بھی یہی مروی ہے تفصیل کے لئے دیکھیں تفسیر ابن کثیر، ۱/ ۹۴

(۲) سنن الکبری، کتاب الایلاء، باب من قال یوقف المولی بعد تربص اربعۃ اشہر فإن فاء وإلا طلق، حدیث: ۱۴۹۹۶، ۷/ ۳۷۸،

(۳) سورۃ البقرۃ: ۲/ ۲۲۹

(۴) سورۃ الطلاق: ۶۵/ ۱

میں) ان کے گھروں سے نکالو اور نہ وہ (خود ہی) نکلیں۔ ہاں اگر وہ صریح بے حیائی کریں (تو نکال دینا چاہیئے)۔

اس آیت مبارکہ سے مطلقہ کے لئے دوران عدّت سکنٰی (رہائش) کے وجوب کا حکم اخذ ہوتا ہے۔[۱]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے کہ مطلقہ ثلاثہ کے لئے رہائش، نان نفقہ کا حق حاصل ہے جب تک کہ عدّت کی مدت پوری نہ ہو جائے۔[۲]

ح۔ آیات کے مفہوم سے احکام کا استنباط

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو قرآن پاک کا گہرا ادراک اور فہم حاصل تھا اور آپ رضی اللہ عنہا قرآن کریم کی آیات میں غور وفکر فرماتی تھیں اور آیات کے الفاظ اور مفہوم سے احکام کا استنباط فرماتی تھیں جیسا کہ درج ذیل روایت سے واضح ہوتا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت بیان کی کہ میت پر اس کے گھر والوں کے رونے سے میت کو عذاب ہوتا ہے۔ یہ سن کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر اللہ کی رحمت ہو بخدا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ مومن (میت) کو اس کے گھر والوں کے رونے کی وجہ سے عذاب دیتا ہے بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ کافر (میت) کا عذاب اس کے گھر والوں کے رونے کی وجہ سے اور زیادہ کر دیتا ہے۔[۳] حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے قرآن پاک کی اس آیت مبارکہ سے استدلال کیا۔

﴿وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى﴾[۴]

ترجمہ: اور کوئی شخص کسی (کے گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔

۲۔ منسوخ آیات

نسخ کے معنی ازالہ کرنا ہے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے: بڑھاپے نے جوانی کو زائل کر دیا اور سورج نے سائے کو مٹا دیا۔ اسی طرح نسخ بدل کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ (یعنی ایک چیز کو دوسری چیز سے باطل قرار دینا)۔ نسخ بمعنی

---

(۱) احکام القرآن، ۵/ ۳۴۸

(۲) ابن ابی شیبہ، عبد اللہ بن محمد، المصنف فی الاحادیث والآثار، مکتبۃ الرشد، الریاض، کتاب الطلاق، حدیث: ۱۲۰۳۶، ۴/ ۵۵

(۳) صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم (یعذب المیت ببعض بکاء اھلہ علیہ) ۱: ۴۳۰

(۴) سورۃ الانعام: ۶/ ۱۶۴

رفع (اٹھالینا) بھی استعمال ہوتا ہے جیسے کہا جاتا ہے کہ ہوا نے پورا شہر مٹا دیا اور نسخ بمعنی نقل کی مثال اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے[1]۔

﴿ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾ [۲]

ترجمہ: جو کچھ تم کیا کرتے تھے ہم لکھواتے جاتے ہیں

نسخ کا جواز قرآن مجید کی درج ذیل آیات مبارکہ میں ہے:

﴿مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا اَوْ مِثْلِهَا ﴾ [۳]

ترجمہ: ہم جس آیت کو منسوخ کر دیتے یا اسے فراموش کرا دیتے ہیں تو اس سے بہتر یا ویسی ہی اور آیت بھیج دیتے ہیں۔

﴿وَاِذَا بَدَّلْنَا اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ﴾ [۴]

ترجمہ: اور جب ہم کوئی آیت کسی آیت کی جگہ بدل دیتے ہیں

ان آیات مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے نسخ کے ہونے کی خبر دی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ نزول قرآن کے دوران نسخ کا سلسلہ جاری رہا تھا۔ حضرت عائشہ کی منسوخ آیات کے بارے میں درج ذیل دو رائے ہیں:

ا۔ آیت کا حکم منسوخ ہے اور تلاوت باقی ہے

منسوخ آیات کے بارے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا رائے ہے کہ ان آیات کا حکم منسوخ ہے جبکہ تلاوت باقی ہے۔ اس کی مثال یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿يَاأَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا نِصْفَهُ أَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا ﴾ [۵]

ترجمہ: اے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) جو کپڑے میں لپٹ رہے ہو۔ رات کو قیام کیا کرو مگر تھوڑی سی رات۔ (قیام) آدھی رات (کیا کرو)

درج بالا آیت مبارکہ میں تہجد کی نماز کا حکم دیا گیا ہے جو کہ تہجد کی نماز کے فرض ہونے کی دلیل ہے۔ اس آیت کے حکم کو اسی سورت کی آیت نمبر بیس[۲۰] سے منسوخ کیا گیا ہے۔

---

(۱) ابن حزم، علی بن احمد، الناسخ والمنسوخ فی القرآن الکریم، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ۱۴۰۶ھ، ۱/۷

(۲) سورۃ الجاثیہ: ۴۵/۲۹

(۳) سورۃ البقرۃ: ۲/۱۰۶

(۴) سورۃ النحل: ۱۶/۱۰۱

(۵) سورۃ المزمل: ۷۳/۱-۳

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَى مِنْ ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِنَ الَّذِينَ مَعَكَ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ﴾ (۱)

ترجمہ: تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ تم اور تمہارے ساتھ کے لوگ (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات قیام کیا کرتے ہو۔ اور خدا تو رات اور دن کا اندازہ رکھتا ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اس سورت (المزمل) کے اول حصے میں قیام اللیل فرض ہوا اور سال بھر تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب تہجد کی نماز بطور فرضیت کے ادا کرتے رہے یہاں تک کہ قدموں پر ورم آ گیا، بارہ ماہ کے بعد اس سورت کے خاتمہ کی آیتیں اتری اللہ تعالیٰ نے آسانی کا معاملہ کر دیا فرضیت کا حکم منسوخ ہو گیا اور استحباب کا حکم باقی رکھا گیا۔ اور یہی موقف (اس آیت نے اس سے پہلے کے حکم رات کے قیام کو منسوخ کر دیا ہے - حضرت ابن عباسؓ، عکرمہؒ، حسنؒ، قتادہؒ اور سلف کا ہے۔ (۲)

ب۔ عدم نسخ

قرآن کریم کی بعض آیات ایسی ہیں جن کے بارے میں اسلاف کی رائے ہے کہ وہ منسوخ الحکم ہیں جبکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی رائے ہے کہ یہ آیات مبارکہ محکم ہیں اور ان آیات کا حکم باقی ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَ اِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَ قُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا﴾ (۳)

ترجمہ: اور جب میراث کی تقسیم کے وقت (غیر وارث) رشتہ دار اور یتیم اور محتاج آ جائیں تو ان کو بھی اس میں سے کچھ دے دیا کرو۔ اور شیریں کلامی سے پیش آیا کرو۔

اس آیت مبارکہ کے بارے میں بعض اصحاب کا قول ہے کہ اس آیت مبارکہ کا حکم منسوخ ہے۔ جب کہ حضرت عائشہ اس آیت مبارکہ کو محکم کہتی ہیں (۱)۔ حضرت ابن عباس اس آیت مبارکہ کے بارے میں فرمایا۔ یہ آیت محکم ہے منسوخ نہیں ہے (۲)۔

---

(۱) سورۃ المزمل: ۷۳/ ۲۰

(۲) ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، تفسیر القرآن العظیم، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، ۸/ ۲۶۴

(۳) سورۃ النساء: ۴/ ۸

خلاصۂ بحث

اس مقالہ سے حسب ذیل نتائج ثابت ہوتے ہیں:

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا عظیم فقیہہ ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ رضی اللہ عنہا کو زبردست قوت حافظہ، ذہانت اور دقیقہ رسی سے نوازا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ رضی اللہ عنہا کی صلاحیتوں کو اپنی تربیت سے مزید نکھار دیا اور ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے احکام شریعہ وحدیث کی ترویج واشاعت میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں ہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد قریباً نصف صدی تک ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے علمی خدمات سرانجام دیں۔ قرآن وسنت اور شریعہ احکام سیکھنے کے لئے لوگ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آتے تھے۔ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اکابر صحابہ فقہاء صحابہ کی طرح حدیث وفقہ، فتاوی، طب، انساب، اشعار کئی علوم میں مرجع کی حیثیت رکھتی تھیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم اپنے حجرے میں ہوتیں اور لوگ ان سے اپنے مسائل دریافت کرتے جبکہ دور دراز کے شہروں سے خطوط کے ذریعہ مسائل پوچھے جاتے۔

